

بعون صناع مکین و فضل خلاق زمین و زمان



شاہنامہ اردو

۱۹۲۵ء



مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں مرتبہ طبع ہوا

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

نہیں اور کچھ خواہش دل یہاں ولیکن تمنا ہے یہ ہر زمان
کہ منت کش غیر ہرگز نہ ہوں ترا ایک ممنون احسان رہوں
نہ درگاہ سے اپنی رکھنا مراد تو بر لا مراد اور کر مجھ کو شاد
جہاں میں نہ رکھ دل پریشان مجھے نہ کر فکر روزی سے حیران مجھے
شبستان دل کو مرے سربسر چراغ خرد سے منور تو کر
مجھے اپنے گنجینۂ فیض سے دُرِ دانش و گوہر عقل دے
مری طبع ہو نکتہ داں یا الٰہ معانی شناسی کی ہو دستگاہ
مجھے بخش اب دستگاہ سخن شتابی دکھا مجھ کو راہ سخن
مرے خامہ کو کر تو گوہر فشان زبان کو مری کر فصیح البیان
الٰہی مری اب دعا ہو قبول بحق محمدؐ طفیل بتولؑ

نعت سرور کائنات جناب رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسّلام

پر از مشک و عنبر نہو کیوں دہان ثنائے محمد ہے وردِ زبان
وہ ختم رسل سرورِ نامور فلک جسکے آگے جھکاتا ہے سر
سر سروران ہے وہ عالیجناب سپہر نبوت کا ہے آفتاب
جہاں جسکے دین سے ہے روشن تمام مہ انور اسکا ہے داغی غلام
سر سروران احمد مجتبیٰ رسول خدا سید انبیا
خردمند و دانشور بے نظیر بسان مہ و مہر روشن ضمیر
سحاب سخا و محیط کرم یم جود و خوش خلق و عالی ہمم
وہ مہر جہانتاب اوج جلال وہ سرو سرافراز باغ کمال
فروغ جہان نور ایمان دین وہ شمع شبستان عین الیقین
شفیع گناہان بروز جزا کشایندۂ عقدۂ مدعا
فرازندۂ رایت سروری درخشندہ خورشید پیغمبری
وہ ہے خاص خاصان پروردگار کہ جسنے کیا دین کو استوار
قدم اسنے معراج پر جب رکھا تو پایہ بڑھا اور معراج کا
سپہر برین جسکے ہے خوش نصیب ہوا جا وہ گردان خدا کا حبیب
میسر ہوا جب کہ قرب حضور نظر اسکو آیا وہ تابندہ نور
تجلی کہیں جسکو اہل یقین منور ہے جس سے زمان و زمین
بخشا اُسے پایۂ در رفیع ہوئے جسکے شاہان عالم مطیع
گرامی وہ اشرف ہے انسان میں غرض اسکی لولاک ہے شان میں
کروں اُسکے اصحاب کا اب بیان نہ طاقت قلم میں نہ تاب زبان
ابوبکرؓ و عثمانؓ والا گہر عمرؓ اور علیؓ وہ شہ نامور
کہے اب جو انصاف دہ کچھ بیان نہ طاقت قلم میں نہ تاب زبان
کروں میں سخن کو بس اب مختصر یہ ہے عرض میری کہ شام و سحر
معین اور یاور ہو یا مصطفیٰ مرے دل کے بر لاؤ تم مدعا
گنہگار ہوں میں بروز حساب مری کیجیو تم شفاعت شتاب
یہ منشی تمہارا ہے کمتر غلام کرم اسپہ اپنا رکھو صبح و شام
لکھے اے خامہ اب مدح شاہجہان شہنشاہ جمجاہ و صاحبقران

در تعریف ابو النصر محمد معین الدین محمد اکبر شاہ بادشاہ غازی

جہاندار اکبر شہ بے نظیر خداوند تاج و کلاہ و سریر
فروزندہ خورشید برج مہی گرامی دُرِ درج شاہنشہی
ہمایوں خصائل شہ نامور خجستہ شمائل فرشتہ سیر
جہانبان دین پرور حق پژوہ حقائق شنو شاہ والا شکوہ
محبت رکھے ہے وہ درویش سے مودت ہے اُسکو وفاکیش سے
ثنا در ہے دریائے عرفان کا دل اُسکا ہے مثل گہر پر صفا
حقیقت کروں علم کی کیا بیان نہیں اُسکے ہمسنگ کوہ گران
فزوں شفقت و خلق و ہمت بلند مروت میں یکتا شہ ارجمند
خدیو زمان شاہ عالی وقار شہ دادگر خسرو نامدار
جہان پرور و کام بخش جہان سر سرفرازان کس لیے کسان
در دولت شاہ عالم پناہ فقیر و غنی کا ہے اُمیدگاہ
بنے کام یاں ہر کسی کا شتاب یہاں آکے ہر کوئی ہو کامیاب
یہ وہ بارگہ ہے کہ اُمیدوار نہ محروم یاں سے گیا زینہار
سخاوت میں دیکھا تو بحر سحاب حضور اُسکے خجلت سے ہے غرق آب
کف جود سلطان والا گہر گہربار رہتا ہے شام و سحر
اگرچہ ہو فرمانبرو سے خطا کرے عفو از رحم لطف و عطا
جہان سرکشان ہوویں سجدہ کنان وہ ہے آستان خدیو زمان
جھکا یاں جو سر انکسار تو چرخ برین سے ہے بالا وقار



بسم اللہ الرحمن الرحیم

سر نامہ حمد خدائے کریم — کہ ہے کردگار و غفور و رحیم
کبھی دے فریدون کو وہ دستگاہ — کرے گاہ جمشید کو وہ تباہ
جن و دیو انسان و حور و پری — مہ و مہر اور زہرہ و مشتری
کیا اسنے پیدا یہ بالا و پست — زبردست دنیا مین اور زیر دست
عجب اسکی قدرت عجب شان ہے — عیان اسپہ سب راز پنہان ہے
بھرے دم حباب اسکا دریا مین ہان — رکھے موج ذکر اسکا ورد زبان
چمن مین کیا سرو کو سرفراز — بہار و خزان سے ہے وہ بے نیاز
خداوند کون و مکان ہے وہی — نگہدار خلق جہان ہے وہی
اگر وہ نہ یہ قوت و زور دے — تو پھر رستمی کوئی کیا کر سکے
توانا ہے وہ آپ اور زورمند — قوی ہے خداوند پست و بلند
گدا و شہ اسکے ہین فرمان پذیر — وہ سب کا ہے یاری دہ و دستگیر

بلندی دہ خسروان ہے وہی — شہی بخش شاہنشہان ہے وہی
کبھی ناتوانون کو بخشے وہ زور — سلیمان کو گاہے کرے مثل مور
کیے اسنے قدرت سے پیدا تمام — زمان بچھے ہوے سب ہویدا تمام
بلند اسنے چرخ برین کو کیا — فراخ اسنے کیسا زمین کو کیا
پرستار اسکا ہے ہر اک مدام — کرین ذکر اسکا سبھی خاص و عام
کیا اسنے آراستہ باغ دہر — عنایت سے اسکی ہے گل شاد دہر
جہاندار ہے پاک پروردگار — پرستار اسکے ہین سب تاجدار
دلیرون کو اسنے کیا ہے دلیر — کیا نرہ شیرون کو اسنے ہی شیر
گدا کو وہ چاہے تو دے خسروی — ضعیفون کو دم مین وہ کردے قوی
وہ بخشے جسے عزت و افتخار — تو ہے تاب کسکی کرے پھر جو خوار
تو اے منشی اسکی ہی کر التجا — کہ شاہ و گدا کا ہے حاجت روا
تضرع کنان اور مناجات خوان — تو درگاہ مین اسکی ہو ہر زبان

مناجات بدرگاہ حق سبحانہ وتعالے

ستم دیدہ دور افلاک ہون — مین افتادہ یارب سر خاک ہون
رکھے ہے یہ سرگشتہ شام و پگاہ — یہ پھرتا نہین بخت برگشتہ آہ
مجھے بند رنج و الم سے چھڑا — نگاہ کرم مجھپہ کر یا خدا
پلا مجھکو جام مئے آرزو — کھلا اب بہار گل آرزو
پرستندہ ہون اور سرافگندہ ہون — گنہ بخش میرے کہ مین بندہ ہون

ستائی ہے اب گردش روزگار — مجھے خوار رکھے ہے لیل و نہار
نہین ہے کوئی اور فریاد رس — تو ہی دادخواہونکا بس دادرس
ذرا کر تر و تازہ باغ مراد — مرا کر تو روشن چراغ مراد
گنہگار ہون اور عصیان شعار — ولے تو ہی غفار و آمرزگار
مجھے اپنے در سے سوا در بدر — دکھا مت تو اے داور دادگر

سیامک ہوا رزمگہ میں ہلاک / ملا جسم اُسکا تہ خون و خاک
یکایک جو لشکر نے کھائی شکست / سیہ پرین نے کیا اُسکو پست
حضور کیومرث آئے دوان / ہوا شاہ غمگین و گریہ کنان
سیامک کا اک سال ماتم رکھا / دل و جان کو اپنے پر غم رکھا
سنی بعد اسکے اک آواز غیب / ہوا شاہ کو یون عیان از غیب
کہ بس اب صبوری کو کر اختیار / زیادہ نہ ہو نوحہ گر زینہار
ذرا رکھ تو دل کو قرین خوشی / کہ اب جا کے دیو و نیہ لشکر کشی
مظفر تو ہوگا بفضل اِلٰہ / دلیرانہ دیوون سے ہو کینہ خواہ
زمین دیو ناپاک سے پاک کر / رخ دیو سرکش تہ خاک کر
کیومرث نے جب سنی یہ ندا / تو ہو شاد ماتم کدہ سے اُٹھا
کیا اپنی آراستہ فوج کو / ہوا ساتھ دیوونکے پھر جنگجو
سیامک کا اک پور ہوشنگ تھا / کہ سر تا بپا ہوش و فرہنگ تھا
دلیر و ہنرمند و اہل تمیز / کیومرث کو جان و دل سے عزیز
کیا شاہ نے اُسکو سردار فوج / روانہ ہوا پھر وہ مانند موج
درند اور چرند اور ہر جانور / سدا تھے مطیع شہ نامور
کیومرث کے ساتھ سب دام و دد / روانہ ہوے وان سے بہر مدد
جو پہونچا وہ لشکر تو یہ دیو بھی / ہوا آکے شہ کے مقابل تبھی
پئے رزم شاہنشہ نامدار / وہ لایا بہت لشکر دیو سار
ہوا گرم بازار رزم و ستیز / ہوئی ایک برپا وہان رستخیز
زبس گرم کین پھر دلاور ہوا / تو مغلوب دیوون کا لشکر ہوا
ہوے دیو عاجز ز دد و دام سے / خفا زندگی کے ہوئے نام سے
ہزارون ہوئے کشتہ و خستہ بس / رہی جنگ کی پھر نہ جی مین ہوس
کیومرث کے ہاتھ سے دیو سار / ہوئے کشتہ خنجر آبدار
غرض دیو اور بچہ دیو بھی / ہوے قتل اور اُسکا لشکر سبھی
کیومرث کی فتح شامل ہوئی / تمنائے دل اُسکی حاصل ہوئی
کیومرث شاہ خجستہ خصال / جہان مین رہا حکمران تیس سال

احوال سلطنت ہوشنگ

بفرخندہ فالی ہوا بعد ازان / وہ ہوشنگ فرمانروائے جہان
ہوا جبکہ ہوشنگ فیروز بخت / بصد فرخی مالک تاج و تخت
جہان پروری اُسنے کی اختیار / کیا عدل و انصاف لیل و نہار
جہان داد سے اُسکی آباد تھا / نہ تھا نام غم کا ہر اک شاد تھا
کیا اور یہ کام فرہنگ سے / کہ آتش نمودار کی سنگ سے
جب آیا یہی نور پیش نظر / تو شاہ جہاندار فرخ سیر
سپاس خداوند لایا بجا / یہ ارشاد تاکید سے پھر کیا
کہ آتش ہے نور الٰہی تمام / کرے خلق آتش پرستی تمام
جہاندار نے پھر بآئین نیک / کیا جشن شاہانہ ترتیب ایک
سوئے شہر لایا وہین آب جو / بآئین دلچسپ و طرز نکو
بجز میوہ و غیر برگ شجر / نہ پوشاک تھی نے خورش بیشتر
نشان اُسنے دی رسم نان طعام / دل مردمان کو کیا شاد کام
سمور اور سنجاب اور پوستین / کیئے اُسنے پیدا بروئے زمین
جہان مین یہ آہنگری کا ہنر / کیا اُسنے ظاہر نہ تھا پیشتر
چہل سال بادادِ دانش رہا / جہاندار ہوشنگ فرمانروا

در بیان احوال سلطنت طہمورث

جو عمر اُسکی آخر ہوئی بعد ازان / ہوا شاہ طہمورث شاہ جہان
وہ طہمورث شاہنشہ ارجمند / جسے خلق عالم کہے دیو بند
رعیت نواز اور تھا دادگر / نہ تھا کام جز داد شام و سحر
تمنائے خاطر تھی بہبود خلق / مراد دل بادشہ سود خلق
جو تھے عہد مین اُسکے وحشیان / یہ اُن سے لگا کہنے شاہ جہان
کہ تدبیر ایسی کرے کوئی اب / کہ ہو منفعت خلق کو روز و شب
پھر آغاز دان پشم بافی ہوئی / کہ پوشاک مردم کو کافی ہوئی
سیہ گوش اور یوز و شاہین باز / بعہد شہنشاہ گردن فراز
ہوے سب گرفتار دام آنکر / وہ سیکھے شکار افگنی سر بسر
شہ خلق پرور کا تھا اک وزیر / خرد مند و دانا و روشن ضمیر
وہ قید ایکدن کرکے اک دیو کو / لے آیا حضور شہ نامجو
وہین دیو غیرت مین آئے تمام / کیا عزم رزم شہ نیک نام
فراہم ہوئے وہ پئے جنگ شاہ / اُدھر سے ہوا شاہ بھی کینہ خواہ
جو سرکردہ دیو نکی تھا فوج کا / سو تھا دیو سرکش کا غو نام تھا
صف آرا اُدھر سے وہ خونخوار دیو / ادھر سے دلیران گیہان خدیو

نہ یہ رتبہ شمس ہوتا کبھی	اٹھاتا نہ گر اس کی سورج کبھی	کواکب ہین سب اس سخن کے گواہ	کہ مشعلچی اسکا ہی رخشندہ ماہ
عطارد ہی منشی جہاندار کا	سیاہی ہی مریخ سرکار کا	جو یان مشتری گرم طاعت ہوئی	تو اسکو میسر سعادت ہوئی
نہ کیونکر ہو زہرہ کا یان فخر و شان	کہ ہی نغمہ سنجان کا جا کر یہان	زحل نے اطاعت جو کی اختیار	تو پایا فلک پر بڑا اعتبار
بطلعت شہنشاہ عالیجناب	فقط داستان ہی نہین کامیاب	جو دشمن بھی ہو آن کر عذر خواہ	کرے ہی احسان شہ دین پناہ
شہنشہ کے اوصاف ہین بیشمار	نہین تاب کلک زبان زینہار	کرے جو بیان وصف شاہ زمن	دعا پر ہی ناچار ختم سخن
یہ منشی کی ہی آرزو ہر زمان	یہی ہی دعا اسکے ورد زبان	کہ یارب شہنشاہ شادان رہے	ترا لطف دائم نگہبان رہے
رہے اسکی شمشیر کشورستان	یہ خاک و خون ہو سر دشمنان	جہاندار اکبر یہ نیر فرے بخت	ہمیشہ جہانگیر ہو با تاج و تخت

سبب تالیف کتاب

عزیزان معنی شناس ایک روز			کہ تھا مثل نوروز بہجت فروز
بہم محفل آرا تھے ہنگام شب	مہیا تھے سامان عیش و طرب	وہ مجلس تھی رشک بہار چمن	ہر اک لحظہ تھا ذکر شعر و سخن
تواریخ کا بھی جو مذکور تھا	تو پھر ہر کسی نے بیان یون کیا	کہی شاہنامہ تماشہ کتاب	عجب نظم دلکش ہی باآب و تاب
ولے ہر کسی کو میسر نہین	یہ تاریخ فرخ نہین ہر کہین	توکل کہ مرد سخن سنج تھا	کیا ترجمہ اسنے شہنامہ کا
لکھا نثر مین نسخۂ مختصر	کہ احوال معلوم ہون سر بسر	بہ شمشیر خانی وہ موسوم ہے	تمام اسمین احوال مرقوم ہے
یہ سن کر برادر مرے مہربان	سخن فہم و دانشور و نکتہ دان	کہ زور آور انکا جہانگیر نام	بخلوت پسندیدہ مشہور عام
یہ بولے کہ اے منشی اس نامہ کو	تم اب ریختی کی زبان مین لکھو	کرو نظم ترتیب باآب و تاب	بنام شہنشاہ گردون جناب
وہ سلطان کہ ہی تاج شاہنشہان	وہ خاقان کہ ہی خسرو خسروان	چراغ شبستان سلطان پسر	جہاندار و بخشندۂ لعل و زر
خدا نے جسے شاہ اکبر کیا	خداداد اورنگ و افسر کیا	شناسای سخن جب تو باصد طرب	وہین کر کے شمشیر خانی طلب
ہوا مین دل و جان سے مصروف کار	لکھی نظم یہ دلکش و آبدار	بجز فکر اشعار شام و سحر	یہ تھی مجھکو زنہار فکر دگر
معانی شناسان فرخ نہاد	سخن آشنایان بادین و داد	ہوئے سن کے اس نظم کو شادکام	رہ منصفی سے یہ بولے تمام
کہ واللہ یہ نامۂ دلپذیر	بہت خوب ہی بلکہ ہی بے نظیر	بجا ہی جو ہون اسپہ گوہر نثار	کہ ہی یہ بنام شہ نامدار
مرتب یہ شہنامہ جب ہو چکا	کیا فکر تب سال تاریخ کا	تو پھر ہاتف غیب نے صبحدم	کہا۔ قصۂ خسروان عجم

نخستین ذکر سلطنت کیومرث و جنگ با لشکر دیو سار

سخن گو ہے روشن دل و ہوشمند	یہ کہتا ہے زیر سپہر بلند	ہوا پہلے جو کوئی کشور کشا	شہ دادگستر کیومرث تھا
سدا کوہ مین تھا وہ مسکن گزین	بجز چرم پوشاک تھی کچھ نہین	سیامک تھا اس شاہ کا اک پسر	خردمند مثل پدر نامور
کیومرث کا دشمن اک دیو تھا	ارادہ اسے اس سے تھا جنگ کا	غرض بچہ اس دیو کا ایکبار	پدر سے لگا کہنے ای نامدار
یہ ہی عرض میری کہ جو حکم ہو	تو جاؤن کیومرث کی جنگ کو	سنا اسنے جب یہ بیان پسر	تو دیوونکی فوج اسکے ہمراہ کر
کیا اسکو دو ہین روان سوے شاہ	کہ تا ہو کیومرث سے کینہ خواہ	سیامک نے جسدم سنی یہ خبر	کیا عرض جاکر حضور پدر
کہ اب حکم کا ہون مین امیدوار	جو ہو حکم جاؤن پئے کارزار	کیومرث نے اسکو رخصت کیا	بہت اسکے ہمراہ لشکر کیا
جو وہ بادشہزادۂ جنگجو	ہوا بچۂ دیو کے روبرو	تو پھر ہاتھ سے بچۂ دیو کے	نہ ہرگز ہوئی بس ہائی اسکے

وہ حمام اور قصر و ایوان و کاخ
بنائے گزین بلند و فراخ
بہت دلکشا اور بہت استوار
سراپا لطافت سراپا بہار
اور اس تخت پر بیٹھتا تھا مدام
رہے تھا سدا خرم و شادکام
غرض دیو نکے دوش پر رکھکے تخت
جہان چاہتا جا وہ شہ نیکبخت
شہنشہ نے کشتی بھی تیار کی
محیط جہانمین یہ پہلے نہ تھی
جب آتا یہ نوروز عشرت قرین
تب اک جشن ترتیب کرتا وہین
جن و انس و دیو و پری کو تمام
گہر بخشتا خسرو نیک نام
رہی خلق آسودہ و بے خطر
بہت خرم و شاد شام و سحر
نہ تھا کوئی رنجور اُس دہر مین
رہی مرگ بھی دور اُس دہر مین
تو شہ سے ہوئی دور دانش و فر
ہو شاہ کے دلمین پیدا غرور
تو آیا یہ دلمین جمشید کے
کہ ہمسر ہو نمین ماہ و خورشید کے
اکابر جو تھے اُسکو کر کے طلب
یہ جمشید لایا زبان پر کہ اب
خداوند اورنگ و افسر ہو نمین
جہاندار و بخشندۂ زر ہون مین
خور و خواب و آرام اہل جہان
یہ جمعیت خاطر مردمان
جہانمین ہو مجھ سے پیدا ہنر
نہین کوئی مجھ سا شہ نامور
کہ بس تو ہی بخشندہ و دادگر
نہین اور تجھ سا کوئی تاجور
ہوا جب یہ کہنا اس سے بس جہان بخت
نصیبوں سے اُسکے گیا تاج و تخت
وہ فرمانبران شہ نامدار
کنارہ لگے کرنے بے اختیار
شہنشہ کے دلمین یہ آیا ہراس
وہین اُڑ گئے اُسکے ہوش و حواس
لگی دولت اس شہ سے منھ پھیرنے
لگی اُسکو بے دولتی گھیرنے
گرفتار قہر الٰہی ہوا
جدا شاہ سے تخت شاہی ہوا

بنائے گچ و خشت و در سنگ سے
طرحدار و دلچسپ ہر رنگ سے
پھر اک تخت شہ نے مرتب کیا
بیاقوت و گوہر مزین کیا
کبھی حکم کرتا وہ یون دیو کو
بروے ہوا تخت کو لے چلو
ہو پہنچتا وہان ایکدم مین بشوق
تھا دل مین اندیشۂ تخت و فوق
سر سال کا ہی جو نوروز نام
سو اُسکا ہی موجد شہ ذوالکرام
مہیا مے و نغمہ ہوتا وہان
غرض عیش کرتا وہ شاہ جہان
بعیش و طرب ہفت صد سال تک
رہا حکمران شاہ زیر فلک
نہ بے شغل کوئی نہ بیکار تھا
کوئی دردمند اور نہ بیمار تھا
جو گذرے برس سات سو اسطرح
کیا ہو بیان مین نے یان جسطرح
یکایک جو اپنی طرف کی نظر
کہ جاہ و حشم ہو مرا اس قدر
بجاہ و حشم زیر چرخ برین
برابر کوئی اپنے دیکھا نہین
بتاؤ کہ دنیا مین ہی کوئی شاہ
کہ جسکا برابر مرے ہو دے جاہ
جہان کو کیا مین نے آراستہ
جہان سے ہوا رنج برخاستہ
نشاط و خوشی نغمہ و جام مے
مرے ہی سبب سے ہی ہر ایک شے
سنا جبکہ جمشید سے یہ سخن
لگے کہنے دانشوران زمن
وے نے دلمین سمجھے یہ یزدان شناس
کہ جمشید حق سے ہوا ناسپاس
کوئی دنکو دیکھے ہی یہ روز بد
ہوئی فرد فرماندہی اسکی رد
خفا ہو کے شہ سے وہ یکبار سب
غرض اُٹھ گئے وان سے سردار سب
یقین ہو گیا یہ کہ یزدان پاک
مقرر ہوا مجھ سے اب خشمناک
جہاندار جمشید انجام کار
ہوا بس تباہ اور پریشان و خوار
بالغرض ضحاک مین بخت جم
ہوا جائے ضحاک پھر تخت جم
لکھوں آگے ضحاک کی داستان
کروں اُسکی اب سلطنت کا بیان

احوال سلطنت ضحاک تازی

سپہدار مرتاض تازی بنام
شہ کامران خسرو ذوالکرام
ہزاردن بز و اشتر و گاو میش
رکھے تھا سپہدار فرخندہ کیش
پسر ایک تھا اُسکا ضحاک نام
جوان دلیر و بلند احتشام
حضور اُسکے ابلیس رہتا تھا گو
ہوا حاضر اک دن بشکل نکو
وے تھا فریب اُسمین یکسر بھرا
صدع سے سخن کوئی خالی نہ تھا
لگا کہنے ابلیس سے اور بھی
بیان کر لطیفہ بہ لطف و خوشی
و لیکن مین کہتا ہون اس شرط سے
کہ گر عہد اور قول دے تو مجھے

کہ تھا تازیان مین وہ فرمانروا
رعیت نوازی مین مشغول تھا
شب و روز ان چارپایون کا شیر
غریبون کو دیتا شہ بے نظیر
رکھے سب تازی تھا وہ بہزار
بڑا جاہ تھا اور بڑا اقتدار
گذارش کئی نقلیں کہین آن کر
کہ عجب اور نغز تھین سر بسر
معرا تھا ضحاک جو عقل سے
ہوا خرم و شاد اس نقل سے
وہ بولا کہ اے شاہ فرخ نہاد
سخن خوب تر ایسے مین مجکو یاد
کہ جو کچھ کہون مین کرے تو وہی
کسی سے نہ یہ راز کھولے کبھی

سہم جنگ جو ہر دو لشکر ہوئے ہزاروں جدا تن سے واں سر ہوئے
وہ غوشاہ کے جب مقابل ہوا تو غو کا شہنشاہ قاتل ہوا
بیک گرز توڑا سر کینہ خواہ دکھائی عدم کی وہیں اُسکو راہ
رہے زندہ میدان میں جو دیو اُنھیں قید کر لے گیا وہ خدیو
پھر اُس رزمگہ سے جو ہو فتحیاب کیا حکم تب شاہ نے یوں شتاب
کرو قتل دیوونکو یکدست اب لگے کہنے دیوان خونخوار تب
اگر ہووے جان بخشی اے تاجور تو سکھلا دیں ہم ایک طرفہ ہنر
پذیرا کیا شہ نے یہ التماس وہ لائے دوات و قلم شہ کے پاس
شہنشہ کو لکھنا سکھایا وہیں وہ حرفوں کا پڑھنا بتایا وہیں
شہنشہ نے سی سال کی داوری رہے اُسکے محکوم دیو و پری

بیان احوال سلطنت جمشید

پسر تھا جو جمشید طہمورث کا ہوا بعد اُسکے وہ فرمانروا
جہاندار جمشید عالی وقار خرد مند دانشور و ہوشیار
خداوند اورنگ شاہنشہی سپہ دار اقلیم فرمان دہی
دلیر و قوی زور و آفاق گیر ہر اک شاہ تھا اُسکا فرمان پذیر
شجاعت بہت خوب ہمت بلند اور اقبال و دولت سے تھا ارجمند
بیان سے فزوں اُسکا جاہ و حشم سدا خلق پر اُسکا لطف و کرم
ہنرمند و آگہ دل و ذوفنون فراست میں ہر چیز کا رہنموں
فن پارچہ بافی و دستکار کیا شاہ جمشید نے آشکار
قز و خز و دیبا و ریشم کتان زرہ جوشن و تیغ و برگستوان
ہوا عہد میں اُسکے پیدا یہ سب ہوئے اس جہاں میں ہویدا یہ سب
زراعت کے قابل میں تھی جہاں سوا اُسکے جن جا تھا آب رواں
کیا شہ نے مردم کو مسکن گزیں ہوا ہر کوئی ہر مکاں میں مکیں
سزاوار ہر شخص کے ہر مکاں دیا اور کیا حکم یہ بعد ازاں
کہ اب اس مکاں میں زراعت کرو نہ لے شغل و بیکار ہرگز رہو
یہ دیونکو ارشاد پھر واں کیا کہ تم طرز و نقشہ مکانات کا
سکھاویں یہاں مردماں کو تمام کہ کرنے لگیں سب عمارت کا کام
ہوا جبکہ حکم شہ نامدار ہوئے دیو تب وہیں مشغول کار



ہوا سن کے ضحاک اندوہگین ... لگا کرنے فریاد و زاری میں
کسی طرح سے چارہ سازی تو کر ... شتابی سے عاجز نوازی تو کر
نہیں اس سے چارہ کوئی اور نغز ... کہ سانپوں کو دے آدمی کا تو مغز
بتایا جو ابلیس نے یہ علاج ... لگا کرنے دائم خداوند تاج
یہ کہنے لگا پھر زروئے نیاز ... کہ ای مرد فرزانہ و چارہ ساز
کیا شاہ نے جب بہت انکسار ... تو بولا وہ پھر یوں کہ ای تاجدار
تری جان کو پھر نہ پہونچے گزند ... رہے پھر تو تو سعد ارجمند

آمدن سلطنت ایران بدست ضحاک و آوارہ شدن جمشید و رسیدن تنہا در شہر زابلستان بلباس دیگر و شناختن او را دختر والی زابلستان و عقد بستن او

یہ ہر ملک کشور میں پہونچی خبر ... کہ ضحاک شاہنشہ تاجور
لکھے ہر دو مارسیہ اپنے پاس ... جسے دیکھو اڑتے ہیں ہوش و حواس
بزرگان ایران نہ جمشید سے ... ہوئے منحرف تھے سو وہ آن کے
بیان کرکے احوال ایران تمام ... کیا عرض یوں ای شہ ذوالکرام
یہ سنکر دہن لشکر بیکران ... کیا شاہ نے ساتھ انکے رواں
شکست اسنے پائی بہنگام جنگ ... گریزان ہوا شاہ جم بیدرنگ
وہاں کوئی بھی پھر نہ ہمراہ جم ... کسی سمت تنہا گیا شاہ جم
گئے لوگ ضحاک کنے پھر رواں ... کہا یوں شہ جم کو پاؤ جہاں
کروں پھر ہر اک کا میں رتبہ فزوں ... زر و گوہر و لعل انعام دوں
کہ لاوے اسے جو گرفتار کر ... رضامند میں اس سے ہوں بیشتر
ستمدیدۂ چرخ پرفتنہ جم ... شب و روز با خاطر پر الم
ہر اک سے چھپاتا تھا وہ آپ کو ... نہ ہرگز جتاتا تھا وہ آپ کو
غرض رفتہ رفتہ بصد رنج و غم ... گیا زابلستان میں وہ شاہ جم
منہ مہر سے حسن میں خوب تھی ... دل آرام و دلدار و محبوب تھی
وہ ابرو تھے یا تیغ بران تھے ... وہ مژگان تھے بلکہ پیکان تھے
وہ قامت کہوں یا قیامت کہوں ... قیامت سے بالا وہ قامت کہوں
لبوں سے جو کچھ اسکے ہو آشکار ... دم عیسوی سے نہ ہو زینہار
سوا خوبی و حسن کے وہ صنم ... نہ مردوں سے تھی کچھ شجاعت میں کم
جو درپیش آجاتی تھی کوئی جنگ ... تو بیخوف و اندیشہ بیدرنگ
برس پندرہ کی تھی وہ دلستان ... خردمند دانشور و نکتہ دان
اسی سال میں جو منوچہر شاہ ... اسے زابلستان لایا سپاہ
دلیر و ہنرمند صاحب کمال ... جہان میں تھی وہ در بے مثال
ہوئے باپ اسکے انکار تھا ... کسی کو نہ دیتا وہ زنہار تھا

یہ ہیبت ہوئی شاہ کی دہر میں ... کہ ڈرنے لگے لوگ ہر شہر میں
ہوئے پیش ضحاک حاضر سبھی ... کمر چست باندھی پئے بندگی
اگر فوج سرکار جاوے ادھر ... تو ہاتھ آوے وہ ملک بھی دیگر
وہ جمشید بھی آ مقابل ہوا ... نہ وے کام دل کچھ نہ حاصل ہوا
جو اقبال و تخت برہم ہوا ... تو جم اور کل لشکر جم ہوا
ہوا شاہ ضحاک ایران کا شاہ ... ہوا وہ نصیب اسکے تاج و کلاہ
اسے قید کرکے یہاں لاؤ تم ... تفحص کنان ہر طرف جاؤ تم
ہر اک سمت کے پھر طرفدار کو ... گیا دہر میں حکم شہ نامجو
بڑا رتبہ اسکا ہو میرے حضور ... غم و فکر دنیا رہے دل سے دور
سوے وادی و کوہ آوارہ تھا ... نہایت غریب اور بیچارہ تھا
پس از مردم سے پوشیدہ تھا ... کہ آفت رسیدہ و غم دیدہ تھا
سپہدار اورنگ زابل کا شاہ ... رکھے ایک تھا دختر رشک ماہ
وہ زلف دوتا اسکی دام بلا ... گرفتار جسکا نہ ہووے بلا
کئے سیکڑوں اک نگہ سے ہلاک ... ہزاروں ملاتے تہ خون خاک
کہوں کیا کہ رفتار نے کیا کیا ... کہ ہر گام پر فتنہ برپا کیا
وہ چشم اسکی خونریز مردم مدام ... ہوئی جس سے ترکوں کی ترکی تمام
فن پہلوانی کے تھے اسکو یاد ... وہ تھی پہلوانی میں بھی استاد
پہنتی تھی پوشاک مردانہ وہ ... پئے رزم جاتی دلیرانہ وہ
جوان تھی ولیکن یہ تدبیر پیر ... شعور و فراست میں تھی بے نظیر
تو تدبیر سے اسکی بدخواہ پر ... شہ زابلستان نے پائی ظفر
بہت اسکے شاہان طلبگار تھے ... بہ نقد دل و جان خریدار تھے
یہ بس عہد واثق تھا باہم گر ... کہ وہ ماہ پیکر جسے دیکھکر

قسم کھاکے ضحاک نے تب شتاب
ہوا جبکہ آپس مین عہد استوار
کہ تو ہی جوان اور ترا باپ پیر
یہ گفتار تو ناپسندیدہ ہے
کہی شاہزادے نے یہ بات جب
رہے تیری گردن پہ سوگند بند
یہ پوچھا کہ کس طرح کیجے ہلاک
کنوان ایک اس شاہ کی راہ مین
وہ شہ اس مکانین بہ وسط طرب
کیا اسکو خس پوش پھر سر بسر
گئے ٹوٹ اسکے سر و دست و پا
پھر ابلیس بدذات نے یون کہا
مری دانش و عقل و تدبیر پر
سراسر جہان کی تجھے خوبیان
نوازش بہت اسپہ مصروف کی
خورش خانۂ خسرو نامور
وہ طیار کر پیش فرمان روا
ہوا کھاکے اسکو بہت شادکام
کہا ای قدردان شاہ فرخ سیر
بصد لطف کبک و تدرو سفید
زروئے عنایت کھایون کہ اب
مری آرزو ہی یہ شام و پگاہ
برآوے مرا مدعا کیا عجب
نوازش سے تجکو کرون ارجمند
جو کتف اپنے شہ نے برہنہ کیے
یہ کردار بد کرکے وان آشکار
کیا چارہ دانشوروں سے طلب
پھر اتنے مین ابلیس پیدا ہوا
ہوا وہ لکھا جو نصیبون مین تھا

دیا اسکی گفتار کا یہ جواب
یہ ابلیس بولا کہ اے نامدار
یہ تجکو ہی زیبندہ تاج و سریر
نہ میزان دانش مین سنجیدہ ہی
یہ بولا وہ ابلیس ناپاک تب
تو ہو خوار اور تجکو پہونچے گزند
تباکوئی تدبیر بےخوف و باک
کرون کندہ تا وہ گرے چاہ مین
عبادت کو جاتا تھا ہنگام شب
شہ نامور کو نہ تھی کچھ خبر
ہوا قید ہستی سے دم مین رہا
کہ صد شکر اے شاہ کشورکشا
عمل تو کری ہر شب و روز اگر
میسر ہون ای بادشاہ جہان
کلید خورش خانہ پھر اسکو دی
ملا جبکہ اسکو تو شام و سحر
کبھی مرغ لاتا کبھی چارپا
کہ تھا خوشتر و نغز نیکو طعام
خورش لاؤنگا اس سے کل نغزتر
پکا لے گیا بادل پرامید
جو کچھ چاہیے مجھ سے کر تو طلب
کہ دون ایک بوسہ سر کتف شاہ
مجھے کامیابی ہو با صد طرب
کہ ہو نام تیرا جہانمین بلند
تو شیطان نے اپنے لبوں سے دیے
نظر سے وہ غائب ہوا نابکار
لگے کرنے تدبیر و تجویز سب
بشکل طبیبان ہو پیدا ہوا
نہین دفع ہوگی یہ ہرگز بلا

یہ مذکور کیا جو ترے راز کو
جو مرتاض تازی ہی تیرا پدر
یہ سنکر ہوا دل کو اک اسکے درد
رہ دین و دانش سے جو دور ہے
گر اس کام سے تو کری درگذر
نہ خون پدر اسکو منظور تھا
لگا کہنے پھر وہ کہ اے نامدار
مکان ایک بیرون دولتسرا
ستمگار ناپاک نے ایک چاہ
گیا جب ادھر کو تو بس راہ مین
وہ ضحاک بےرحم و بیدادگر
ہوا میری تدبیر سے اب تو شاہ
تو ہو بادشہ ہفت اقلیم کا
یہ سن کر ہوا شاد ضحاک شاہ
خوراک اور جز میوہ و نان ان
پکانے لگا نغز و خوشتر طعام
پکا ایک دن بیضۂ مرغ وان
زروئے طرب شہ نے کی آفرین
غرض دوسرے روز پھر شاد شاد
وہ ضحاک نے جبکہ کھایا طعام
کیا عرض ابلیس نے پھر شتاب
یہ رتبہ نہین گرچہ میرا و لے
یہ ضحاک بولا کہ ای نیک خو
یہ کہکر دیے کھول کتف اپنے بس
دیے جبکہ بوسے سر کتف شاہ
جہاندار ضحاک حیران ہوا
پر اس درد کا کچھ نہ پایا علاج
وہ آکر حضور شہ نامدار
تری زندگی اب تو دشوار ہے

کرون ظاہری مرد فرخندہ خو
تو اسکو شتابی کہین قتل کر
لگا کہنے اس سے کہ ای نیک مرد
وہ بیداد کب مجکو منظور ہے
پھرے عہد سے اپنے اور نامور
ولیکن وہ ناچار و مجبور تھا
یہ کچھ کام مشکل نہین زینہار
شہ نامور نے کیا تھا بنا
کیا کندہ وہ وہین سر راہ شاہ
گرا شاہ آزاد اس چاہ مین
سر تخت بیٹھا بجائے پدر
مبارک تجھے تخت و تاج و کلاہ
خداوند ہو تخت و دیہیم کا
تملق لگا کرنے شام و پگاہ
نہ تھی ان دنون بہر اہل جہان
مزیدار خوش ذائقہ ہر طعام
خورش کہ وہ لایا تو شاہ جہان
یہ سن کر کیا عرض اس نے وہین
حضور جہاندار فرخ نہاد
نہایت ہوا خرم و شادکام
کہا ای شاہ ضحاک عالیجناب
مگر شہ کے لطف و عنایات سے
ترے دل کی بر لاؤن یہ آرزو
یہی دل مین ابلیس کے تھی ہوس
ہوئے دو وہین پیدا دو مار سیاہ
بہت اپنے دل مین پشیمان ہوا
کسی کو بھی اسکا نہ آیا علاج
لگا کہنے شہ سے کہ اے شہریار
خرد چارہ سازی سے ناچار ہے

کیا شیشۂ جام پھر وان طلب
جو حکم اُس پریچہرہ نے یون کیا
بزم شہان جو تھا بادہ کش
کہا پھر یہ جمشید سے ای جوان
لگی کہنے پھر یون وہ رشک قمر
دیا شاہ جمشید نے یہ جواب
عجب چیز ہے بادہ ای نازنین
کرے دم مین یہ زرد کو نکو دلیر
خورش کے مزے کو زیادہ کرے
زبس مجکو بھی راہ کی ماندگی
کہ جمشید شاہ جہان ہے یہی
یکایک یہ خاطر مین گذرا کہ آ
تھا اتنے مین گلشن کی دیوار پر
کوئی شوق سے جیسے بیدرد و غم
جو یون بیٹھے دیکھے کبوتر بہم
تو فرمائے اُنہین سے اسدم جسے
کہ زن پہ شدستی کرے وقت کار
وے ہمسری مرد سے کیا کرے
دلیری و تدبیر و زور و ہنر
یہ سنکر پری پیرہ ہوئی شرمگین
کمان ہاتھ سے آگے جم کے رکھی
تو پھر دل جسے چاہیے اُن کو دین
پر یہ وہی اس مرغ کو پا گئی
کمان سے ہوا تیر جس دم رہا
وہ پھر وہ تھی نازنین کی کمان
لگی جی مین کہنے کہ کیا احتیاج
غرض قوت و زور جم دیکھ کر
تصوین جم کے پیا پھر شتاب
کبوتر جو بیٹھا ہے پھر آن کے

ہوا دور عیش و نشاط و طرب
تو پھر جام ساقی نے جم کو دیا
یہ کہنے لگی اپنے جی مین وہ حور وش
رہ دور سے اب تو آیا یہان
تجھے خواہش نا دم ہی سقدر
کہ ہے بیشتر مجھ کو میل شراب
کہ دلسے کرے دور کلفت وہ مین
پیے می جو کوئی کرے کار شیر
غم دل کو بس دور بادہ کرے
تمنا ہوئی بادۂ ناب کی
جہاندار شاہ شہان ہے یہی
شبیہ شہ جم کرون مین طلب
پڑی اُس پریچہرہ کی جو نظر
ملائے لب یار سے لب بہم
تو کچھ شرم سی آگئی پیش جم
کرون صید اُسکو مین اک تیر سے
نہ کر مشیدستی تو اب زیبا ہے
کرے ہمسری گر تو بیجا کرے
رکھے مرد ہے زن سے ہان بیشتر
عرق آگیا چہرے پر بس وہین
کیا عذر بھی اور بہت عاجزی
بصد شوق ہم بستر اپنا کرون
یہ بات اُسکے بھی دھیان مین آگئی
اگرچہ بادہ بسمل ہو نہ اُٹھ گیا
کہ زال مین تھے جسقدر پہلوان
شبیہ شہ جم کی دیکھو نہین آج
ہوئی آفرین خوان وہ رشک قمر
پریچہرہ نے ایک جام شراب
نشانہ کرون تیر کا گر اسے

کہا نازنین نے کہ اب بیدرنگ
کیے نوش جم نے پیاپے سہ جام
کہ ہے یہ جہان بیگمان بادشاہ
ترے واسطے ہووے حاضر طعام
کہ جز بادہ تو کچھ نہین چاہیے اور
کبھی گر نہ پاؤن تو بیتاب ہون
دل تیرہ کو روشنائی ہوے
جو ہو پیر فرتوت بھی بادہ کش
کرے رفع سب ماندگیہائے تن
کیا جب فصاحت سے جم نے سخن
لگی کہنے پھر جی مین یون دلستان
کسی سے کہا یون کہ جاؤ شبیہ
تو دیکھا کہ بیٹھے کبوتر ہین دو
وہ دونون تھے سرگرم راز و نیاز
طلب کر کے پھر وہ تیر و کمان
شہ جم یہ بولا کہ ای نازنین
اگر لاکھ زن ہو شجاع و دلیر
کہ زن زن ہے آخر کو اور مرد مرد
حوالے مرے کر یہ تیر و کمان
وے دلمین افزون محبت ہوئی
کہا پھر یہ جم نے کہ ای نیک خو
مراد اس سخن سے تھی وہ رشک ماہ
پیا جام پھر جم نے اور بیدرنگ
پھر اک دم مین بیٹھا وہ نر آنکر
کوئی کھینچ سکتا تھا اسکو نہین
ہوا بس یقین یون کہ جمشید ہے
طلبگار جم کی ہوئی دلمین بس
شہ جم سے پھر آپ لیکر کمان
تو جس مرغ پر وہ مائل ہو دل

پلا دو اُسے بادۂ لالہ رنگ
ہوا دور اندیشۂ دل سے تمام
کیا چرخ نے لیکن اسکو تباہ
وہ بولا کہ تم اور دو مجکو جام
نظر آئے مجھکو عجب تیرے طور
مین بے صبر ہے بادۂ ناب مین
جسے کوفت ہو موسیائی ہوے
تو ہووے جوان پیکے ای حور وش
لگے می سے خوش تھا جم مین
گمان ہوگئی تب وہ رشک چمن
کہ کیونکر یقین ہو مرا یہ گمان
مرے پاس سے جم کی لاؤ شبیہ
ملا کر بہم اپنی منقار کو
ادھر سے نیاز اور اُدھر سے تھا ناز
لگی کہنے جمشید سے یون کہ ہان
جہان مرد ہون وان لاف نہین
تو بھی اپنے نزدیک ہو مثل شیر
شعور زنان پیش مردان ہے گرد
ہنر دیکھ میرا تو ای دلستان
زیادہ شہ جم کی الفت ہوئی
کرون گر ہدف تیر کا مادہ کو
کہ ہووے ہم آغوش جمشید شاہ
کمان کھینچکر ایک راخدنگ
کہ بیٹھا ہوا تھا جہان بیشتر
وے جم نے کھینچا تو وہ نازنین
تہ ابر پوشیدہ خورشید ہے
ہوئی وصل کی اُسکے دلمین ہوس
یہ کہنے لگی وہ بت دلستان
ملاقات کا اُسکی سائل ہو دل

رکھے وصل کی اپنے جی مین ہوس
سو اُس دایہ نے ایکدن دخت کو
کہ ہووے تو ہم خوابۂ شاہ جم
کہا تھا یہ دایہ نے جا کر شتاب
یہ مژدہ جو تو نے سنایا مجھے
وہ جم اتفاقاً وہان جو گیا
ہوئی آرزوے دل شاہ جم
وے حاجبون نے نہ جانے دیا
تلے اک شجر کے گیا بیٹھ جم
پڑی اُسکی جمشید پہ جو نظر
یہ پوچھا کہ تو کون ہے اے جوان
کہون کیا کہ رکھتا تھا دولت عظیم
مجھے خواہش بادۂ ناب ہے
کہ ہو خاطر غمزدہ کو سرور
کہا یہ کہ اے بانوے مہربان
اُسے اور ہرگز نہین کچھ ہوس
کہ اُسنے تو بس صرف چاہی شراب
یہ کہکر اُٹھی بس وہ سرو روان
یہ سمجھی وہین وہ بت دلستان
اثر کر گیا عشق جمشید کا
تو بیٹھا ہے اب کیون زیر شجر
بس اب دیکھ کر اس پرستار کو
کیا جب طلب اُسے جمشید کو
کیا جم نے جانے مین آخر حذر
رکھے جان سے ہے گرامی مجھے
غرض شوق سے تو یہان آ شتاب
اور اب اُسکو دیکھا تو شیدا ہوا
شہ جم کے رکھ ہاتھ مین اپنا ہاتھ
کنیزان گل چہرہ آئین وہان

خوشی سے وہ ہمبستر اُسکا ہو بس
کہا تھا کہ اے دخت فرخندہ خو
اور اُس سے ہوا اک طفل فرخ شیم
حضور شہنشاہ عالی جناب
تو راز نہان سب جتایا مجھے
سر راہ اک باغ تھا شاہ کا
کہ اس باغ مین چلکے اب کوئی دم
وہ ناچار مجبور سا ہو گیا
کہ ہو دور دل سے غبار الم
تو حیران ہوئی بس وہ مین دیکھ کر
عیان کر تو مجھ سے یہ راز نہان
بہت حشمت و جاہ و شوکت عظیم
کہ دل رنج سے سخت بیتاب ہے
ذرا ہووے کلفت مرے دل سے دور
در باغ پر ہے اک آیا جوان
طلب وہ ساغر کی رکھتا ہے بس
وے اُسکو پہونچا دُنگی مین شتاب
پرستار کے ساتھ آئی وہان
کہ ایرانیو نمین سے ہے یہ جوان
گرفتار اُلفت ہوئی دلربا
تو ٹھہرا ہے کیون سایہ مین آن کر
تجھے یاد مے آئی اے نیکخو
تو سوچا یہ جمشید فرخندہ خو
ولیکن وہ بولی حذر کچھ نہ کر
بہت پاس خاطر ہے میرا اُسے
کہ شاہد بھی ہے اور سرود و شراب
اثر عشق کا دلمین پیدا ہوا
خرامان چمن مین ہوئی اُسکے ساتھ
ہوئین جم کے آگے وہ سجدہ کنان

زن عاقل اک دایہ تھی دخت کی
تسے مین نے دیکھے جو طالع تو ہان
یہ سنکر نوید مسرت فزا
یہ سن شاہ نے مژدۂ دلفروز
غرض اس سبب سے وہ شاہ زمن
اور اُس باغ مین تھی وہ دلدار بھی
ذرا جی کو وان اپنے بہلائیے
ہوا خوش جو آئی تو بیرون باغ
کسی کام کے واسطے ناگہان
عیان جم کی صورت سے تھی نیکوئی
دیا اُسکو جمشید نے یہ جواب
پر اب گمرہ و بخت برگشتہ ہون
خداوند سے باغ کے لا شتاب
پرستار نے جب سنا یہ سخن
اگرچہ وہ آفت رسیدہ ہے پر
پرستار سے سنکے وصف جوان
مے لعل اور شاہد دلنواز
در باغ پر جب ہوئی جلوہ گر
ہوا زرد غم سے رخ لالہ رنگ
لگی پوچھنے یون کہ اے خستہ حال
مگر اُس کنیزک پہ مائل ہوا
اگر تجکو ہے آرزوے شراب
جو جاؤ نہین پیش بت دلستان
پدر ہے مرا شاہ زابلستان
مجھے ہے یہ پروانگی روز و شب
سنا تھا یہ جمشید نے پیشتر
گیا باغ مین شاہ جم پھر وہین
گئی سیر کرتی وہ اک حوض پر
بحکم پری رو بمشک و گلاب

کہ انجم شناس و خردمند تھی
ہوا یون عیان مجھپہ راز نہان
بہت شاد جی مین تھی وہ دلربا
کہا قابلہ نے کہ اے نیک روز
نہ سنتا تھا خواہشگرونکا سخن
جو دن رات جم کی طلبگار تھی
صبا کی طرح سیر کر آئیے
وہ ٹھہرا ذرا با دل داغ داغ
کنیز اُس پریرو کی آئی وہان
درخشندہ تھی شوکت خسروی
کیا چرخ نے میرا خانہ خراب
خراب و پریشان و سرگشتہ ہون
ابھی جائے دو تین جام شراب
گئی باغ مین پیش رشک چمن
رخ خوب اُسکا ہے رشک قمر
لگی کہنے وہ دختر دلستان
سرود و دف و چنگ عشرت کا ساز
تو صورت کو جمشید کی دیکھ کر
طرح غنچہ کے ہے یہ جی سے تنگ
گرفتار تشویش و رنج و ملال
اسیر محبت ترا دل ہوا
تو اس باغ مین اے جوان آ شتاب
مبادا بلا کوئی آوے یہان
مین اُسکی ہون اک دختر دلستان
جسے چاہون اُسکو کرون مین طلب
کہ اک دخت ہے رشک شمس و قمر
ہوئی شاد و خرم بت نازنین
ہوئی فرش شاہانہ پر جلوہ گر
شہ جم کے پھر پاؤن دھوئے شتاب

تو مجھ سی دلآرام و دلدار سے
جدائی نہ ہو اُن رُدے بیقرار
یہ کہکر لگی رونے بے اختیار
پئے دل تجھے چھپتے کرین مکان
کیا دخت نے سبب بہت انکسار
مخالف مرا ایک تو بخت ہے
مجھے دوسرا تجھ سے اندیشہ ہے
یہ سنکر کہی نے وہ گل عذار
کہ بدخواہ تیری ہو اُن نہار
یہ جب سیان کے قول و قسم
پھر بچھڑے ہاتھوں مین جم کا ہاتھ
بندھا عقد بطرح آئین بھی
لئے عقد بر تخت دولت گئے
ہوئی [illegible] بانو ہمکنار
وہ باہم لگے عیش کرنے مدام
تو کرنے لگا اُسکی وہ جستجو
[illegible] ہو نمکین
ہوئی عقد پاس بیباک تو
کیا زکو تونے ہمرے [illegible]
کی عرض [illegible]
پرے شیشۂ ننگ توڑا نہین
جہان مین کوئی اُسکا ہمسر نہین
بفیض خدا اُسنے پایا تہور
سنی دایہ سے اُسنے یہ بات جب
یہ ہے یادری محبت کی ہمسر سب
کہ ہو مجھ سے خوشنود وہ شہریار
یہ سنکر وہ دلدار رونے لگی
روا رکھ نہ خونریزی شاہ جم
اُٹھا اپنے دل سے ذرا یہ خیال

پر یہ پھر وہ دو رخسار سے
خدا کے لیے مجھ سے ہو ہمکنار
زبان پر یہ لائی کہ اے نامدار
تو کر مجھ سے راز نہفتہ عیان
یہ کہنے لگا تب شہ نامدار
وہ مر دشمن جان و کمبخت ہے
کہ زن کا نہ ہرگز وفا پیشہ ہے
کہ ہرگز نہین ہوتا زنہار
دل [illegible] مین تری [illegible]
تو ایسن ہوا سن وہ مین شاہ جم
طرف قصر کے گئی اپنے ساتھ
ادا کی [illegible] دین تھی
ہوئی شہ کی [illegible] شہر کاہ
عجب رنگ کی اس گھڑی تھی بہار
لگے عیش کرنے وہ لگے پینے جام
کسی نے خبر دی کہ وہ ماہرو
اور آئی وہ جب خستہ نازنین
اُڑانے لگی سر پر سر خاک تو
وہی رنگ دستہ ہو گئے عیان
اے یہ حکم تھا تونے یہ پیشتر
رہ [illegible] منہ کو موڑا نہین
کوئی جاہ مین اس سے برتر نہین
ہوا جلوہ گر مہر مقصد کا نور
شہ زابلستان ہوا شاد تب
ہوا جو گذر شاہ جم کا ادھر
فزون ہو مراعات جاہ و وقار
وہ بے صبر بیتاب ہونے لگی
مری جان پر تو نہ کر یہ ستم
تُلے اپنی گردن پہ ناحق وبال

نہ ہو شور بس گرم آغوش رب
نہین تو کرون اپنے سینہ کو چاک
مقرر ہے تو جم مجھے ہے یقین
جو کچھ راستی ہے سو وہ بات تو
نہ چھپے راستی سے نہ کیون ہو خدا
جدا اسکو ہو تجھ سے مبادا نہین
نہین ہے پسندیدہ عاقلان
قسم تو مجھے آپ کی جان کی
نہ کر خوف و اندیشہ کو نامور
کہا قصہ پھر جم نے اپنا تمام
کیا جاکے آراستہ تخت زر
ہوئے عہد و پیمان محکم بہم
[illegible] زردین ہوئی [illegible] خواب
ہوا چہرہ فیروز رنگ مراد
کئی روز گذرے کہ وہ [illegible]
ہوئی اک جوان سے گرفتار اب
تو چین جبین ہوئے [illegible]
کیا چاک اُس شرم کا پیرہن
وہ تھی حاملہ [illegible] گلبدن
کہ [illegible] جسے اُس سے [illegible]
رکھا مین نے ناموس [illegible] نگاہ
پئے دایہ نے بھی عرض شہ سے کیا
شہ جم یہان آگیا ناگہان
یہ بولا کہ خوش تونے مژدہ دیا
مقرر کئے باندھ کر صبح گاہ
مجھے لطف سے اور اقلیم دے
یہ بولی کہ اے خسرو نامجو
جو اپنے کشور مین آکر رہا
سدا تخت و سیم رہتا نہین


تو صد حیف ہے اور ہے غضب
کرون آپکو ایک آن مین ہلاک
تو اقرار کرنا بھلا کیون نہین
پر رکھے کیون ہے پوشیدہ [illegible]
کہ رکھتا ہون دختر سے [illegible]
اور آجاوین ہم گر اُسکے [illegible]
کہ از [illegible] عیان کیجے راز نہان
قسم ہے تجھے اپنے ایمان کی
سمجھ اس مکان کو نہ خالی خطر
کیا ظاہر آکے پریوش کے نام
ہوئی ساتھ تو [illegible] جلوہ گر
ہوا ساتھ [illegible] ہو جم
ہوا [illegible] اس سے وہ آفتاب
[illegible] نہ بیٹھا عقد رنگ مراد
بہت کم گئی آنے پیش پدر
[illegible] آخرش [illegible] درد
لگا کہنے [illegible]
کیا جامہ سے حیائی نہین
ہو [illegible] ٹھکانے [illegible]
سو آیا عمل مین یہ [illegible]
کیا [illegible] وہ شاہ عالم پناہ
شہا مین نے جو تجھ کو مژدہ دیا
ہوئی حاملہ اُس سے دلستان
[illegible] دلکو مسرور و شادان کیا
روانہ کرون سوئے ضحاک شاہ
در و لعل بخشے زر و سیم دے
تو جور و تعدی کے درپے نہ ہو
دنیا ساتھ اُسکے ہے بیداد [illegible]
ہمیشہ زر و سیم رہتا نہین

مراد دہم آغوش ہو شوق سے
سمجھ یہ گیا شاہ جم بھی یہین
کہا اُسنے یہ ماجرا اک قلم
جو دیکھا تھا طالع مین تیرے سوا
نہ کر دیر ہو وصل سے کامیاب
سُنا اُسنے دایہ سے جب یہ سخن
یہ دایہ سے بولی جو تونے کہا
جو صورت سے جم کی مقابل ہوئی
تو اورنگ و دیہیم کو یاد کر
پریرو نے دیکھا جو یہ حال جم
تعجب سے دیکھے سب بزم طرب
یہ کہنے لگا جم کہ اے گل عذار
ترے پرنیان کی جو مین نے نگاہ
لگا کہنے جون ابر بے اختیار
کیا شاہ جمشید کو یون تباہ
وہ مارا سیہ جسکے ہین کتف پر
کہ اب ہے وہ برگشتہ اختر کہان
کہین ہے اسیر بلائے بزرگ
کہ ہے آپ جم یہ شہ نام جو
کہا پھر یہ خلوت مین تو ہی ہے جم
شہ جم یہ بولا کہ اے دلستان
تعلق بہت نازنین نے کیا
کرے گا تو انکار گر لاکھ پر
بہانہ تو کرتا ہے اب بار بار
ترے وصل کا مجھ کو مژدہ دیا
ترا ہی تمنائے دیدار تھی
نہ آرام جان ہے نہ کچھ مجھکو تاب
غرض آخر کار لایا ادھر
بہت ستا تیرے ہوے خواستگار

کرون جسکو ہمخوابہ مین دو سے
کہ میری طلبگار ہے نازنین
نگہ کی وہین دایہ نے سوے جم
ہوا آشکارا بالطاف رب
خوشی سے ہمبستر اُسکی شتاب
ہوئی اور دیوانہ وہ سیمتن
زہے کرم رب سے لائے خدا
تو یہ باعث فرحت دل ہوئی
دل پر الم سے کیا نالہ سر
تو پوچھا کہ کیون تونے کی چشم نم
یہ وقت گریہ کا ہے کیا سبب
جو دنیا مین ہین عاقل و ہوشیار
تو دیکھی شبیہ جم اے رشک ماہ
رہا کچھ نہ دلمین شکیب و قرار
لیا چھین یکدست تاج و کلاہ
وہ صورت تھی جسنے دیو سے بھی بتر
بجز نام اُسکا نہین کچھ نشان
ہوا یا کہین لقمہ شیر و گرگ
ولیکن چھپانا ہے یہ آپ کو
نہ پوشیدہ رکھ ہمسے جانین ہین ہم
سراپا غلط ہے یہ تیرا گمان
ولیکن یہ انکار کرتا رہا
کرونگی نہ تجھ سے مین اب گذر
نہین چاہیگا میش کچھ زینہار
اور اس راز سے مجکو واقف کیا
دل و جان سے تیری طلبگار تھی
نہ دلمین شکیب اور نہ آنکھون مین خواب
مرا جذبۂ دل تجھے کھینچ کر
نہ اقبال مین نے کیا زینہار

یہ اُس گفتگو سے تھی اُسکی مراد
ہم گفتگو دان خوشی سے یہ تھی
لیا جم کو پہچان اور یون کہا
طلبگار تھی جسکو یہ ہے یہی
وہ دختر کہ تھی عاشق روے یار
اور اپنے ہوئی دلمین خوش بیشتر
پھر اتنے مین اُن جم کی آئی شبیہ
شہ جم کو دایہ نے پھر دی شبیہ
لگا کھینچنے نالہ پھر شہریار
نگہ کرکے اُس تو سو پرنیان
گیا کس طرف ہائے تیر خیال
ستمدیدگان کے وہ احوال تھے
مجھے یاد آیا وہ جاہ و حشم
کیا جو چرخ ستمگر نے ہاے
جہان کا کیا شاہ ضحاک کو
نہین ہے خبر شاہ جمشید کی
خدا جانے جیتا ہے یا مر گیا
یہ قصہ بیان جبکہ جم نے کیا
کنیزونکو یکسر کیا وان سے دور
کہا مین نہین جم وہ بولی کہ ہان
تجھے جم جو [illegible]
جو منت کرے یہ تجھ اور انکسار
کہ تجکو لیا مین نے پہچان اب
یہ دایہ جو بیٹھی ہوئی ہے یہان
کہ تجھ سے خدا لے مجھے اک سیم
تری شیفتہ ایک مدت سے ہون
خدا سے یہ خواہش تھی یہ نام جو
غنیمت سمجھ تو مرے وصل کو
کہ تجھ پر دل زار دیوانہ تھا

کہ ہے جفت جمشید فرخ نہاد
کہ دایہ بھی آپہونچی اُس دخت کی
کہا اے دختر مہوش و دلربا
شہ جم شہ نام جو ہے یہی
کہ تھی تمنائے بوس و کنار
کہ سعی و توفیق مطلب ہوا جلوہ گر
وہ دایہ کہ اُسنے دکھائی شبیہ
اور اُسنے وہ اپنی جو دیکھی شبیہ
ہوئی زار روتی وہ نرگس شہلا
ہوا [illegible] یان تو نالہ کنان
کہ ہے کچھ تو نے پایا ملال
غم و درد سے نالہ کرتے ہین ہم
بزرگی تو اور رنگ تاج و علم
[illegible] ستم اس [illegible] نے ہاے
دیا تاج و تخت اپنا [illegible]
نہین [illegible] آئے [illegible]
ہوا اُسکا احوال کیا [illegible]
[illegible] اس دخت اپنے جی مین
رہی [illegible] بہت رشک حور
یہ ہستی ہے کیا پیکر پرنیان
اگر کوئی ہے تم شکل ہوتا نہین
وہ بولی کہ اے خسرو نامدار
تو مت بن اب تک مجکو پہچان آپ
خبر دار ہے راز اختر سے ہان
یہ سنکر شب و روز شام و سحر
گرفتار غم تیری فرقت سے ہون
کسی طرح تیری ملاقات ہو
کہ مجھ سے ہوئی آپ [illegible]
ترے عشق مین سب سے بیگانہ تھا



الم سے تمام اسکا چہرہ تھا زرد ۔ گرفتار خواری تھا وہ نیک مرد
خوشی سے وہ ضحاک بیدادگر ۔ ہوا خندہ زن حال دیکھ کر
پر اب اسطرح کیون ہوا خوار تو ۔ خرابی مین کیون ہی گرفتار تو
کہان بادشاہی و تاج و علم ۔ کہان لشکر و فوج جاہ و حشم
جواب اسکو جمشید نے یہ دیا ۔ کہ مجھ سے نصیبا جو یون پھر گیا
نہ مغرور دولت پہ ہو اسقدر ۔ ذرا روز بد کا بھی اندیشہ کر
کریگا فلک تجھکو خوار اسطرح ۔ کہ دیکھے ہی تو مجھکو اب جسطرح
کرون یا قلم سر کو شمشیر سے ۔ یہ دون تیرے تن کو یا تیر سے
یہ گفتار سن کے لگا کہنے جم ۔ کہ اسوقت مجھکو نہین کچھ ہی غم
یہ ضحاک نے پھر کسی کو کہا ۔ کہ چیر دے اسے ایک آرہ منگا
بہ آرہ سے چیر اسے بس وہان ۔ ہوے ایک جم کے دو پیکر جہان
نہ دور فلک کا ہی کچھ اعتبار ۔ کہ پھرتا ہے ہی یہ لیل و نہار
سر اک ہم ہی موجویان بازی گر ۔ صدا گوش زد ہے بس آواز مرگ
جب اسکی زنون کو یہ پہونچی خبر ۔ تو رنج و الم سے ہوئی نوحہ گر

اٹھاتا نہ تھا شرم سے سر وہان ۔ اور آنکھوں سے بہتے تھے اسکے آنسو روان
لگا کہنے ظالم یہ جمشید سے ۔ فزون تھا ترا رتبہ خورشید سے
ہوا کس لیے تجھ سے برگشتہ بخت ۔ کہان ہی ترا اب وہ دیہیم و تخت
کہان حکمرانی کہان گیر و دار ۔ کہان وہ ترے رسم و آئین کار
تو بیجا ہی اس بختیاری پہ ناز ۔ عبث ہی پھر اس تاجداری پہ ناز
تجھے بھی یہ پیش آئیگا ایک روز ۔ رہیگا نہ تیرا سدا نیک روز
لگا کہنے پھر یون وہ بیدادگر ۔ کہ کھینچون تجھے اسگھڑی دار پر
ذرا کہہ کہ کیا ہی تری آرزو ۔ وہ منظور ہی جو کہے مجھ سے تو
قضا نے یہ چاہا تو کیا خوف و باک ۔ تو جسطرح چاہے مجھے کر ہلاک
وہ دو تختے لایا اور اک آرہ بھی ۔ شہ جم کو تختے سے باندھا تبھی
جہان سے عبث ہی امید وفا ۔ کہ بے مہر ہی اور سراپا خطا
جو ہوا جمشید کو یہ چرخ دون ۔ کرے آخر کار یون سرنگون
خبر یہ گئی سوے زابلستان ۔ ہوا قتل جمشید شاہ جہان
نہ آنکھوں میں خواب اور نہ دل میں قرار ۔ لگی رہنے بیتاب لیل و نہار

نہ اپنا سمجھ ملک و دیہیم کو — سمجھ خاک لعل و زر و سیم کو
نہ بیچارے پر جور و بیداد کر — خداوند جان آفرین سے بھی ڈر
گزند غریبان نہ کر تو پسند — نہ بدنام ہو اے شہ ارجمند
تو جمشید کو مجھ سے مت کر جدا — وگرنہ مرے تن سے کر سر جدا
یہ کہکر وہ رونے لگی زار زار — فغان بس لگی کرنے بے اختیار
ہوئی بسکہ گریہ کنان نازنین — تو رحم آگیا باپ کو بس وہین
یہ بولا کہ اے دخت والا تمیز — مجھے تیری خاطر بہت ہے عزیز
تو خاطر کو رکھ جمع شام و سحر — کہ اس کام سے مین نہین کی درگذر
اذیت نہ جم پر رکھونگا روا — نہ ہرگز گزند اسکو پہونچاؤنگا
اسے بخشدون ملک و مال و سپاہ — زیادہ کرون عز و توقیر و جاہ
یہ کہہ جا کے میری طرف سے شتاب — کہ اے بادشاہ ثریا جناب
سحر مین بھی آؤنگا تیرے حضور — غم و فکر کو رکھ تو اب سے دور
ہوئی شاد وہ دختر دلستان — گئی پیش جمشید وہ مہ وہان
سنا تھا جو کچھ باپ سے سو کہا — دل شاہ کو مطمئن کر دیا
فروزان ہوا جبکہ نور سحر — ہوا مہر رخشندہ جب جلوہ گر
گیا پیش جم شاہ زابلستان — جھکا کر سر اپنا پھر اسنے وہان
کہا یون کہ اے شاہ عالی وقار — نہ ہو بدگمان مجھ سے اے زینہار
یقین جان تو جب تلک زندہ ہون — یہ دختر کنیز اور مین بندہ ہون
نہ دنیا کچھ اندیشہ کو دل مین راہ — کہ خدمت مین حاضر ہون شام و پگاہ
دلاسا وہ دیتا تھا شام و سحر — ولے جی مین جمشید کے تھا خطر
یہی قصد تھا یانسے ٹل جائیے — ملے جبکہ قابو نکل جائیے

گریختن جمشید از زابلستان بطرف ہندوستان و گرفتار آمدن از راہ بدست مردمان ضحاک و کشتہ شدن او

بہت دن رہا شہر زابل مین جم — وے دل کو تھا اسکے آرام کم
وہ دلدار تھی رات دن اسکے پاس — وہ تسپر بھی رہتا تھا دائم اداس
سے تھا شب و روز اندیشہ مند — کہ پہونچے مبادا یہان کچھ گزند
کسی نے کہا اے شہ بے نظیر — یہ چاہے ہین یان کے وزیر و امیر
کہ تجھ کو پکڑ کر بہ حال تباہ — روانہ کرین سوے ضحاک شاہ
نہین تو وہ لشکر ادھر کھینچ کر — کریگا تبہ ملک کو سر بسر
ہوا جب خبردار اس بات سے — گریزان ہوا شاہ جم گھات سے
وہ زابل سے چلکر سو چین گیا — ولیکن وہان بھی بہت کم رہا
وہان سے سوے ہند راہی ہوا — بیابان نوردو تباہی ہوا
جو گھبرا گیا راہ کے رنج سے — گیا بیٹھ سایہ مین اک نخل کے
وہ ازبسکہ تھا اپنے جی سے بتنگ — لگا بخت ناساز سے کرنے جنگ
کہ اے بخت کمبخت کیا جور ہے — بھلا یہ بھی ظالم کوئی طور ہے
خراب اور آوارہ مجھ کو کیا — ملا خاک مین ہاے تونے دیا
ہوا پھر مخاطب بسوے فلک — کہ اے چرخ بیداد یہ کب تلک
کہانتک پھرون مین تباہ و خراب — کہانتک رہون یونہین بے صبر و تاب
یہ ناسازی بخت ہے سر بسر — کہ سرگشتہ ہون یونہین شام و سحر
عدم سے نہ آتا مین ہستی مین کاش — نہ ہوتا مجھے یہ غم جان خراش
یہ کرتا ہوا زاری و آہ جم — ہوا سے ذرا سو گیا ایکدم
اسے آگیا خواب ورنا گہان — ہوا فتنۂ خفتہ بیدار وان
اجل بھی کمینگاہ مین تھی کہین — سو وہ آگئی اسکے سر پر وہین
غرض ایک ضحاک کا ایلچی — کہ ساتھ اسکے تھوڑی سی تھی فوج بھی
وہ تھا سوے خاقان چین رہ سپر — کہین اتفاقاً جو گذرا ادھر
شہ جم کو پہچان اسنے لیا — گرفتار اسکو وہین کیا
بحال پریشان و بند گران — کیا سوے ضحاک جم کو روان
کسی کا نہین یہ جہان دوستدار — کسی کا نہین چرخ گردندہ یار
عبث ہے جو دولت پہ پھولے کوئی — طرح گل کے شادی سے پھولے کوئی
کہ دولت بھی ہے آہ ناپایدار — نہ دنیا کو ہے کچھ ثبات و قرار
ذرا دیکھنا حال جمشید کا — کہ تاج و کلاہ اسکا گردون پہ تھا
ہوا یون گرفتار زنجیر بند — اسے چرخ گردان سے پہونچا گزند
خبر سن کے بولا یہ ضحاک شاہ — کہ ہان جم کو لاؤ بحال تباہ
گیا جبکہ جم آگے ضحاک کے — پس پشت بچھے ہاتھ دونون بندھے
فقط پانو نہین کچھ نہ زنجیر تھی — بندھی تھی رسن اسکی گردن مین بھی

کیا حکم یون شاہ ضحاک نے
دیا سکو فرمان یہ ناپاک نے
کہ نسل کیان سے جسے پاؤ تم
گرفتار کرکے یہان لاؤ تم
سناؤن فریدون کی اب داستان
بخوبی کرون مین یہ قصہ بیان

داستان تولد شدن فریدون

ملکزادہ اک آبتین نام تھا
خردمند اور نیک انجام تھا
وہ تھا نسل مین شاہ طہمورث کی
خطا اصل مین اسکے ہرگز نہ تھی
گرامی تبار و خجستہ نژاد
پدر پر پدر شاہ فرخ نہاد
ہمیشہ تھا ایرانمین مسکن گزین
دلے گھر سے نکلے تھا یا نہین
کہ ضحاک ناپاک کے مردمان
کیانی کو بس دیکھ پاتے جہان
تو لیجاتے اسکو گرفتار کر
یہی جی مین تھا خوف شام و سحر
رہے تھا وہ پوشیدہ گھر مین مدام
کہین آنے جانے سے تھا کچھ نہ کام
لئے جاودان بیم ضحاک تھا
دل اسکا شب و روز غمناک تھا
اور اسکی تھی اک زوجہ سیم فام
کہ فرانک اس نازنین کا تھا نام
ہوئی وہ زن مہروش باردار
ہوا اس سے پیدا پھر اک گلعذار
جبین سے عیان اسکی شان شہی
نمودار تھا فر شاہنشہی
فریدون رکھا باپ نے اسکا نام
اسے دیکھکر دل ہوا شادکام
پھر اس آبتین نے یہ جی مین کہا
کہ دل بیٹھے بیٹھے تنگ آگیا
نکل گھر سے چلیے بس اب سوئے دشت
وہان چلکے کیجے ذرا سیر گشت
یہ کہکر وہین سوئے صحرا گیا
لگا پھرنے اور سیر کرنے لگا
ادھر ناگہان لوگ ضحاک کے
جو پہونچے تو پہچانکر بس اسے
گرفتار کرکے بحال تباہ
وہین لیگئے پیش ضحاک شاہ
کیا قتل آخر اسے شاہ نے
کیا یہ ستم ہائے بدخواہ نے
فریدون کی ماں کو یہ پہونچی خبر
تو اندیشہ دل مین ہوا بیشتر
نہ اس سرزمین مین رہی زینہار
کہ رہتی جہان تھی وہ لیل و نہار
وہان سے شتابی سے ٹل وہ گئی
فریدون کو لیکر نکل وہ گئی
کہین ایک دلچسپ تھا مرغزار
وہ پہونچی وہان بادل سوگوار
وہان کا نگہبان تھا حق شناس
اور ایک گاؤ پر شیر تھی اسکے پاس
کہ برمایہ تھا نام اس گاؤ کا
غریبونکو شیر اسکا بس وقف تھا
غرض مالک گاؤ نے زود تر
پلایا فریدون کو شیر اسقدر
کہ بس ہوگیا سیر وہ شیرخوار
نہ خواہش رہی شیر کی زینہار
وہان ایک شب وہ زن نیکذات
رہی اور آخر ہوئی جبکہ رات
تو وسواس یہ آگیا ناگہان
کہ چلیے کہین اور رہیے نہ یان
مبادا کوئی یان نہ پہچان لے
مری اور اس طفل کی جان لے
ولیکن جو غمگین رہتی مدام
ہوا شیر تھا خشک اسکا تمام
وہ سوچی کہ یہ کودک شیرخوار
نہ زندہ رہے شیر بن زینہار
وہ طفل ان دنون دودھ پینے کا تھا
شب و روز سوچ اسکے جینے کا تھا
وہ ناچار ہوکر بہت بیحواس
گئی دوڑ کر اس نگہبانکے پاس
لگی رونے وان جاکے بے اختیار
گیا اسکے آگے بہت انکسار
یہ کہنے لگی ایک دلخستہ ہون
بصد رنج و اندوہ وابستہ ہون
یہ بچہ ہے بیچارہ و بے پدر
تو کر پرورش اسکی شام و سحر
ٹھکانا نہین اور باقی ہون مین
ترے پاس اب چھوڑ جاتی ہون مین
اسے گاؤ برمایہ کا دیجو شیر
کہ پروردہ ہو کودک دلپذیر
قبول اس جوانمرد نے سب کیا
فریدون کو لے پاس اپنے رکھا
ہوئی وانسے رخصت سوئے دگر
نہ دیکھا ذرا اسنے پھر کر ادھر
روان سوئے البرز وہ زن ہوئی
رہی جا کے وان اور ایمن ہوئی
یہان مالک اس گاؤ برمایہ کا
فریدون پہ رکھتا تھا شفقت روا
اسے جانتا تھا بجائے پسر
وہ کرتا تھا شفقت بجائے پدر
وہ مصروف تھا پرورش مین مدام
پلاتا تھا شیر اسکو ہر صبح و شام
گئے جب گذر الغرض تین سال
فریدون کی ماں کو یہ آیا خیال
سوئے مرغزار اب ذرا جائیے
وہان سے فریدونکو لے آئیے
ہوئی کوہ البرز سے وہ روان
مسافت کو طے کرکے آئی دوان
کہا اسنے آکر کہ اے مرد پیر
مجھے دے مرا کودک دلپذیر
کہ البرز مین پاس سے لیجاؤن اب
رکھون پاس اپنے اسے روز و شب
وہ بولا کہ ہے یہ ابھی خرد سال
اسے ہوویگی وان اذیت کمال
نہ لیجا تو ویرانے مین طفل کو
گزند اسکو کچھ ہو نہ ایسا نہو
وہ کہنے لگی یون کہ اے مرد نیک
مرے دل مین گذرا ہے سوچ ایک
خدا کی طرف سے ہوئی رہبری
کہ رکھنے مین یان کے نہین بہتری
یہ کہکر اسے لیگئی اس جہان
جہان اسکا البرز مین تھا مکان

اسے کام تھا اشکباری کے ساتھ — سدا شغل تھا آہ و زاری کے ساتھ
نہ تھی آشنا وہ خور و خواب سے — وہ بیگانہ تھی صبر و تاب سے
اٹھایا بہت اس نے بیداد و جبر — پھر آخر کو وہ مر گئی کھا کے زہر
دو ہمشیر تھیں شاہ جم کی کہیں — انھیں لوگ لائے پکڑ کر وہیں
کہے خلق تھی ایک کو شہرناز — اور اس دوسری کا تھا نام ارنواز
انھیں شاہ ضحاک نے کر طلب — رکھا اپنے گھر میں بلطف طرب

خواب دیدن ضحاک و ترسیدن ازان خواب ہولناک

وہ ضحاک تازی پس از قتل جم — جہاں میں لگا کرنے جور و ستم
گئے قتل اور گاہ غارت گری — ہوئی تازہ رسم ستم پروری
دو مرد جوان کو وہ بیخوف و باک — طلب کر کے ہر روز کرتا ہلاک
وہ جس سے غریب اور یار ارجمند — روا جان پر انکی رکھتا گزند
نہ جس مغز کو اس نے کیا تمام — کھلاتا وہ سانپوں کو ہر صبح و شام
لگا کرنے بیداد وہ بیحساب — پھر اس نے کہیں رات کو ایک خواب
یہ دیکھا کہ پیدا ہوئے تین گرد — اور ان میں سے دو ہیں کلاں ایک خرد
کیا حملہ تینوں نے ضحاک پر — ہوا جس سے عاجز وہ بیدادگر
وہ گرد دلاور کہ تھا نوجوان — سو اس نے وہیں ایک گرز گران
جو مارا سر شاہ ضحاک پر — تو یکسر پریشان ہوا مغز سر
ستمگر کے ہاتھوں کو باندھا شتاب — رسن ڈال گردن میں کھینچا شتاب
اسے لے گئے کھینچ بالائے کوہ — کیا سخت اسکو زبوں [illegible]
ہوا دیکھ کر خواب ہولناک — ہوا دل کو اندیشہ خوفناک
کیا خواب میں اسقدر اس نے فغان — کہ لرزاں ہوا سر بسر وہ مکان
ہوئے سب وہیں بیدار اہل حرم — دل ان کا ہوا ہول سے پر الم
لگے پوچھنے شاہ سے کیا ہوا — یہ فرماؤ کیا فتنہ برپا ہوا
فغان خواب میں کیوں کیا اسقدر — لگے کانپنے جس سے دیوار و در
یہ ضحاک بولا جو یہ داستان — سنو تم تو یکسر پریشان ہو جان
مری زندگانی سے ہو نا امید — نشاط جوانی سے ہو نا امید
کہا اس نے پھر قصہ خواب شب — یہ ٹھہرا کہ ہو جلوہ گر صبح جب
تو خوابشناس آکے حاضر ہوں یاں — کریں اسکی تعبیر یکسر بیان
جو تاباں ہوا چرخ پر آفتاب — تو حاضر ہوئے موبدان شتاب
سنی داستان خواب کی یک قلم — گئے ہوش اور ہو گیا بند دم
یہ دریافت دانشوروں نے کیا — ہوا بخت برگشتہ ضحاک کا
زوال اسکی دولت کا پہونچا قریب — ہوئی اسکو بے دولتی اب نصیب
ولے خوف جاں سے وہ خاموش تھے — نہ زنہار انکے بجا ہوش تھے
یہ اندیشہ تھا گر کہیں راست اب — تو ہووے شہ نامور پر غضب
ابھی جان پر اپنی پہونچے گزند — نہ کہتے تھے کچھ اسلئے ہوشمند
دیا تین دن تک نہ ہرگز جواب — بیان کی نہ زنہار تعبیر خواب
جو روز چہارم ہوا شہ خفا — تو ناچار یوں موبدان نے کہا
کہ اے شاہ اقبال راہی ہوا — تہی تجھ سے اب تخت شاہی ہوا
ہوئی عمر آخر بس آیا زوال — ہوا تو گرفتار رنج و ملال
فریدون کوئی شخص ہوئیگا شاہ — بصد شوکت و حشمت عز و جاہ
وہ ممتاز نسل کیان ہوئیگا — وہ فرمانروائے جہان ہوئیگا
انہیں ہودیگی گاو پرمایہ ایک — سو پائیگی اسکو با آئین نیک
ہوا لیکن اب تک وہ پیدا نہیں — کچھ آثار اسکا ہویدا نہیں
کہا شہ نے پھر خواب میں کس نے یاں — مرے سر پہ مارا ہے گرز گران
لگے کہنے یوں عاقل و ہوشیار — فریدون ہی ہوگا وہ اے شہریار
وہ مار یگا اک گرز تیرے بسر — کریگا تجھے پاسے آکے بدر
یہ پوچھا پھر اس نے کہ ظاہر کرو — فریدون مرا کیوں بد اندیش ہو
وہ بولے کہ اے شاہ بیخوف و باک — کریگا پدر کو تو اسکے ہلاک
غرض تجھ سے چاہیگا خون پدر — کریگا تجھے قتل و آن کر
سنی شاہ نے جب یہ تعبیر خواب — ہوا درد غم سے وہ بے صبر و تاب
نہ تک ہوش قائم رہے شاہ کے — زمیں پر گرا اس دم تخت سے
جو چاہا کہ جو ہوش آئے بجا — تو پھر تخت پر پاؤں اسنے رکھا
ولے بے خور و خواب رہنے لگا — شب و روز بیتاب رہنے لگا
نشان فریدون کی تھی جستجو — لگا ہاتھ دشمن یہ تھی آرزو
کیے لوگ چار و نطرف کو روان — کریں جستجو تا بہ گرد جہان

فراہم کرون اور جاؤن اُدھر
کہ اک ایک طیار محضر کرین
نہین کار اُسکو بجز عدل و داد
خطر بسکہ تھا اُس ستمگار کا
ولیکن جو کاوہ تھا آہنگر ایک
کہ کاوہ کے فرزند کو قتل کر
کہ ای شاہ سن میری فریاد کو
دلے کسلیے ہمیہ سختی و جور
کرے میرے فرزند کو یون ہلاک
یہ گفتار سنکے وہ حیران ہوا
لگا کہنے کاوہ سے وہ تاجور
بزرگان اقلیم سے یون کہا
کیا تمنے ہرگز نہ کار نکو
کہے اور بھی کچھ سخنہائے سخت
ہوئے آفرین خوان سب شاہ کو
حضور خداوند روئے زمین
شقاوت سے کی اب یہ انحراف
نہ فرمانبری کی جو گمراہ نے
کیا آنکے کاوہ نے جب خروش
خدا نے جو چاہا سو یاور کیا
طلب کرکے پھر حریم آہنگران
یہ کہتا تھا ہر بار کرکے خروش
کرے چاکری پھر نہ ضحاک کی
دہ کاوہ تھا بس آگے آگے روان
غرض رفتہ رفتہ تفحص کنان
کیا عرض ای صاحب تاج و تخت
یہ سمجھا فریدون عالیجناب

شتاب اُسکو لاؤن گرفتار کر
گواہی دو مُہر اپنی اُسپر کرین
جہان اُسکے لطف و کرم سے ہے شاد
سبھون نے یہ ناچار محضر لکھا
دلیر و خردمند تھا مرد نیک
کھلا دیجیے سانپونکو مغز سر
ذرا کام فرمانہ بیداد کو
ذرا کیجیے اپنے دل مین تو غور
نہ آدے ترسے دلمین کچھ ترس و باک
ہراسان ہو دلمین ترسان ہوا
کہ اب مہر جلد اپنی محضر پہ کر
کہ ای مردمان تمنے یہ کیا کیا
غرض سوے درگہ رکھا اُسنے رو
حضور خداوند دیہیم و تخت
یہ کہنے لگے اے شہ نامجو
زبان پر وہ لایا سخنہائے کین
گیا یانسے بس ہوکے وہ بدخلق
تو پھر کیون تحمل کیا شاہ نے
تو اکبارگی اُڑگئے میرے ہوش
اور آگے کریگا جو کچھ چاہیگا
بنایا وہین اک علم اُسنے وان
کہ اے نامداران باعقل و ہوش
رفاقت کرو ترک ناپاک کی
نکل وہ انبوہ پیر و جوان
وہ پہونچے وہان تھا فریدون جہان
تری یار دولت مددگار بخت
کہ تائید غیبی ہوئی ہمرکاب

سفر مجھکو درپیش ہے دور کا
یہ مضمون ہو مرقوم اُسمین تمام
شہ خلق یہ راست گفتار ہے
ہر اک شخص کی پھر گواہی ہوئی
کہین نوبت اُسکے بھی فرزند کی
دہ کاوہ ہوا آنکر دادخواہ
تو ہے اژدہا پیکر و پیلتن
کہ یہ بھی ہے انصاف کوئی بھلا
پھر اپنی بھلائی کا محضر لکھے
نہ کھاردا خون بیچارے کا
پڑھا جبکہ کاوہ نے محضر وہان
خفا ہوکے شہ دیو چہرہ کے اب
یہ کہکر شتابی سے بیخوف و باک
پھر اُس انجمن سے وہین اُٹھ گیا
ہوا کاوہ گستاخ اور بی ادب
رہ کینہ سے چاک محضر کیا
مگر دوستدار فریدون ہوا
دیا شاہ ضحاک نے یہ جواب
لگا پیٹنے اپنے سر کو وہ جب
گیا جبکہ وہ کاوۂ کینہ خواہ
علم ہاتھ مین لیکے وہ ناموَر
فریدونکا ہے جسکے دلمین خیال
ہوئے جمع وان شہری و لشکری
کہان ہے فریدون یہ واقف نہ تھے
جو کاوہ حضور فریدون گیا
تو ضحاک کا چھینلے دیہیم سے
کیا شکر لطف جہان آفرین

یہ خرد و کلانسے ہون مین چاہتا
کہ ضحاک ہے خسرو نیک نام
جہان پرور و نیک کردار ہے
نشانی بفرمان شاہی ہوئی
یہ سُدن ہوس شاہ کے دلمین تھی
لگا کہنے نالہ کنان پیش شاہ
جہاندار سالار شاہ زمن
رکھے نام تو داد بیداد کا
نکوئی کا مضمون سراسر لکھے
اُسے اُسکا بیٹا حوالے کیا
ہوا تب خروشان و نعرہ زنان
گرفتار عصیان ہوئے ہائے سب
کیا اُسنے یکدست محضر کو چاک
اور اُسکا وہ بیٹا بھی ہمرہ گیا
حق نعمت شہ گیا بھول سب
اطاعت سے پیچیدہ یون سر کیا
کہ دشمن تراز ہر گردون ہوا
تحمل کا مجھسے نہ پوچھو حساب
بس اک خوف آیا مرے دلکو تب
فراہم ہوئی پاس اُسکے سپاہ
روانہ ہوا وانسے بس پیشتر
سو آوے یہان وہ خجستہ خصال
ہوا پھر فریدون رتبہ سروری
مگر سر اُٹھائے وہ سیدھے چلے
ادب سے جھکا اپنے سر کو دیا
جہاندار ہو ہفت اقلیم سے
بجا سجدۂ شکر لایا وہین

رفتن فریدون بجمعیت کاوہ بارادۂ جنگ ضحاک و نشستن بر تخت شاہی و تسخیر ملک بہ تائید خدا

ہوئی شاہ ضحاک کو یہ خبر
نگہبان کو اور گاؤ کو کر ہلاک
نشان کچھ نپایا فریدون کا جب
کہ آنے سے ضحاک کے بیشتر
فریدون کو وہ لیگئی اُسکے پاس
سر عجز سے پھر فریدون کا سر
جو کچھ قوت اُسکو پہونچتا بہم
خداوند روے زمین ہوئیگا
کرے گا یہی قتل ضحاک کو
کہ بدخواہ سے تخت و دیہیم لے
فریدون نے صحرا مین مسکن کیا
کیا شاہ ضحاک نے کیون ہلاک
نکر خوف و اندیشہ کچھ زینہار

ترا نام سنکر جو رستم تجھے بلاوے تو پھر رنج و غم ہو مجھے
سوا اسکے وہ شاہ افراسیاب کیا جسکو رستم نے اکثر خراب
رکھے تجھ سے باپ سے بغض و کین یقین ہے کہ وہ تجھ کو چھوڑے نہین
غرض یہ ہے بہتر کہ تو زینہار نہ کر باپ کے نام کو آشکار
ہوا تند وہ کودک ارجمند یہ بولا نہین بات یہ دلپسند
رکھوں مین نہ پوشیدہ نام پدر نہین مجھکو ہرگز کسی کا خطر
سواران ترکان و مردان کار فراہم کرون لشکر بیشمار
پھر اک دم مین لون تخت کاؤس کا مٹاؤن مین نام و نشان طوس کا
بٹھاؤن تہمتن کو مین تخت پر کرون اسکو ایران کا تاجور
کرون قصد پھر سوے افراسیاب سر تخت لون اسکا جاکر شتاب
جو رستم پدر ہے اور مین پسر نہ دنیا مین کوئی رہے تاجور
پری چہرہ مانند ابر بہار یہ گفتار سنکر ہوئی اشکبار
ہوا گرم سہراب پھر بہر زین کیا اسپ سنے طلب بعد ازین
دکھائے اسے گلے شہ نے تمام کہ تہمین ہر اک اسپ تھا تیز گام
پسند اسکو لیکن نہ آیا کوئی سواری کے لائق نہ پایا کوئی
سر پشت ہاتھ اسنے جسکے رکھا شکم اس ہیونکا زمین سے لگا
ہوا بچۂ رخش جب روبرو تو شادان ہوا وہ یل نامجو
کہ وہ بادپا جیسے شایستہ تھا قوی زور و چالاک و بائستہ تھا
سوار اسپ پہ ہوکر یل شیرزاد نہایت ہوا دل مین مسرور و شاد

روان شدن سہراب از توران بسمت ایران برای جنگ کیکاؤس مع ہومان و بارمان و کردن اسیر راه دار ایران را

جوانمرد نے قصد ایران کیا مہیا لڑائی کا سامان کیا
زرہ پوش مردان جنگ آوران فراہم کیا لشکر بیکران
لگا کہنے پھر یون کہ اب ہے یہ عزم کرون شاہ کاؤس سے چلکے رزم
سر تخت کاؤس رستم کو دون سپہدار اقلیم ایران کرون
ہوے متفق اسکے تورانیان لگے کرنے اغوا اسے ہر زبان
کہ ہم جانفشانی کو حاضر ہین سب نہ چھوڑینگے کاؤس کو زندہ اب
یہ سنکر ہوا شاد افراسیاب پھر اسنے یہ پیغام بھیجا شتاب
کہ بدخواہ میرا ہی کاؤس شاہ یہی آرزو اسکو کیجیے تباہ
کمر باندھ کر کینہ خواہی پہ چست کیا قصد ایران جو تو نے درست
تو مین ہون نیواب ترا اے جوان کرون تیرے شامل سپاہ گران
روانہ کیا فوج کو پھر ادھر کیے اسمین سرکردہ دو نامور
سنو نام کا انکے مجھ سے بیان کہ ہومان تھا اک دوسرا بارمان
یہ افراسیاب انسے کہنے لگا کہ رکھیو ذرا دھیان اس بات کا
کہ سہراب رستم سے واقف نہ ہو تہمتن نہ پہچانے سہراب کو
پدر سے پسر اور پسر سے پدر نہ ہو آشنا زینہار ہمدگر
کرو جہد و کوشش یہ صبح و مسا کہ سہراب و رستم ہون جنگ آزما
قوی زور سہراب ہے اور دلیر یقین ہے کرے یہ تہمتن کو زیر
بوقت دغا رستم نامجو اگر ہووے کشتہ تو سہراب کو
کسی حیلہ سے کیجیو تم ہلاک اسے بھی ملانا بخون و خاک
جو کشتہ ہون یہ دونون جنگی سوار رہے پھر کسے طاقت کارزار
نہ دشوار تسخیر ایران ہو پھر ہلاک بداندیش آسان ہو پھر
سوا فوج کے اسنے بید و دریغ روانہ کیا پیش سہراب گنج
سپاہ گران لیکے وہ نوجوان ہوا سوے اقلیم ایران روان
کوئی قلعہ تھا راہ مین استوار ہجیر دلاور تھا وان قلعہ دار
اکیلا نکل وہ مقابل ہوا سو جنگ سہراب مائل ہوا
مبارز کیا جبکہ اسنے طلب گیا سامنے اسکے سہراب تب
یہ سہراب نے اس سے پوچھا کہ ہان ترا نام کیا ہے بتا اے جوان
دیا اسنے پاسخ کہ ہون مین ہجیر قوی بازو و زورمند و دلیر
کرون سر کو اب تن سے تیرے جدا یہ کہکر کیا زخم نیزہ رہا
بہت زور اسنے کیا کین سے ہلا پر نہ سہراب جب زین سے
دلیری سے سہراب نے بعد ازان روان کرکے پہلو مین اسکے سنان
اٹھا زین سے ٹپکا وہین خاک پر اسے لیگیا پھر گرفتار کر
وہان ایک تھا گژدم پہلوان اور اسکی تھی اک دختر دلستان
سو وہ پہلوانی مین تھی بے نظیر ہنرمند دانا شجاع و دلیر

رفتن کاؤس شاہ و رستم پہلوان بہ عزم جنگ با سہراب

درخشان ہوا جبکہ مہر منیر / تو کاؤس سلطان آفاق گیر
دلیران ایران کو کرکے طلب / یہ بولا کہ تابع ہو رستم کے سب
یل پیلتن با سپاہ گران / ہوا آگے سہراب والے سے وان
چھپا گرد لشکر سے رخسار روز / نہان ہوگیا مہر گیتی فروز
جو پہونچا وہ نزدیک حصن متین / تو لشکر ہوا وان اقامت گزین
گیا پھر وہان شاہ کاؤس بھی / گئے گیو گودرز و طوس بھی
جو سہراب نے قلعہ سے کی نگاہ / تو دیکھا کہ ہے بیکران یہ سپاہ
یہ ہومان سے کہنے لگا دیکھ تو / کہ ہے کسقدر لشکر جنگ جو
جو یہ کثرت فوج آئی نظر / تو ہومان کے ہوش اڑ گئے سر بسر
یہ سہراب بولا ہراسان نہ ہو / کرون قتل اکدم مین سب فوج کو
کھنچا پھر سراپردہ پیش حصار / بفرمان سہراب عالی تبار
گیا اُس سراپردہ مین رات کو / خبر کے لیے رستم نامجو
نظر سے وہ مردم کے ہوکر نہان / لگا کرنے احوال دریافت یان
جو دیکھا تو سہراب ہے تخت پر / چپ و راست ہین اسکے سب نامور
مہیا ہے بزم نشاط و طرب / خوشی سے می لعل پیتے ہین سب
کوئی بزم مین ژندہ تھا پہلوان / پڑی جو یہ اسکی نظر ناگہان
اُٹھا وہ وہین اور اسکے روبرو / لگا پوچھنے یون کہ ہے کون تو
تہمتن نے اک مشت مارا جو سخت / تو کشتہ ہوا ژندہ خفتہ بخت
گیا وانسے پھر رستم نامور / اور اک شخص ناگاہ آیا ادھر
جو دیکھا تو افتادہ ہے اک جوان / کہ ہرگز نہین اسکے قالب مین جان
کوئی دیکھنے کو جو لایا چراغ / تو ژندہ کا وان کشتہ پایا چراغ
یہ سہراب لوگون سے کہنے لگا / کوئی آکے جاسوس کاؤس کا
نمود اپنی دکھلا گیا اس جہان / خبر لے گیا آن کر بیگمان
عوض ژندہ کا صبحدم جاکے لون / کرون ایک لشکر کو مین غرق خون
نچھوڑون سحر ژندہ کاؤس کو / ملاؤن تہ خاک خون طوس کو
زبان پر تھا سہراب کے یہ سخن / ادھر شاہ سے رستم پیلتن
یہ کہتا تھا اے بادشاہ جہان / کرون کیا مین سہراب کا امتحان
جوان قوی ہیکل و زورمند / قد اُسکا ہے مانند نخل بلند
تکلف نہین سچ مین کچھ زینہار / بعینہ ہے ہمشکل سام سوار
یہ چاہے ہے اب چرخ فیروزہ رنگ / پدر اور پسر مین باہم ہو جنگ
سنی اور دیکھی بہت رزم بزم / پر اب سنیئے سہراب و رستم کی رزم

داستان جستن سہراب نشان رستم از ہجیر و ہومان و بارمان و نیافتن سراغ

سر چرخ مہر جہانتاب نے / کیا جبکہ جلوہ تو سہراب نے
جب آراستہ اپنا لشکر کیا / یہ ہومان سے اور بارمان سے کہا
کہ تم بھی نہ تاخیر کو راہ دو / کرو اپنی آراستہ فوج کو
ہجیر دلاور کو کرکے طلب / کہا گر کہے راست تو مجھ سے اب
تو بخشون ہاتھی تجھے بند سے / وہ بولا وہین اُس تنومند سے
دروغ آگے مردم کے ہے بیفروغ / بھلا کس لیے کوئی بولے دروغ
ہجیر اور سہراب یل پھر وہین / گئے وانسے بالائے حصن حصین
یہ سہراب کہنے لگا اے ہجیر / پلنگ سراپردہ گردون نظیر
یہ کسکا ہے جلدی بتا مجھکو تو / کہ ہاتھی ہین جسکے بہت روبرو
وہ بولا کہ اے گرد با عز و جاہ / یہ ہے شاہ کاؤس کی بارگاہ
[illegible] ریت کسکا ہے خیمہ کیا / وہ بولا کہ یہ خیمہ ہے طوس کا
کہا پھر سراپردہ لالہ رنگ / یہ کسکا ہے مجھکو بتا بیدرنگ
وہ بولا کہ گودرز جنگ آزما / خداوند ہے خیمہ سرخ کا
کہا پھر یہ سہراب نے بعد ازان / سراپردہ سبز کسکا ہے وان
کھڑا ہے جہان کا دیائی درفش / کہ ہے یکقلم سرخ و زرد و بنفش
سوا اُسکے جون تخت کا ہے یکے / رکھا اک سراپردہ مین تخت ہے
یہ سنکے تھا واقف دلاور ہجیر / کہ ہے خیمہ رستم شیرگیر
دلے دل مین اندیشہ اُسنے کیا / مبادا کہین ترس جنگ آزما

نہین کوئی ہو بچے مرے یہ ورگو
غنیمت ہی یہ صحبت ہمدگر
ہوا جبکہ روز دہم جلوہ گر
زوارہ جو اُسکا برادر تھا خرد
تو دو دن وہ شاہنشہ نامور
کہا اتنا توقف وہان کیون کیا
ہوا پر غضب طوس پر شہریار
تہمتن نے جھٹکا وہین اپنا دست
سمجھتا نہین کون کاؤس ہے
مخاطب ہے اُبھر سے شہریار
تو سہراب کو کھینچ اب دار پر
کرون آتش خشم کو تیز گر
کہ سر پر رکھو اپنے تاج شہی
پذیرا جو کرتا مین تاج شہی
یہ کہکر وہین رخش پر ہو سوار
یہ احوال گودرز سے پھر کہا
جو رستم کو آزردہ خاطر کیا
توقف نہ کر اب شتابی سے جا
یہ ظاہر ہی اور تجھکو معلوم ہے
پشیمان ہوا خود بخود بادشاہ
کہے ہی یہی گرد ہر ایک یان
خدا کیلئے اے یل نامور
سمند عزیمت کی پھیر اب عنان
زبانپر ہو لوگونکی پھر یہ سخن
یہ سنکر وہین رستم پہلوان
یہ تندی و گرمی ہی میری سرشت
ترا دیر آنا ہوا ناگوار
ہوا رستم گرد بھی عذرخواہ
کرے آج ترتیب بزم طرب


یہ ہی تاب کسکی مقابل جو ہو
کہ ہی آخر کار چلنا اُدھر
تو پھر زابلستان سے باکر و فر
اُسے لیگیا ساتھ اپنے وہ گرد
ہوا خشمگین رستم و گیو پر
مرا حکم لائے نہ ہرگز بجا
کہا جا لیجا اُنھین سوے دار
خردمند پھر ہوکے جوان تمیز
مرے آگے کیا چیز پھر طوس ہے
یہ تندی سے بولا یل نامدار
بد اندیش کو خستہ و خوار کر
تو خس سے بھی کمتر ہی پھر تاجور
کرو ملک ایران مین فرماندہی
پہونچتی نہ تجھ تک کلاہ مہی
روان سوے زابل ہوا شہریار
وہ سنکر حضور شہنشہ گیا
یہ زنہار تجھکو مناسب نتھا
دلاسا تو کرکے تہمتن کو لا
کہ عاجز ہی دل سے کاؤس کے
سر نو کئے عہد ہو عذرخواہ
کہ سہراب ہے وہ دلاور جوان
تو ایرانیون پر ذرا رحم کر
تو ہرگز نہ جا سوے زابلستان
کہ اک طفل سے رستم پیلتن
پھر آیا حضور شہ خسروان
نہین چھوٹتی مجھ سے خوے زشت
ہوا تند پھر تجھپہ بے اختیار
کہ بندہ ہون تیرا یہی بادشاہ
بسر ہم کرین عیش و عشرت یہ شب

کہ دائونگا جب رخش کو جا کے وان
رہی اور دو روز بزم طرب
روانہ ہوا رستم پہلوان
غرض ہوکے منزل بمنزل روان
کہا طوس سے یون ز روے غضب
زبردست تھا طوس ہر چند پر
پھر اُسنے سوے رستم سرفراز
یہ بولا کہ ہی کونسا نامور
مجھے جز خداوند یزدان پاک
نہ ہو گرم مانند شعلہ تو اب
تبہ کاری کی تونے اب اختیار
دلیران دیگر دمکش و ناجو
ولیکن نہ اقبال مین نے کیا
ہی میری سزا تونے جو کچھ کہا
جو آزردہ ہوکر گیا پہلوان
کہا اُسنے یون شاہ کاؤس کو
پشیمان ہو شاہ گیتی ستان
ہوا اُسکے گودرز وہین روان
تمیز اُسکو اے پہلوان کچھ نہین
تو ہو ویگا آزردہ شہ سے اگر
کوئی پہلوان جسکے ہمسر نہین
کہ پشت و پناہ دلیران ہی تو
وگرنہ ہون گردان توران دلیر
یہانتک ہراسان و ترسان ہوا
اُٹھا تخت سے شاہ تعظیم کو
بلایا تجھے اسلیے مین نے یان
ہوا تو جو آزردہ اے شیر دل
جو کچھ حکم ہووے سو لاؤن بجا
سحر تا اُسے لیکر سپاہ گران

رہیگا نہ سہراب کا پھر نشان
خوشی سے رہے بادہ کش روز و شب
گئی ساتھ اُسکے سپاہ گران
گیا پیش کاؤس جب پہلوان
کہ دونونکو تو دار پر کھینچ اب
کیا رستم نامور سے حذر
کیا لاجرم ہاتھ اپنا دراز
جو لیجا کے کھینچے مجھے دار پر
نہین ہی کسیکا ذرا خوف و باک
کہ بیفائدہ ہی تمہارا یہ غضب
تو شاہی کے لائق نہین زینہار
یہ کہتے تھے مجھ سے بصد آرزو
کہ جز بندگی کچھ ارادہ نہ تھا
بجا ہی روا تو لے جو کچھ کہا
تو پیدا ہوئے وہین پیر و جوان
کہ یہ کیا کیا اے شہ نامجو
لگا کہنے گودرز سے یون کہان
تہمتن سے جا کہیا پھر بیان
جو آوے زبانپر کہے بس وہین
تبہ ہونگے ایرانیان سربسر
کوئی گرد اُس سے قوی تر نہین
نگہدار اقلیم ایران ہے تو
دلیری کرین آکے مانند شیر
کہ بے جنگ یانسے گریزان ہوا
کہا پھر کہ اے رستم نامجو
کہ ہون چارہ گر تجھسے اے پہلوان
تو پھر مین پشیمان ہوا اور خجل
شہنشہ نے ارشاد جب یون کیا
سوے دشمن کینہ جو ہون روان

کہا پھر یہ سنتے رہ لطف سے ۔ کہ تبلا نشان تہمتن مجھے
جواب اسکو اسنے دیا پھر وہی ۔ جو پہلے کہا تھا کہا پھر وہی
اگر جان کی خیر چاہے ہے تو ۔ تو رکھ یہ ہستی اب مرے روبرو
کروں ورنہ تن سے ترا سر جدا ۔ کروں قید ہستی سے تجھکو رہا
کہ کیا ہے یہ تندی و قہر و غضب ۔ عبث ہے مرے ساتھ یہ کینہ اب
یہی جبین ہے تو بہانہ ہے کیا ۔ مرے تن سے کر شوق سے سر جدا
تن اسکا ہے مثل تناور درخت ۔ زبردست و چست و توانا و سخت
کہا سنکے سہراب نے ای جوان ۔ کہاں تو نے دیکھے ہیں جنگ آوران
ہوا غمزدہ وہ یل نوجوان ۔ کہ رستم کا ہرگز نہ پایا نشان
کیا نیزہ و گرز و تیغ و خدنگ ۔ شتابان ہوا سوے میدان جنگ
عوض زندگی کے رات کھائی قسم ۔ کروں کشتہ کاؤس کو صبحدم
اگر پاس نام اور عزت بھی ہے ۔ تو آ کر مقابل ہو کاؤس کے
یہ کہکر لگا کھینچنے انتظار ۔ کہ آتا ہے اب کونسا نامدار
کوئی جب نہ اسکا ہوا ہم نبرد ۔ ہوا تب خروشندہ وہ شیر مرد
چراتا ہے دل رزم سے جو سہا ۔ تو کیوں نام کاؤس اپنا رکھا
کوئی جلد رستم سے جا کر کہو ۔ کہ یارا نہیں ہے کسی گرد کو
دوان طوس پاس تہمتن گیا ۔ تہمتن سے یہ ماجرا سب کہا
کوئی اور جا کر سوے رزمگاہ ۔ بد اندیش سے آج ہو کینہ خواہ
وے طوس نے جب کیا یہ بیان ۔ تو ناچار پھر رستم پہلوان
یہ سہراب بولا کہ لشکر سے ہم ۔ ستیزندہ ہوں چلکے یکسو بہم
تو سہراب نے یوں کہا اے جوان ۔ نہیں ہے کسیکو تاب و توان
یہ سنکر وہیں رستم نامدار ۔ لگا کہنے اے کودک خامکار
وہ میں ہوں دلاور یل نامجو ۔ کہ دیو سفید سیہ کار کو
وہ کہنے لگا سنکے یہ داستان ۔ کہ شاید تو ہے رستم پہلوان
یہ سنکر اسے یاس افزوں ہوئی ۔ بہم جنگ پھر زیر گردوں ہوئی
ہوا زخم کوئی نہ وان کارگر ۔ وہ نیزے شکستہ ہوے سر بسر
بہم ضرب یہ ضرب تھی بدریغ ۔ شکستہ ہوئی آخر کار تیغ
کہ حیران رہا دیکھ چرخ کبود ۔ ہوے آخرش کج سراسر عمود
عرق میں ہوا تر سراپا بدن ۔ ہوے خشک یکدست کام و دہن

تو ہو قید سے تا کہ جلدی رہا ۔ کروں تجھ پہ مصروف لطف و عطا
ہوا پھر وہ تند اور کہا اے ہژبر ۔ نہیں یہ تری بات کچھ دلپذیر
تہمتن کا خیمہ بھی ہوگا مگر ۔ تو زنہار اب مجھ سے پنہاں نکر
کیا اسنے پھر اس سے انکار صاف ۔ وہ لایا زبان پر یہ گفتار صاف
تہمتن کی مجھکو خبر کچھ نہیں ۔ تو کھینچے ہے کس واسطے تیغ کین
یہ کہکر لگا کہنے پھر یوں ہژبر ۔ کہ رستم ہے مرد شجاع و دلیر
ہزاران دیوان و پیل و پلنگ ۔ مقابل نہوں اسکے ہنگام جنگ
جہانمیں ہیں ایسے خداوند زور ۔ کہ رستم کو سمجھے ہیں تند مور
بلندی سے اسنے فرود آن کر ۔ زرہ اور جوشن کیا زیب بر
جدھر قلب میں شاہ کاؤس تھا ۔ ادھر جاکے سہراب نے یوں کہا
سواران ایران کو میدان میں ۔ تہ تیغ کھینچوں نہیں اک آن میں
سوا اسکے ہووے جسے عزم جنگ ۔ نبرد آزما مجھ سے ہو بیدرنگ
ولیکن نہ نکلا کوئی نامور ۔ کہ تھا دلمیں ہر اک کے خوف و خطر
کہ شاہوں کو غیرت ذرا چاہیے ۔ نہ جنگ آوروں سے ڈرا چاہیے
یہ آواز کاؤس نے دی وہیں ۔ کہ اے نامداران ایران زمین
جو اس گرد سے جاکے ہو کینہ خواہ ۔ ہراسان و خائف ہے تمیں سپاہ
کیا تھا یہ رستم نے اسدم قرار ۔ کہ پہلے کرونگا نہیں کارزار
مبادا جو پہچان لے یوں ۔ تو پھر میں نبرد آزما اس سے ہوں
پہنکر زرہ رخش پر ہو سوار ۔ گیا سوے میدان پئے کارزار
کہا یوں تہمتن نے اچھا چلو ۔ گئے جبکہ یکسو وہ پیکار جو
جو مجھ سے مقابل ہو میدان میں ۔ کرونگا تجھے قتل اک آن میں
نہ کر سختی اب پختہ کاروں سے تو ۔ نہ جنگ آوروں سے ہو پنجہ تو جو
کیا کشتہ اکدم میں ہنگام جنگ ۔ نہ جانبر ہوئے مجھ سے شیر پلنگ
وہ بولا کہ زنہار رستم نہیں ۔ میں اسکا ہوں اک چاکر کمترین
ہوے لیکے نیزہ ستیزہ کنان ۔ لگی چلنے باہم سنان بر سنان
دلیروں نے پھر کھینچکر تیغ تیز ۔ کیا گرم بازار کین و ستیز
لیا ہاتھ میں پھر عمود گران ۔ لڑے اسقدر مرد جنگ آوران
ہوئی پارہ پارہ زرہ یک قلم ۔ رہا پھر نہ زنہار گھوڑوں میں دم
جدا گانہ پھر دونوں استادہ ہو ۔ وہ سہراب اور رستم نامجو



سُنے نام رستم کا اور ناگہان ۔ کرے جنگ پرخاش جا کر وہان
وہ غافل ہو اور کشتہ ہووے کمین ۔ قیامت ہو برپا پڑے زمین

یہی مصلحت ہی کہ اب زینہار ۔ نہ بتلاؤں نام یل نامدار
کہا یون کہ خاقان چین نے یہان ۔ سپہ لیکے بھیجا ہی اک پہلوان

کہ ہو یادر شاہ کاؤس کے ۔ یہ اُسکا سراپردۂ سبز ہے
وہ بولا کہ اس گرد کا نام کیا ۔ کہا نام اُسکا نہین جانتا

کہا دلمین اُسنے کہ ان نے وہان ۔ بتایا تھا رستم کا جو کچھ نشان
وہ سب دیکھتا ہون ولے ہی عجب ۔ کہ ظاہر کیا اُسنے کچھ اور اب

کہا پھر ذرا غور سے رزمگاہ ۔ کہ کس نامور کی ہی یہ بارگاہ
یہی اُسنے سہراب سے پھر کہا ۔ کہ خیمہ ہی یہ چین کے گرد کا

کہا تھا یہ سہراب نے ہی کہان ۔ سراپردۂ رستم پہلوان
یہ سُنکر دیا اُسنے پاسخ وہین ۔ کہ وہ زابلستان سے آیا نہین

مصمم کیا تونے اب دلمیں کیا ارادہ لڑائی کا یا صلح کا
یہ بہتر ہی ہم تم نہ ہون رزمخواہ کرین راستی دونون شام و پگاہ
بہم محفل آرا و مے نوش ہون بجنگ نبرد و طرب کوش ہون
کرین عہد و پیمان کو محکم ہم پشیمان ہون اب کینہ خواہی سے ہم
تو کیسو ہوتا اور کوئی جوان یہان آن کر ہو ستیزہ کنان
مرے دلمیں پیدا ہوئی تیری مہر نہ ہو کینہ ہو تو بھی زیر سپہر
نشانی جو کچھ چاہیے ہے عیان دلے نام تیرا ہی مجھ سے نہان
کسی نے بتایا نہین زینہار تو کر نام کو اپنے اب آشکار
تو شاید کہ ہے زال زر کا پسر پل پیلتن رستم نامور
سر صلح ہر چند تھا وہ جوان پر ایمن نہ تھا رستم پہلوان
کہے تھا یہ دلمیں پل پیلتن نہین طفل کا اعتبار سخن
یہ پاسخ دیا پھر تہمتن ایجوان نہین مین بھی کودک تو گو ہی جوان
بہت مین نے دیکھا فراز و نشیب نکر مجھ سے گفتار مکر و فریب
کمر باندھ پشت ہیون سے اتر کہ سرگرم کشتی ہون اب ہم اگر
جو دیکھا کہ رستم ہے اب گرم کین تو ناچار سہراب بولا وہین
تو مائل ہوا اسکے کشتی اگر توان مین بھی کشتی کو حاضر ہون پر
نہین چاہتا یہ کہ تجھ سا جوان مرے ہاتھ سے کشتہ ہووے یہان
یہ کہکر وہ دونون پل نامدار لگے کرنے کشتی کے فن آشکار
کیا زور رستم نے وان جلد بیش گیا آگے سہراب کے کچھ نہ پیش
ہوا وہ خرد خندہ چون پیل مست کیا زور سے اسنے رستم کو پست
جو کھینچا پکڑ کر کمر بند کو تو سنبھلا نہ پھر رستم نامجو
زمین سے بہم پشت رستم ہوئی خرابی تہ چرخ یہ خم ہوئی
گرا خاک پر جب پل نامور تو سہراب بیٹھا وہین سینہ پر
لیا کھینچ پھر خنجر آبگون یہ چاہا کہ اسکو کرے غرق خون
کیا حیلہ رستم نے شوکت دوان لگا کہنے سہراب سے ای جوان
یہان کے یہ آئین نہین زینہار کرے زیر جسکو کوئی ایکبار
تو سر کو کرے اسکے تن سے جدا مگر ہو دگر بار زور آزما
اسے قوت و زور سے لا کے زیر کرے شوق سے قتل پھر وہ دلیر
یہ سنکر وہ اسکے اٹھا سینہ سے غرض پل تہ اٹھایا وہین کینہ سے
گیا پھر وہ سہراب فرخ نہاد طرف اپنے لشکر کے خندان و شاد
کہا جبکہ ہومان سے یہ ماجرا کیا اسنے افسوس اور یون کہا
کہ عیاری و مکر سے کینہ خواہ رہا ہو گیا ہاتھ سے تیرے آہ
نہ دیکھا تھا تک ہے فراز و نشیب تو اک طفل تھا تونے کھایا فریب
تہ دام آیا تھا شیر ژیان دیا چھوڑ مفت تونے کیا تھا زیان
ہوئی بیوقوفی یہ تجھ سے کمال رہائی تری اس سے اب ہے محال
پل نوجوان نے کہا کیا ہے غم کرونگا اسے زیر پھر صبحدم
گیا جبکہ رستم سوے خیمہ گاہ رہا شب کو زاری کنان تا پگاہ
دعا اسنے مانگی کہ اب یا خدا وہی زور دے مجکو پہلے جو تھا
اسے ابتدا مین تھا زور اسقدر زمین چاک ہوتی تھی ہر گام پر
وہ عاجز بہت قوت فنا رہتا زمین پر خرام اسکا دشوار تھا
ہوا تھا تب اس بات کا خواستگار کہ کچھ زور کم ہووے یا کردگار
ہوئی تھی مناجات اسکی قبول مراد اسکی وہین ہوئی تھی حصول
غرض کرکے شب زاری و انکسار ہوا زور پیشین کا وہ خواستگار
خدانے پذیرا کی اسکی دعا وہی زور اسکو کیا پھر عطا

داستان کشتہ شدن سہراب از دست رستم بروز دیگر و نوحہ نمودن رستم در ماتمش

پھر دیکھ کر قوت و زور تن ہوا شادمان پہلوان زمن
سپاس عنایات پروردگار بجا لاکے اور خوش یہ ہو سوار
گیا شاد و خرم سوے رزمگاہ ہوا جلکے سہراب سے کینہ خواہ
یہ سہراب نخوت سے کہنے لگا کہ چنگال سے میرے ہو کر رہا
تو پھر آج آیا سوے کارزار عزیز اپنی شاید نہین جان اسے
تہمتن یہ بولا کہ جبتک ہے جان ترے ساتھ ہونگا ستیزہ کنان
وہ کرنے لگے پھر در کشتی ہم ہوے مائل زور و کشتی بہم
بہم خوب زور آزمائی ہوئی نہ سہراب کو پھر رہائی ہوئی
پکڑ کر کمر بند سہراب کا زمین سے لیا پیلتن نے اٹھا
پٹک کر زمین پر اسے پھر وہین سر سینہ بیٹھا وہ از روے کین

ذرا اس کے کہنے لگے اپنا دم
ولیکن نہ کینہ ہوا دل سے کم
تہمتن بھی دل میں یہ کہنے لگا
کہ اس قدرت و قوت و زور کا

سمندر شہادہ کیا دبا [illegible]
نہ ہرگز کوئی دیو آیا نظر
پھر اتنے میں سہراب نے یوں کہا
کہ تیر و کماں سے ہو جنگ آزما

بہم دونوں لیکر کمان خدنگ
دلیران جنگی لگے کرنے جنگ
ہوئے دم میں ترکش تہی سر بسر
ہوا پر نہ اک تیر بھی کارگر

پکڑ کر کمر بعد از ان
لگے زور کرنے وہ دونوں جوان
کیا پہلے رستم نے زور اسقدر
کہ وہ زور کرتا اگر کوہ پر

تو دیتا جبل کو زمیں سے ہلا
ولیکن نہ سہراب زیں سے ہلا
کیا زور اُسنے بھی ہر چند پر
نہ ہرگز ہلا رستم نامور

اسے چھوڑ سہراب نے بس وہیں
لیا ہاتھ میں گرز از روئے کین
جو مارا تہمتن کے بالائے سر
تو رستم ہوا رستم نامور

یہ سنکر لگا کہنے سہراب پھر
کہ ہے جنگ کی تجھ میں کچھ تاب پھر
تہمتن یہ بولا ہوا دن تمام
قریب آگیا اے جوان وقت شام

تو رکھ جمع خاطر کہ وقت پگاہ
ترے ساتھ پھر آکے ہوں رزم خواہ
وہ سہراب پھر لیکے گرز گران
سو لشکر شاہ آیا دوان

تہمتن ادھر کھینچ کر تیغ کین
شتابان ہوا کھینچ ترکان کین
کہوں کیا کہ اک دم میں یاں اژدہا
ہزاروں ہوئے قتل پیر و جوان

یہ رستم کے پھر دل میں آیا یقین
مبادا کہ سہراب از روئے کین
کہیں شاہ سے جا کے ہو رزمجو
وہ غیرت سے ضائع کرے انکو

شتابی لگا ورگی موڑ عناں
کہا آکے سہراب نے یوں کہ ہاں
تو جنگ لڑنے سے وقف نہیں
عبث ہے یہ بیباکی و بغض و کین

ذرا صبر کر شکوہ آج اے جوان
ستمگر تو ہے اور میرا گرز گران
سوا اسکے گر ہے خواہان جنگ
تو پھر ہو مقابل کے بیدرنگ

اسے بھی نہ تھی رزم کی تاب پھر
گیا اپنے لشکر میں سہراب پھر
دہانے وہ سہراب جید گیا
سرا پردے میں اپنے رستم گیا

تہمتن کو شہ نے کیا پھر طلب
جب آیا تو پوچھا وہ احوال سب
وہ بولا کہ اے شاہ فرخ خصال
بڑا ہی دلاور ہے یہ خرد سال

تن اس کا ہے آہن سے بھی سخت
موثر نہیں جسپہ تیغ و تبر
اثر اسپہ کرتا نہیں زینہار
مرا زور یا زور دم کارزار

تسلی لگے دینے شہ نے کہا
کرے گا ظفریاب تجھکو خدا
شہنشہ سے رخصت ہوا سلیتن
زوارہ سے جا کر کہا یہ سخن

کہ سہراب ہر چند ہے خرد سال
دیے اسکو ہے زور و قوت کمال
خدا جانے کیا پیش آوے سحر
ہے سخت گر ہمقرین ہو ظفر

مبادا اگر کشتہ ہو وقت رزم
تو کچھ رنج کا اس کے کیجو نہ غم
سمجھ زال لشکر کو لے جائیو
خیال اور دل میں نہ کچھ لائیو

تو واں باپ کے جائے لیوے ہی
ہوا وہ جو کچھ جیسے تقدیر تھی
عبث زاری و آہ و نالہ و بکا
بھلا چارہ کیا جب آوے قضا

زوارہ سے جب یہ کیا یہ سخن
لگا کرنے گریہ یاں سلیتن
کہا کرکے زاری کہ اے کردگار
ستے یوں کرم کا ہیں امیدوار

تو بدخواہ پیکر سے مجھے جواب
بد اندیش بھلو نے دے شتاب
اُدھر سلیتن کا یہ احوال تھا
ادھر جا کے سہراب جنگ آزما

یہ ہوا تھا ہے بولا کہ اے نیک مرد
عجب پہلوان ہے مرا ہم نبرد
قوی بازو و سخت چنگال ہے
بعینہ وہ رستم کی تمثال ہے

وہ پایا ہوں میں سراپا نشان
مری ماں نے جو کچھ کیا تھا بیان
گمان ہے مجھے یہ مرا ہے پدر
جہان پہلوان رستم نامور

یہ سہراب کو اُسنے پاسخ دیا
کہ رستم کو یوں خوب پہچانتا
تہمتن کے ہے شکل پر یہ جوان
لگا دیکھنے بھی یہی رخش ہاں

ولیکن یہ رستم نہیں زینہار
یقین جان تو اے دل نامدار
وہ سمجھا کہ یہ راست گفتار ہے
ہمارا ہوا خواہ و غمخوار ہے

جنگ رستم و سہراب بروز دوم و زیر آمدن رستم در کشتی

ہوا مہر تاباں جو پیدا [illegible]
تو سہراب اور رستم پیلتن
تہمتن زرہ در رخش پہ ہو سوار
گئے سوئے میدان پئے کارزار

شتابی سے رستم سہراب کا [illegible] ہوا
سوئے الفت و مہربانی ہوا
تہمتن سے پہلے ہوا قصد جو
کہا دو وہیں ہنسکر اے تندخو

تڑپتا تھا سہراب بسمل اُدھر   اُدھر رستم گرد تھا نوحہ گر
تو سمجھے یہی دلمین سب پیر و جوان   کہ کشتہ ہوا رستم پہلوان
گئی یہ خبر پیش شاہ زبان   کہ رستم سے خالی ہوا اب جہان
سوِ رزم گہ جا کے لاؤ خبر   مبادا ہوا کشتہ رستم اگر
جو سہراب سے ہووے پھر کینہ خواہ   نہین تاب رکھتی یہ ہرگز سپاہ
کرے ہی فغان اور بیتاب ہے   تڑپتا پڑا وان بھی سہراب ہے
اٹھا کر سپر رستم نامور   لگے پوچھنے سب کیا ہی خبر
ہوا ہاتھ سے میرے ایسا ستم   رہیگا قیامت تلک یاد غم
یہ کہکر وہین کھینچ خنجر لیا   کہ تن سے کرے اپنے سر کو جدا
زوارہ نے پارہ گریبان کیا   غم و درد سے شور و فغان کیا
جگر پر میرے زخم کاری لگا   نہین کچھ بھروسا ہی اب زیست کا
پسر سے یہ بخت سے بار رہا   جو پوچھا تو پوشیدہ اُسنے کیا
مقابل مرے جبکہ رستم ہوا   تو پریشان حال اُس سے ہردم ہوا
کوئی کیا کرے کس کا ہی اختیار   نہین چارہ تقدیر سے زینہار
احوال سنکر ہوے نوحہ گر   زوارہ اِدھر اور رستم اُدھر
یہ سہراب دلخستہ نے پھر کہا   کسی کو نہین اس جہان مین بقا
بحل تمکو میںنے کیا اپنا خون   مرے التماس ایک کہتا ہون یون
نہ ہو جا کے ترکون سے پھر کینہ خواہ   نہ کھینچے سوِ ملک توران سپاہ
اگر زندہ رہتا تو ہر ایک پر   مراعات کرتا مین شام و سحر
جگر خستہ نے جو کہ اُسدم کہا   تہمتن نے اُسکو پذیرا کیا
جو ہی خاص ترنوشدارو وہ لا   مگر اُس سے چارہ ہو سہراب کا
لگا کہنے سنکر یہ شاہِ جہان   مہیا ہی وہ نوشدارو یہان
برای پسر مرد خجستہ صفات   ہی کچھ یاد رستم کی اُس دن کی بات
کیا سرکشی سے نہ پاس ادب   رہ و رسم دی ہاتھ سے اُسنے سب
سوا اُسکے سہراب کی گفتگو   سُنی خوب تونے وہ آفت ہے تو
کہے تھا وہ ہر دم سے بزم یہی   کہ رستم کو دون تخت و تاج شہی
سُنا جبکہ گودرز نے یہ سخن   گیا پھر وہ پیش یل سلیتن
تہمتن یہ سنکر ہوا دردمند   گیا آپ پیش شہِ ارجمند
کہ سہراب کا کام آخر ہوا   نشان مٹ گیا نام آخر ہوا

جو دیکھا کہ رخش یل نامدار   کھڑا ہی بہت دیر سے بے سوار
وہین اڑ گئے یکقلم سب کے ہوش   اُٹھا ایک لشکر مین شور و خروش
کیا حکم شہ نے کہ ایک بارگی   اُدھر جاؤ دوڑا کے اب بارگی
تو کیجائے تدبیر کچھ اور یان   کہ ایسا نہین اب کوئی پہلوان
سواران لشکر گئے جب اُدھر   تو دیکھا کہ رستم پڑا خاک پر
یہ جانا کہ زخمی ہین دونون جوان   لگا زخم کاری ہوئے ناتوان
زرہ پارہ اور چاک کر پیرہن   لگا کہنے یون رستم سلیتن
مرے رو و سر پر پڑی ہاے خاک   پسر کو کیا مینے ناحق ہلاک
پکڑ کر شتابی سے رستم کا ہاتھ   لگے رونے گردان فرخ صفات
کہا پھر یہ سہراب سے کیا ہی حال   وہ بولا کہ ہی درد مجھکو کمال
یل سلیتن کے سراپا نشان   مری ماں نے مجھ سے کیے تھے عیان
مجھے نام رستم بتایا نہین   رکھا ہاے غافل جتایا نہین
رکھا اُسنے بھی نام اپنا نہان   کیا میرے آگے نہ ہرگز عیان
پسر کی اجل باپ کے ہات تھی   ازل سے یہ ٹھہری ہوئی بات تھی
لگے کوٹنے سینہ و سر وہان   کیا دیدۂ تر سے دریا روان
نہ تم گریہ و نالہ اتنا کرو   ذرا صبر کو دلمین اب راہ دو
کہ زنہار اب رستم ارجمند   نہ پہونچا وے لشکر کو میرے گزند
کہ مولد مرا ملک توران ہے   مری جلبے بازی وہ میدان ہے
پدر بعد میرے مدارا کرے   تلطف مدام آشکارا کرے
کہا پھر یہ رستم نے گودرز کو   کہ جا کر حضورِ شہِ نامجو
وہین آکے پیش شہِ نامدار   ہوا نوشدارو کا وہ خواستگار
کہ جس سے ہو سہراب پھر تندرست   توانا و زور آور و چاق و چست
کہ کیا کیا مجھے ناملائم کہا   زبان پر جو آیا وہ اُسدم کہا
سخنہاے دشوار کہکر گیا   اُسے قید کوئی نہ یان کر سکا
سمجھ اپنے دلمین کہ فہمیدہ ہی   جہان مین تو مرد جہاندیدہ ہی
جب ایسے دلاور ہون دو پہلوان   رہے پھر یہ اورنگ و افسر کہان
کہا یون کہ مجھے بد شہریار   بیان کیا کرون تجھ سے میں آشکار
محل مین تھا اُسدم شہِ نامور   برآمد ہوا جب یہ پہونچی خبر
ہوا اُسکے رستم پیادہ روان   گیا نعش پر اُسکی زاری کنان



یہ سوچا کہ یہ گرد زور آزما
وہ خستہ جگر کھینچ کر ایک آہ
تمنائے دل کچھ نہ حاصل ہوئی
مرا باپ تجھکو نہ چھوڑیگا دان
جب اس خستہ تن نے سنا یہ سخن
لگا کہنے اس سے یہ گریہ کنان
یہ سہراب نے سنکے پاسخ دیا
نشانی تو دیکھ اب رہ کرکے وا
وہ مہرہ جو دیکھا نزہ کرکے وا
پسر کو کسی نے بھی مارا نہیں
یہی مصلحت ہے کہ ہوئیں ہلاک

جو پھر اٹھ کھڑا ہو تعجب ہے کیا
یہ بولا کہ تھے بخت میرے سیاہ
بملک عدم جان واصل ہوئی
کریگا ہلاک آن کر اے جوان
تو غمگین ہوا رستم پیلتن
ترے پاس رستم کا کیا ہے نشان
کہ صد حیف اے گرد کشور کشا
کہ مہرہ ہے بازو پہ میرے بندھا
تو رستم نے پھر شور و نالہ کیا
سخن یہ ہوا جو ہر گز کہیں
کر دن اپنے سینہ کو خنجر سے چاک

غرض کھینچ کر خنجر آبدار
یہاں میں جو آیا تو یہ تھی مراد
جو دریا میں اب ہے دے سکن گونت
کہا نام کیا اسنے تب یون کہا
پڑا ہوکے بیہوش بس خاک پر
کہ میں ہی سیہ بخت رستم ہوں آہ
بہت گرم الفت مرا دل ہوا
نہیں زخم سے اب طاقت مجھے
یہ بولا کہ اے جان من بے گناہ
نہ چھوڑیگا زنہار مجکو یہ غم
یہ سہراب بولا کہ کیا فائدہ

کیا سینہ دل کو کرکے فگار
کہ دیکھے سہراب ہوئیں شاد
دیا جائے بالائے چرخ برین
کہ ہے نام رستم مرے باپ کا
جب آیا ذرا ہوش تب زار کر
جہان جسکی آنکھوں میں ہو دے سیاہ
ڈھلے تو ادھر کچھ نہ مائل ہوا
کہ کھولوں ذرہ اور دکھاؤں تجھے
تو کشتہ ہوا ہاتھ سے میرے آہ
رہونگا گرفتار رنج و الم
نہیں چارہ زنہار پیش قضا

عدم سے جو پھر ناہو سہراب کا
تو کر رستم و زال کا سر جُدا

غرض خوب سمجھا کے وہ نامور
گیا لے کے تہمینہ کو اپنے گھر

رفتن تہمینہ بہ شبستان رستم پہلوان بہ تفہیم زال زر و حاملہ شدن او از رستم و بعد انقضائے مدت نہ ماہ ولادت فرامرز و جان بحق سپردن تہمینہ بغم و الم سہراب در یک سال

وہ تہمینہ اور رستم نامدار
بہم وان لگے رہنے لیل و نہار

ہوئی حاملہ پھر وہ رشک قمر
ہوا بعد نہ ماہ پیدا پسر

قوی بازو گلرخ و لالہ فام
تہمتن نے رکھا فرامرز نام

سپرد ایک دایہ کو وہین کیا
لگا پرورش پانے وہ مہ لقا

وہ تہمینہ رہتی تھی غمگین مدام
تصور تھا سہراب کا صبح و شام

دل اُسکا تھا نالان مژہ خونچکان
گئے آہ کرتی تھی گاہے فغان

پس از مرگ سہراب وہ مہ جمال
رہی زندہ با رنج و غم ایکسال

تو غم سے رہائی ہوئی زینہار
وہ دے بیٹھی جان اپنی انجام کار

یہ قصہ تو مین کر چکا سب بیان
سیاوش کی آگے سنو داستان

داستان تولد شدن ملکزادہ سیاوش از بطن دختر شاہ بلغار و برائے تعلیم و تربیت ہمراہ رستم رفتن

کوئی بیشۂ خرم و دلکشا
کہ نزدیک دریائے جیحون کے تھا

گئے ایکدن وان برائے شکار
باہم طوس اور گیو جنگی سوار

پڑی ناگہان ایک دختر نظر
پری پیکر و مہوش و سیمبر

لباس اور زیور تھا شاہانہ سب
کرشمہ ستم آن و غمزہ غضب

یہ پوچھا جوانون نے ای مہ لقا
تو ہے کون تیری حقیقت ہے کیا

بت ماہ پیکر یہ کہنے لگی
کہ دختر ہون مین شاہ بلغار کی

کہ گرشیوز اُسکا چچا ہے نام
وہ نسل فریدون سے ہے ذوالکرام

مجھے چاہتے تھے بہت تاجور
ولیکن یہ چاہتا تھا میرا پدر

کہ توران زمین کا جو ہے پادشاہ
پشنگ دلاور خداوند جاہ

مرا باندھے ساتھ اُسکے عقد نکاح
نہ زنہار بھائی مجھے یہ صلاح

کرین بے مزہ زشت خو ہے پشنگ
نہ کچھ زشت خو زشت رو ہی پشنگ

کیا مجھسے جب ذکر اس بات کا
تو بس صاف انکار مین نے کیا

خفا ہو کے تب اُس نے مارا مجھے
نہ ہرگز ہوا یہ گوارا مجھے

نکل گھر سے اور اسپ پر ہو سوار
شتابی سے لی مین نے راہ فرار

گذر آب جیحون سے آئی اِدھر
کیا اسپ پر ماندگی نے اثر

غرض جبکہ رفتار سے رہ گیا
تو پھر راہ مین چھوڑ اِسکو دیا

پیادہ ہوئی چند فرسنگ روان
ہوئی آکے اس دشت مین اب نہان

وہ دونون جوان شیفتہ اُس کے ہوئے
خدنگ نگہ کے وہ گھائل ہوئے

ہوئے خواستگار بت سیمبر
لگے کرنے پرخاش باہمدگر

بہم بعد پرخاش پایا قرار
کہ لے چلئے پیش شہ نامدار

جسے حکم دے خسرو نامجو
وہ لے شوق سے اس پری چہرہ کو

گئے لیکے جب پیش کاؤس شاہ
ہوا شاہ دیوانہ رشک ماہ

کسی کو نہ زنہار شہ نے دیا
پری چہرہ کو پاس اپنے رکھا

بندھا عقد باہم بآئین دین
ہوئی حاملہ پھر وہ زہرہ جبین

گئے نو مہینے جب اُسپر گذر
تو پیدا ہوا ایک رشک قمر

نظر کر کے طالع مین شہزادہ کے
منجم شہنشہ سے کہنے لگے

کلاہ شاہ اُسکے پریشان ہے بخت
ہوا اُس کے غمگین خداوند تخت

سیاوش رکھا نام شہزادہ کا
وہین پرورش پھر وہ پانے لگا

فغان کرکے کہتا تھا اے مہدم لیے ہاتھ وا جب ہن کے نے قلم
سنے جبکہ ماں اسکی تب کیا کہے جو کچھ وہ کہے سو نہ بیجا کہے
وہ خیمہ اور اسباب تھا جسقدر جلا کر کیا خاک پھر سر بسر
گیا شاہ کاؤس رستم کے پاس جو دیکھا تو وہ ہی بہت بے حواس
ہر اک کو ہے آخر یہی رہگذر کوئی دیر جاوے کوئی زود تر
کیا عرض رستم نے اے تاجدار ہوا سو ہوا کچھ نہیں اختیار
یہی عرض کرتا ہوں اب بار بار یہ لطف و کرم کا ہوں امیدوار
کرو رخصت اسکو بعز و وقار یہ سن کر لگا کہنے یوں شہریار
پذیرا کیا میں نے تیرا سخن مجھے پاس خاطر ہے اے سیلتن
زوارہ سے رستم نے پھر یوں کہا کہ جیحون تلک ساتھ ہو ان کے جا
جگر گوشہ کو اپنے بھیجے سوا جہاں نہیں بھلا قتل کس نے کیا
غرض رکھ کے تابوت میں نعش کو گیا سوے خیمہ یل نامجو
ہوے اسکے ماتم میں پیر و جوان خروشان و گریان و نالہ کنان
کہا سخت ماتم ہے اور قہر و درد ولے کچھ نہیں چارہ اے نیکمرد
سمجھ اب تو دانا و ہشیار ہے شکیبائی و صبر درکار ہے
ولے یہ وصیت ہے سہراب کی کہ ترکوں پہ کیجو نہ لشکر کشی
کہ ہو ان کی حرمت کہو تم نگاہ نہووے پراگندہ اسکی سپاہ
ہوا اب جو تجکو یہ رنج و الم تو میرے بھی دلکو ہوا درد و غم
کریں مجھسے گو ترک اب سرکشی کروں میں نہ زنہار لشکر کشی
زوارہ گیا ساتھ جب بے خطر گیا آب جیحون سے ہو وہاں گذر

معاودت کاؤس بایران و رفتن رستم با تابوت سہراب طرف سیستان و آمدن تہمینہ

باقبال و دولت سو تختگاہ روانہ ہوا شاہ گیتی پناہ
غرض لیکے تابوت سہراب کا پراگندہ دل شہر میں جب گیا
خروشان و گریان گئے گھر تلک قیامت تھی برپا بزیر فلک
کہ برپا وہاں شور محشر ہوا غضب ایک دفعے زمیں پر ہوا
گئی جب یہ سوے سمنگان خبر تو تہمینہ کو غم ہوا اس قدر
لیا کھینچ مردم نے پھر دوڑکر ولیکن چلے سر پسب موے سر
لگی باپ سے کہنے اے نامجو کیا قتل رستم نے سہراب کو
کہا اسنے اے دختر نازنین سپہ اپنی رستم کے ہمسر نہیں
گئی آپ تہمینہ لیکر سپاہ سوسیستان با دل کینہ خواہ
تہمتن سے جاکر تو کہہ یہ سخن کہ تہمینہ آ پہونچی اے سیلتن
رکھے ہے یہی دلمیں اب عزم جزم کرے سر کو تیرے قلم وقت رزم
یہ سن کر سراسیمہ رستم ہوا پشیمان بہت دلمیں اسدم ہوا
سراپردہ میں اسکے پہونچے جب نکل آئی تہمینہ پردہ سے تب
کہا زال نے سوے خانہ چلو شبستان کو رشک گلستان کرو
مرے آگے رستم کو لاؤ شتاب کیا جسنے یوں اپنے گھر کو خراب
گیا پیش تہمینہ جب پہلوان تو کھینچ اسنے پھر خنجر جانستان
پکڑ ہاتھ اسکا لیا زال نے یہ تہمینہ سے پھر کہا زال نے
یل نامور رستم پہلوان گیا ہوکے رخصت سو سیستان
سیہ پوش پیر و جوان ہوگیا وہاں ہوا ساتھ تابوت کے وہ روان
وہ رودابہ رستم کی ماں اسقدر ہوئی دیکھ تابوت کو نوحہ گر
کیا دفن پھر لاش کو زیر خاک دل پیر دیرنا ہوا دردناک
کہ آتش وہیں گرکے افروختہ گری آگ میں با دل سوختہ
تن نازنیں بھی ہوا داغ داغ جہاں اسکی نظروں میں تھا بے چراغ
سوسیستان کھینچ جلدی سپاہ تہمتن سے چلکر تو ہو کینہ خواہ
دیا شاہ نے جب اسے یہ جواب تو پھر دلمیں کھا کر بہت پیچ و تاب
قریب آن کر اسنے اک پہلوان روانہ کیا اور کہا یوں کہ ہاں
وہ لائی ہے ساتھ اپنے فوج گران دلیران و گردان جنگ آوران
فرستادہ پیش تہمتن گیا سنا تھا جو اسنے وہ یکسر کہا
وہیں ساتھ لے زال و رودابہ کو گیا سوے تہمینہ وہ نامجو
بغلگیر دونوں ہوے نوحہ گر کیا نوحہ سہراب کو یاد کر
لگی کہنے تہمینہ اے نیک مرد مرے دلکو رستم سے پہونچا ہے درد
میں پوچھوں یہ اس سے کہ اے کینہ جو کیا کشتہ کیوں تونے فرزند کو
یہ چاہا کہ رستم کا چیرے شکم کرے غرق خوں اسکو بیدرد و غم
کہ تقدیر پر کچھ نہیں اختیار نہیں چارہ پیش قضا زینہار

کیا اُسکو رخصت بلطف و کرم
ہوا شاد و خرم شہ ذوالکرام
زر و گوہر و نعمت بیکران
یہ سب نعمتیں دختر رشک ماہ
کہا جا کے ای شاہ روے زمین
وہ لائی زبان پر نہان دہن
تو ہمخواب ہو مجھ سے دلشاد کر
تو ہو بانوے شاہ کشور کشا
کیا شاہزادہ نے انکار جب
سیاوش وہاں سے شتابان ہوا
غرض فتنہ اک اُسنے برپا کیا
تراشیدہ ناخن سے رخ کو کیا
یہ سن کر گیا خسرو نامور
کہ شاہا سیاوش نے یان آن کے
بدرشتاری اُس سے ہوئی ہے بلا
کہا یون کہ اب از کرا آشکار
یہ بولی وہ سودابہ حیلہ گر
معطر تھی پوشاک سودابہ کی
اگرچہ یہ منظور تھا کھینچ تیغ
مبادا کہ برپا کرے کچھ فساد
شبستان مین اُسکے کوئی نازنین
یہ سودابہ سے شاہ نے پھر کہا
نہ سمجھی وہ ملعون وہ حیلہ ساز
ہوے بات اُسکی خبر نامدار
ہوئی حاملہ ناگہان ایک زن
حضور اپنے کر کے طلب زود تر
شہنشاہ کا دستور سان ہو جب
کنیزین یکایک حرمستان ہوئین
کنیزون کے کاؤس سے یہ کہا

کہا پھر یہ کاؤس سے وقت شب
دیا اُسکو اسباب شاہی تمام
ترے واسطے شہ سے لائی یہان
تجھے دونگی اب آن کے مین پناہ
سیاوش مرے پاس آتا نہین
کہا کچھ نہین عشق مین تیرے ہوش
مجھے بند سے غم کے آزاد کر
بھلا کس طرح مجھ سے ہو کچھ خطا
وہ سودابۂ فتنہ انگیز جب
وہ دامن چھڑا کر گریزان ہوا
کر اکبارگی شور و غوغا کیا
پریشان کی اپنی زلف دوتا
یہ احوال سودابہ کا دیکھکر
بچھاڑا مجھے زود سر پیچ سے
مرا پاک عصیان سے دامان ہے
نہ کہنا بجز راستی زینہار
کہ باطل ہے گفتار یہ سر بسر
سیاوش کا جامہ تھا بو سے تہی
کرے سر کو اُسکے جدا بیدریغ
خلل ملک مین لائے وہ بدنہاد
تھی مثل سودابۂ مہ جبین
سیاوش کو دیکھا تو ہے بیخطا
نہ آئی ذرا بیحیائی سے باز
پذیرا نہ کرتا تھا کچھ زینہار
ہوئی خوش اُسے سنکے وہ حیلہ ساز
کیا شاد دیکے اُسے سیم و زر
سیاوش کا تو لیجیو نام تب
وہ سرگرم فریاد و افغان ہوئین
فلانی حرم ہے جو تیری شہا

کہ دختر کو میری پذیرا کیا
سیاوش کو پھر اُسنے روز دگر
سوا اُسکا اسباب شادی جو تھا
نہ آیا وہ شہزادۂ کامگار
شہنشہ نے اُسکو تقید کیا
جوانی یہ میری ذرا کر نگاہ
یہ سن کر لگا کہنے وہ نامدار
یہ کہتا ہون تجھ سے اب اے صاحبہ
اُٹھی تخت سے ہوکے پھر خشمگین
لگی کہنے سودابہ کر کے فغان
کیا پارہ پارہ گریبان کو
کنیزین بھی اُسکے اشارہ سے سب
لگا پوچھنے کہ حقیقت ہے کیا
کیا یہ ارادہ کہ بے خوف و باک
سنا جب یہ قصہ ہوا پر غضب
کیا اُسنے احوال سارا بیان
لگا سونگھنے اُسکے ملبوس کو
ہوا شاہ سودابہ پر خشمگین
ولیکن یہ اندیشہ دلمین کیا
سوا اسکے تھا مبتلا اُسکا شاہ
بہت خرد تھے اُسکے فرزند بھی
تو خاموش ہو راز کو کر نہان
یہی شہ سے کہتی تھی صبح و مسا
اُسی فکر مین تھی وہ بد ترس و بیباک
لگی کہنے پھر اُس سے وہ کینہ جو
کنیزون کو میری ہو اُسدم خبر
ہم دونون سوتے تھے اک رات کو
ہوا اُسکے بیداد فرما تروا
گئے اُس سے بیداد مردہ بسر

ملک زادۂ نامور نے شہا
یہ پیغام بھیجا کہ ای نامور
تکلف سے مین نے مہیا کیا
گئی پھر حضور شہ نامدار
ملکزادہ ناچار پھر وان گیا
نہ منھ موڑ زنہار ای رشک ماہ
توقع یہ مجھ سے نہ رکھ زینہار
کہ اس کام سے رکھ مجھے تو معاف
سیاوش کے دامن کو پکڑا اُسنے
بلا کیا ترے سر لگاتی ہون یان
کیا چاک چاک اپنے دامان کو
لگین کرنے غوغا و شور و شغب
رہ مکر سے اُسنے ظاہر کیا
کرے میرے دامان عصمت کو چاک
سیاوش کو شہ نے کیا پھر طلب
وہ راز نہفتہ کیا سب عیان
شہ نامور خسرو نامجو
کیا خوار اُس حیلہ گر کو نہین
کہ پرورد ہے باپ سودابہ کا
کہ تھی حسن مین غیرت مہر و ماہ
غرض اسلیے درگذر اُس سے کی
نہ ہو خوار عالم مین کر کے فغان
سیاوش کو پہونچا عقوبت شہا
کسی حیلہ سے اُسکو کیجے ہلاک
کہ اس حمل کا کر دے اسقاط تو
کرین تا کہ غوغا وہ سب سر بسر
وہ سودابۂ خسرو نامجو
یہ پوچھا کہ یہ شور و غوغا ہے کیا
کہا شہ نے لا کہ انھین زود تر

ولیکن دل شاہ تھا پُرملال   نہ تھا تربیت کا کچھ اُسکی خیال
کہیں اُن دنوں رستم آیا وہاں   لگا کہنے ای خسرو خسروان
اسے زابلستان مین لیجاؤنگا مین   ہنرہاے شاہانہ سکھلاؤنگا مین
کیا شاہ نے دہین اُسکو سپرد   غرض لیگیا زابلستان مین گرد
ہنرپروران کے حوالے کیا   لگے پھر وہ مصروف صبح و مسا
طریق نبرد و شکار و ادب   ہنرہاے شاہانہ سکھلاے سب
سیاوش جہان مین ہوا بےنظیر   ہنرمند دانا شجاع و دلیر
سیاوش نے رستم کو پھر ایکروز   کہا یون کہ ای رستم نیک روز
مجھے یہ تمنا ہے شام و سحر   کہ حاصل کرون پائبوس پدر
یہ سُن کر مہیا کرا اسباب جاہ   زر و نعمت و اسپ و کیل و سپاہ
کیا عرض شہزادے سے یون کہ اب   روان ہو جئے با نشاط و طرب
وہ بولا کہ تجھ بن نہین جاؤنگا   تہمتن نے پھر پاس خاطر کیا

باریاب شدن سیاوش بہ حضور پدر بہ معیت رستم و بپیشواز رفتن سران سپاہ

گیا ساتھ شہزادہ کے آپ بھی   حضور شہنشاہ با صد خوشی
اُسے لیگئے پیشوا آکے سب   ہوا دیکھ کر شہ قرین طرب
بہت لطف مصروف اُسپر کیا   سیاوش کی خاطر کو خوشتر کیا
ہنر پر جب اُسکے ہوئی آگہی   تو رستم کو بھی آفرین خوب کی
حضور اپنے پھر تخت تا ہفت سال   رکھا اُسکو مشغول کسب کمال
یہ دل چاہے تھا پھر شہ دہر کا   کہ ملک اُسکو دے ماوراءالنہر کا
بجاہ و حشم ہوکے یلسے روان   سیاوش کرے حکمرانی وہان
کہ اتنے مین سوداؔبہ مہ جبین   جہاندار کی زوجۂ اولین
یہ کہنے لگی شاہ کاؤس سے   کہ ای شاہ یہ آرزو ہے مجھے
سیاوش کو اک دختر خواندہ دون   اسے کتخدا ساتھ اُسکے کرون
جہاندار بولا کہ بہتر ہے پر   سیاوش کو راضی کر ای سیمبر
طلب اُسنے شہزادہ کو جب کیا   تو یہ شہ سے لیکر اجازت گیا
سیاوش پہ عاشق تھی وہ مہ جبین   سیاوش گیا جب تو اُسنے وہین
پکڑ تنگ آغوش مین شوق سے   لیے اُسکے بوسے کئی ذوق سے
ہوئی گرم مہر اُس سے جب وہ پری   وہ سمجھا کہ ہے الفت مادری
کئی دختر خواندہ زہرہ جبین   کہ سب نسل سے بادشاہونکے تھین
انھین وان طلب کرکے با صد خوشی   سیاوش سے سوداؔبہ کہنے لگی
ہوا سو بدان سے یہ مجھکو عیان   ترے تخم سے اک پسر ای جوان
خداوند ہو تخت و دیہیم کا   شہنشاہ ہو ہفت اقلیم کا
یہ سُن کر تمنا ہوئی یہ مجھے   کہ وہ میری دختر کے ہو بطن سے
یہ دختر جو حاضر ہین تیرے حضور   کہ ہین حسن مین رشک غلمان و حور
تو انمین سے گر ایک کو اب قبول   تمناے دل تاکہ ہو وے حصول
رہا سُن کے خاموش وہ نامدار   نہ پاسخ دیا شرم سے زینہار
کیا یہ بھی اندیشہ دلمین وہین   کہ پیان حقیقی مری کچھ نہین
یہ کیا ذکر جو مہر و شفقت کرے   تعجب نہین گر عداوت کرے
سو اسکے کہتے ہین سب سحرساز   حذر اس سے بہتر ہے اور احتراز
وہ کہتی تھی ٹک کھول اپنی زبان   یہ دل تنگ و لب بستہ تھا غنچہ سان
وہ سمجھی کہ ہے اسکو شرم و حجاب   جو دیتا نہین بات کا کچھ جواب
کیا اسکو رخصت اکیلی رہی   سیاوش سے پھر یہ حکایت کہی
ہوئی منقضی مدت ہفت سال   کہ عاشق ہوئی ہین تجھ پہ ای مہ جمال
تو برلا شتابی سے اب کام دل   کہ تا مجکو حاصل ہو آرام دل
تجھے بعد کاؤس کشورستان   کرونگی مین فرمانرواے جہان
سپاہ و جہاندار کاؤس کے   سراسر مرے تابع حکم ہے
فریب اُسنے ہر چند اُسکو دیے   لب اپنے نہ شہزادہ نے وا کیے
جھکاے ہوے سر کو وہ نامدار   یہ چاہے تھا جاے وانسے راہ فرار
اُٹھا جب تو سوداؔبہ نے بیدرنگ   لیا بوسہ پھر کھینچکر بر مین تنگ
یہ سوچا ملک زادۂ نامور   کہ تندی و سختی کرون کچھ اگر
مبادا غضبناک ہو جاے یہ   بلا کوئی سر پر مرے لائے یہ
نہ دیکھا کوئی چارہ جز انقیاد   بناچار بولا یہ فرخ نہاد
پئے عقد دختر جو تونے کہا   یہ البتہ مین نے پذیرا کیا
ولیکن نہ رکھ اور کچھ آرزو   ادب ہے ترا مجکو مادر ہے تو
سیاوش نے یہ بات جسدم کہی   تو سوداؔبہ کی جمع خاطر ہوئی

حمایت تو کرتا ہے بیٹے کی اب
ستم ہی ستم ہے غضب ہے غضب
کیا اور کرتا ہے مجھ کو خراب
یہ کہکر لیا زہر قاتل شتاب

کہا یون کہ مرتی ہون نہین کھا کے زہر
ہوا سنکے ناچار شاہ دہر
یہ ٹھہرا کہ شہزادۂ نامدار
گرے آگ کے درمیان ایکبار

اگر ہے گنہگار جل جائیگا
وگرنہ کچھ ایذا نہ وہ پائیگا
ہوئی آتش افروختہ جب وہان
لگا کہنے تب شاہ سے وہ جوان

خطر کیا ہے ای شاہ فرخ خصال
نہین راستی کو ہے ہرگز زوال
خدا ہے نگہبان مرا ہر زمان
کہ ہے واقف آشکار و نہان

خداوند غفار کو یاد کر
سیاوش گیا آگ مین بے خطر
نہ پہونچا اُسے کچھ ضرر زینہار
سلامت وہ نکلا پھر انجام کار

سیاوش کو شہ نے بغل مین لیا
سر و چشم پر اُسکے بوسہ دیا
ہوا سخت سودابہ پر خشمناک
کہا یون کہ کرتا ہون تجکو ہلاک

ولیکن شفاعت سیاوش نے کی
بہانہ ہی چاہے تھا کاوس بھی
سر خون سے گذرا شہ دین پناہ
غرض اُس سپہ کی مرحمت کی نگاہ

داستان رفتن ملکزادہ سیاوش بجنگ افراسیاب و فتح کردن بلخ

وہ سودابہ ازبسکہ بدکیش تھی
سیاوش کی ناحق بداندیش تھی
ملکزادہ کے قتل کا قصد تھا
یہ تدبیر تھی اُسکو صبح و مسا

خطرناک رہتا تھا وہ نامدار
دعا مانگتا تھا یہ لیل و نہار
کہ یا حضرت ایزد ذوالجلال
شتابی کہین یان سے مجکو نکال

یہ پہونچی خبر ان دنون ناگہان
کہ توران سے بالشکر بیکران
ادھر پھر ہوا عازم افراسیاب
یہ سن کر کہا نامدار عالی جناب

ہوا خشمناک اور کہنے لگا
کہ ای نامداران جنگ آزما
بداندیش ترکان نخوت شعار
نہین عہد و پیمان پہ استوار

کبھی صلح جو ہون کبھی کینہ خواہ
یہ رکھتے ہین دلمین خیال تباہ
سپہ کھینچکر بلخ تک آگئی یار
کرون انکو آوارہ و قتل و خوار

سیاوش نے کاوس سے یون کہا
کہ ای شاہ شاہان کشورکشا
مجھے بھیجیے سوے افراسیاب
کرون جاکے اُسکو تباہ و خراب

کہا شہ نے تجکو کہان ہے یہ تاب
جو ٹھہرے ذرا پیش افراسیاب
زبردست ہے تجھ سے وہ اے جوان
قوی جنگ مین اُسکے سب پہلوان

یہ مقصود تھا اُسکو اس بات سے
کہ دوری ہو اب خصم بدذات سے
یہ بہتر ہے مین آپ لیکر سپاہ
بداندیش سے جاکے ہون رزمخواہ

وہ بولا کہ اُس سے نہ کمتر ہون مین
ہنر اور قوت مین ہمسر ہون مین
یہ لشکر بھی اپنا ہے جنگ آزما
سدا فوج توران پہ غالب رہا

حضور شہنشاہ جوہر شناس
کیا پھر تہمتن نے یہ التماس
کہ ہمراہ شہزادۂ نامدار
مجھے کیجیے رخصت ای شہریار

کرین آپ تکلیف ہرگز نہ اب
رہین شاہ مصروف عیش و طرب
ملکزادہ اور بندہ کافی ہے یان
پئے جنگ ترکان نخوت نشان

انھین الغرض دیکے سامان جنگ
روانہ کیا شاہ نے بیدرنگ
وہ شہزادہ اور رستم نامور
دلیری سے پہونچا در بلخ پر

وہان پر جو تھا حکمران تا زمان
سو آیا پئے کینہ خواہی دوان
ہوئی فوج ایران جو گرم ستیز
تو بس اُسنے کی وہین راہ گریز

نہ ہرگز رہی طاقت کارزار
ہوا جا کے محصور انجام کار
یہ سنکر سوے بلخ پہونچا شتاب
سپہ لیکے داماد افراسیاب

دلاور تھا گرشیوز اُسکا تھا نام
ہوا دیکھکر تازیان شادکام
بہم متفق ہوکے پھر بیدرنگ
ہوے شاہزادہ سے خواہان جنگ

رہا خوب دو روز تک کشت و خون
کیا فوج ایران نے اُنکو زبون
ہوئی رزم کی پھر نہ تاب و توان
تو ناچار گرشیوز و تازیان

گریزان ہو جیحون سے گذرے شتاب
گئے خستہ دل پیش افراسیاب
ہوا بلخ مین دخل شہزادہ کا
یہ شہزادہ نے پھر ارادہ کیا

کہ ہوکر روان بلخ سے پیشتر
گذر آب جیحون سے پاکر ظفر
سپہدار توران سے ہو رزمخواہ
کرے اُسکے لشکر کو یکسر تباہ

سران سپہ نے یہ اُس سے کہا
کہ جلدی کو مت کام فرما ذرا
تو لکھ شاہ کو نامہ ای نامدار
وہ کیجیے لکھے جو تجھے شہریار

سیاوش نے پھر قوم نامہ کیا
لکھا یہ کہ ای شاہ کشورکشا
گیا حاکم بلخ کھاکر شکست
اور اپنا ہوا بلخ مین بندوبست

وہ رکھ طشت مین لگئین پیش شاہ
یہ بچے سیاوش کے ہین تخم سے
دیے نعل دیکھا سیاوش کا اب
وہین اُٹھ کے فی الفور باہر گیا
یہ ظاہر کردگس کے ہین تخم سے
کہا بعد یک ہفتہ اے شہریار
جو اختر شناسون نے ظاہر کیا
نہین راست گفتار یہ زینہار
رہا سُن کے خاموش کاوس شاہ

لگا شاد حیرت سے کرنے نگاہ
کہ یہ خواب اُسنے کیا تھا مجھے
کہ کیا کام اُسنے کیا ہی غضب
طلب اہل تنجیم کو وان کیا
خبر راز پنہان سے اب دو مجھے
یہ تخم کیان سے نہین زینہار
تو سودابہ سے جاکے شہ نے کہا
نہین انکی کچھ بات پر اعتبار
کہ بیچارہ شہزادہ تھا بے گناہ

جب اُس زن سے پوچھا حقیقت ہے کیا
یہ سودابہ نے سُن کے شہ سے کہا
شہنشاہ خاموش حیران ہوا
دکھائے اُنھین سر دو مردہ پسر
وہین طالع و بخت کو دیکھ کر
کیا راز پنہان ناپاک زن
وہ بولی کہ اے شاہ جوہر شناس
سیاوش کو واجب ہے دینی سزا
بد اندیش از بسکہ سودابہ تھی

یہ کمبخت نے تب گذارش کیا
مری بات کا تجکو باور نہ تھا
بہت اپنے دلمین پشیمان ہوا
کہا اُنکے طالع مین کرکے نظر
لگے غور کرنے وہ شام و سحر
عیان سر بسر پیش شاہ زمن
تہمتن سے ڈرتے ہین اختر شناس
سزاوار ہے قتل اہل خطا
شہ نامور سے یہ کہنے لگی



کہ تیرا معاون ہی پروردگار ظفرمند ہوگا تو ای شہریار
بتر ہوگی افواج افراسیاب وہ ہوگا گرفتار رنج و عذاب
حضور شہنشہ جو رستم گیا کیا ماجرا سب بیان صلح کا
لگا کہنے تب بادشاہ جہان نہین صلح منظور ای پہلوان
یہ پھر رستم پہلوان نے کہا کہ ہی جنگ سے صلح بہتر شہا
کہا شہ نے تم عذر کرتے ہو گر تو مین اور کو بھیجتا ہون اودھر
تہمتن نے آزردہ ہو کر کہا کہ حاضر رہونگا مین ای خسروا
روانہ کیا طوس کو پھر شتاب جہاندار نے سوے افراسیاب
کہا کچھ تامل توقف درنگ نہ کیجیو ذرا ہو جیو گرم جنگ
سیاوش کو پھر ایک نامہ لکھا کہ تورانیون کو تو یان لیکے آ

آزردہ شدن پادشاہزادہ سیاوش از کیکاوس و رفتن نزد افراسیاب و پیش آمدن او بہ تعظیم و تواضع و دادن دختر خود و ملک بخشیدن بشاہزادہ سیاوش

پڑھا شہ کا نامہ سیاوش نے جب ہوا دل پریشان آزردہ تب
سران سپہ کو بلا کر کہا کہو سوچکر مصلحت اب ہے کیا
دیا سب نے پاسخ کہ بہتر یہ ہے کہ لاؤ بجا حکم کاوس کے
وہ بولا کہ خویشان افراسیاب جو وان جاوین تو شاہ عالیجناب
کرے قتل ہر اک کو ہی یقین کہ دلمین بھرا اسکے ہی بغض و کین
کرے عہد و پیمان کا پھر اعتبار نکوئی کریگا یہان زینہار
سوا اسکے سودابہ ہی کینہ جو مری دشمن جان ہی وہ زشت خو
خدا جانے کیا ظالم نابکار مرے سر پہ لاوے بلا اکی بار
نظر آوے جب یہ گزند و ضرر تو پھر جاؤن کیونکر حضور پدر
یہ دلمین ہے یان چھوڑ کر سب سپاہ سپہدار توران کی لون پناہ
یہ سنکر بہت ہو کے اندوہگین یہ گودرز و بہرام بولے وہین
نہین مصلحت یہ قرین صواب کہ بدخواہ تیرا ہی افراسیاب
سمجھ ای ملک زادہ نام جو کہ ہرگز نہین اعتماد عدو
دیا شاہزادے نے پھر یہ جواب کرے گر مجھے قتل افراسیاب
تو بہتر ہی اس سے کہ لیل و نہار رہون مین حضور پدر خوار و زار
یہ کہکر وہین ایک نامہ لکھا سو شاہ توران روانہ کیا
لکھا یون کہ ای خسرو نامور مرا باپ اب بھی نہین صلح پر
عوض میرے بھیجا ادھر طوس کو کہ ہو تم سے اب کن کے رزمجو
مرا عہد و پیمان ہے استوار اگر سر بھی جائے تو ہان زینہار
نہ پھیرونگا مین سر عہد و پیمان سے گاہ رکھون راہ و رسم مروت نگاہ
غرض کچھ نہین شاہ کاوس سے نہین ہی مجھے کام کچھ طوس سے
یہ ہی قصد اب ہے کہ چرخ برین کہین و رجا کر ہو مین مسکن گزین
نہ پہونچے جہان ہاتھ کاوس کا رہون مین وہان صبح و مسا
بتا دیجئے کوئی ایسا مکان کہ جا کر کرون مین اقامت وہان
لکھا ہے عزیزان خویشان کو اب کیا مین نے رخصت بعیش و طرب
گیا پڑھ کے حیرت مین افراسیاب لکھا اسنے نامہ کا پھر یہ جواب
اگر مجکو سمجھ عہد و پیمان مین چست ترے ساتھ ہی صلح میری درست
لڑے وہ ہی کینہ ہی کاوس سے وہی جنگ پرخاش ہے طوس سے
کہان طوس کو تاب ہی نیک مرد کہ ہو آن کر مجھ سے اب ہم نبرد
جو منظور رکھو گے تم پاس وفا ہوا میری خاطر پدر سے جدا
تو مین نے کیا تجکو اپنا پسر محبت کرون مین بطور پدر
کرون بلکہ فرمانبری روز و شب تو آ شوق سے یان بفرط طرب
جو تو چاہے تجکو وہ اقلیم دون زر و گنج و اورنگ و دیہیم دون
تجھے بعد کاوس بیدادگر کرون ملک ایران کا مین تاجور
یہ نامہ پڑھا شاہزادے نے جب ہوا بند سے غم کے آزاد تب
وہین عزم توران مصمم کیا اور اک نامہ کاوس کو یون لکھا
کرون عرض کیا ہی یہ تجھ پر عیان کہ پہلے تو ای شاہ کشورستان
کیا متہم مجکو سودابہ نے کیا پر غضب تجکو سودابہ نے
یہ چاہا کہ مجکو کرے تو ہلاک خدا کا نہ ہرگز کیا خوف و باک
ستارہ شناسون نے جو کچھ کہا وہ زنہار تو نے نہ باور کیا
کیا آخر آتش مین یہ خاکسار ولیکن بالطاف پروردگار
سلامت رہا کچھ نہ پہونچا ضرر کیا بلخ کو فتح یان آن کر

گزر جاؤں جیحون سے گر حکم ہو
سپہدار توران سے ہوں رزم جو

اگر وہ نہ جیحون سے آیا ادھر
تو ہرگز اُدھر کا ارادہ نہ کر

لکھا شاہ کاؤس نے یہ جواب
کہ ہے سخت پیکار افراسیاب

سیاوش بفرمان شاہ جہان
ہوا بلخ میں پھر توقف کنان

آمدن گرشیوز داماد افراسیاب با ہدایا نزد سیاوش بدرخواست آشتی و آزردگی کاؤس و طلب سیاوش

جہان تھا سپہدار توران وہان
گئے جب وہ گرشیوز تازیان

گیا خواب میں شب کو افراسیاب
تو ناگاہ آیا نظر ایک خواب

یہ پوچھا کہ اے سرور نامور
تجھے خواب میں اب پڑا کیا نظر

یہ کہنے لگا اُس سے افراسیاب
کہ اسوقت دیکھا ہے میں نے یہ خواب

نمایان ہوا ابر میں ایک بار
ہوا رخ سے ایران کے آشکار

کیا میرے لشکر کو اُسنے ہلاک
ملایا مراک کو تہ خون و خاک

جوان ایک تھا رشک خورشید و ماہ
وہ بیٹھا تھا نزدیک کاؤس شاہ

ہوا دلمیں از بسکہ اُسوقت درد
خروشان ہوا پھر میں از نیمرد

نہ دلمیں ذرا خوف و اندیشہ کر
میسر تجھے ہوگی فتح و ظفر

طلب اُسنے دانشورون کو کیا
مفصل کہا ماجرا خواب کا

وے ایک نے عہد و پیمان کیا
سپہدار توران سے پھر یون کہا

وگرنہ خرابی بڑے ہے نظر
مبادا کہ ہو جائے نوع دگر

روان پھر کیا شہ نے داماد کو
سو بادشہ زادہ نام جو

گیا جبکہ گرشیوز نام جو
سیاوش اُٹھا وہین تعظیم کو

سیاوش ہوا دیکھ کر شادمان
پھر اک بزم آراستہ کی وہان

اُٹھا وہین داماد افراسیاب
تہمتن نے سنکر دیا یہ جواب

ہوا آشتی خواہ افراسیاب
ہوا جائے سرگرم آرام خواب

وے سخت پیکار رہے بدنہاد
نہیں اُسکے کچھ قول پر اعتماد

جنھیں ہم کہیں سو وہ آدین یہان
برسم دگر یان ہین جاودان

ہمیں اس طرح صلح منظور ہے
وگرنہ رہ آشتی دور ہے

یہ احوال لکھ اُسنے قاصد شتاب
روانہ کیا پیش افراسیاب

بخارا و خوارزم اور چاچ بھی
سمرقند و سپحال سے تھے سبھی

تہمتن نے جسکا لیا نام تھا
روان پیش شہزادہ اُنکو کیا

لکھا صلح کا شہ کو احوال سب
کئے تحفے توران کے ارسال سب

اُڑے ہول سے جسکے ہوش و حواس
بہت دلمیں اُسکے ہی خوف و ہراس

گذارش کیا اُسنے احوال جنگ
یہ سنکر اُڑا اُسکے چہرہ کا رنگ

ہوا ہول سے اُسکے گرم فغان
سنا جب تو گرشیوز آیا وہان

جو یکبارگی تو خروشان ہوا
ہراسان ہوا دل پریشان ہوا

کہ اک دشت میں سیکڑوں سانپ ہیں
مری فوج بھی ہے وہان اور وہین

وہین بادصرصر ہویدا ہوئی
پھر اُس میں سے اک فوج پیدا ہوئی

پکڑکر مجھے لے گئے مردمان
شہنشاہ کاؤس بھی تھا جہان

اُٹھا وہ وہین اور کھینچکر اُسنے تیغ
کیا چاک پہلو مرا بے دریغ

لگا کہنے داماد افراسیاب
کہ برعکس ہوتی ہے تعبیر خواب

یہ تعبیر اُسکے نہ آئی پسند
گیا دل سے ہرگز نہ خوف و گزند

ہوئے سُنکے خاموش دانشوران
کہ تھا دلمیں ہر ایک کے خوف جان

کہ ہرگز نہ کر قصد پیکار تو
سیاوش سے اے شاہ ہو صلح جو

پسند آئی گفتار اختر شناس
عطا کی اُسے نعمت بے قیاس

فقط نامہ اُسکے حوالے نہ تھا
تحائف بھی انواع وہ لے گیا

وہ تحفے دیا اور نامہ دیا
پئے آشتی اُسنے کی التجا

ہوئے محفل آرا بعیش و طرب
گئی الغرض جب گذر نصف شب

کہ بدخواہ عاجز ہوا جب کمال
کیا آشتی کا تب اُسنے سوال

سیاوش نے رستم سے پھر یون کہا
کہ اے پہلوان مصلحت اب ہے کیا

فرستادہ کو دیجئے یہ جواب
کہ گردان و خویشان افراسیاب

تعلق میں ایران کے جو کچھ کہ ہو
کہ اُس سے بھی اب دست بردار ہو

سحر کو جو گرشیوز آیا وہان
کیا اُسنے مرکوز خاطر عیان

کیا شاہ توران نے سب کچھ قبول
ہوئی آرزوے دلی سب حصول

عزیزان و خویشان و فرخ نہاد
دلیران و گردان عالی نژاد

ہوا شاد شہزادۂ نامدار
تہمتن کو بھیجا سوے شہریار

سُنی تھی خبر شاہ نے پیشتر
کہ بدخواہ کو خواب آیا نظر

سوا اُسکے اختر شناسون نے بھی
کہا شاہ کاؤس سے تھا یہی

فرنگیش کی ماں نے سونپا اُسے
ہوا خواہ دختر کا سمجھا اُسے

کیا کتخدا رسم و آئین سے
فرنگیش کو ساتھ شہزادے کے

کہ جسکا نہیں ہو سکے یان بیان
سوا اسکے ہو کر بہت شادمان

سُنی جبکہ کاؤس نے یہ خبر
کہ وہ بادشہزادۂ نامور

ہوا پیچ و تاب جدائی کا درد
کہ ہر دم لگا کھینچنے آہ سرد

سپہدار توران سے پرخاش کا
ارادہ جو کاؤس کے دلمین تھا

رہا شاد ان جشن شاہانہ وان
بصد حشمت و جاہ و توقیر شان

در و لعل و اسپان و فیلان و زر
جہیز اُسکو وان سے ملا بیقدر

دیا شہ نے اُسکو دیار ختن
کیا لطف سے شہریار ختن

گیا بلخ سے پیش افراسیاب
ہوا شاہ کے دلکو اک اضطراب

خفا ہو کے شہ سے سوسیستان
روانہ ہوا رستم پہلوان

رکھا شہ نے موقوف در طوس کو
لکھا یون کہ پھر آتو اے نامجو

رفتن شاہزادہ سیاوش طرف ختن و باعث ناموافقت آب و ہوا روانہ شدن طرف دریاے گنگ و تیار نمودن قلعہ سنگین و دیگر مکانات رفیع و دلپسند و حسد بردن گرشیوز داماد افراسیاب و ورغلانیدنش افراسیاب را و کشتہ شدن سیاوش از دست افراسیاب

سیاوش ملکزادہ نامجو
فرنگیش کو لیکے با فر و شان
معین کئے آدمی جابجا
لب گنگ اک جاے دلچسپ تھی
بنایا وہان ایک حصن حصین
ہر اک جا بنے انواع نقش و نگار
سپہدار کاؤس عالی جناب
لکھی سکی صورت بخوبی وہان
سوا اسکے بھیجا بہت مال و گنج
سیاوش ملکزادہ اسواسطے
سپہدار توران ہوا شادکام
حضور سیاوش روانہ کیا
سیاوش سے رکھتا تھا وہ بغض و کین
ولے کینہ سینہ مین پوشیدہ تھا
بہت ساتھ اُسکے مدارا کیا
تو پھر دلمین اُسکے ہوئی اور کد
تو ظاہر کیا یون کہ اے تاجدار
دماغ اُسکا نخوت سے یکسر بھرا

گیا سوے شہر ختن شادمان
کہ ہیوے جہان خوب آب و ہوا
ملکزادہ کو آکے دی آگہی
حضور اُسکے تھا بیست چرخ برین
بصد رنگ ان جلوہ گر تھی بہا
پشنگ و سپہدار افراسیاب
بنا ہر مکان غیرت گلستان
حضور ملکزادہ بے درد و رنج
گیا چھوڑ تھا باپ کے گھر اُسے
رکھا پھر خوشی سے فرود اُسکا نام
تحائف بہت بھیجے اُسکے سوا
یہ چاہیے تھا کمبخت بیداد دین
بظاہر تھا مداح شہزادے کا
نہ آیا وہ درتک ولے پیشوا
زیادہ ہوا درکین و حسد
سیاوش سے غافل نہ ہو زینہار
نہ کی میری تعظیم اُسنے ذرا

ہوا جبکہ رونق فزاے ختن
خبر دو کہ مسکن گزین جا کے ہون
کہ ہے اک مکان مثل باغ جنان
بناے درون حصار بلند
کیومرث و جمشید فرخ نہاد
نریمان و سہم رستم و سام و زال
سُنی شاہ توران نے جب یہ خبر
پری چہرہ گلشہر رشک چمن
ہوا اُن دنون اس سے پیدا پسر
وہین طفل کے ہاتھ کو زعفران
گیا ہے کے گرشیوز نامدار
کہ شہزادہ رہوے نہ اس شان سے
گیا تہنیت نامہ لیکے جب
بزرگی و خردی کا آداب وان
وہ رخصت ہو نامہ کا لیکر جواب
نہیں وہ سیاوش جو تھا پیشتر
فراہم بہت کی اب اُسنے سپاہ

غرض سپہدار توران سے ہو
نہ ہرگز خوش آئی ہواے ختن
بآرام عیش و طرب وان ہون
ملکزادہ نے کی سکونت وہان
مکان نہایے دلچسپ و خاطر پسند
فریدون منوچہر اور کیقباد
یہ جتنے تھے گرد ان کی صحیح حال
تو کھینچے وہان اور اہل ہنر
کہ تھی حاملہ وقت عزم ختن
کہ تھا حسن مین مثل شمس و قمر
لگا اور پنجہ کا اُسکے نشان
بحکم سپہدار توران دیار
نکل جاے اقلیم توران سے
ہوا شاہزادہ قرین طرب
نہ لایا بجا وہ ثریا نشان
گیا پاس جب مغل افراسیاب
بیان کیا کرون اُسکا مین کروفر
وہ رکھے ہے دلمین خیال تباہ

سپہدار توران کو جب عیاں کیا
عوض مہر کے تو ہوا خشمگین
جو ہے سرنوشت اپنی وہ ہوئیگا
طلب کرکے بولا وہ خورشید جاہ
یہ کہکر ملک زادۂ نامدار
بہ نزدیک تر شہر کے جب گیا
کیا یکسر آراستہ شہر کو
سیاوش سے بولا یہ افراسیاب
سپہدار نے پھر بآئین نیک
تواضع مدارا و تعظیم کی
تو ہے نور پور شہ کیقباد
میسر تفاخر کا ساماں ہوا
جھکا کر ادب سے سر انکسار
کوئی نامدار اک وہان دیکھا
کہ دریافت احوال ہو گرد کا
جہان مین تو وہ جبتلک ہے جان
بصد حشمت و دولت و فر و شان
رواہ کیے گیو نے چار سو
کرین جاکے بیژن کی وہ جستجو
جو نوروز فرخ ہوا جلوہ گر
تو پھر پیش کیخسرو نامور
جو خسرو نے دیکھا اُسے بیقرار
پریشان دل مضطر و اشکبار
ستارے جو ہین سات افلاک کے
لگے تھے وہ اس جام مین سر بسر
نشان بیژن نامور کا کہین
پدیدار ہوتا تھا ہرگز نہین

طعام اُسنے تیرے لیے یہ دیا
یہ پوچھ اُس سے اے مرد زور آزما
شتابان ہوئی وانسے وہ دلربا
گئی نصف شب الغرض جب گذر
دہن پر کنوئین کے رکھا تھا جو سنگ
کنوئین مین جو وہ تھا گرفتار بند
وہ زنجیر توڑی وہین سربسر
کرون ایک شبخون مین اسدم شتاب
اسیری سے بیزن کو کرکے رہا
جو مانند دزدان یہان آن کر
چلون ساتھ تیرے یہان شیر مرد
غرض رستم و بیزن پہلوان
کیا پاسبانون کو یکسر ہلاک
ہوا پھر روان رستم نامدار
کنوئین مین جو بیزن گرفتار تھا
تلافی کو بیزن کی آیا مین یان
پہونچکر تہمتن نے از روے کین
ہر اک گرد اک اک زن مہ جمال
یلان نے کیا جا کے آرام و خواب
ہزار اُسکے ہمراہ تھے پہلوان
مقابل نہ آیا کوئی زینہار
وے ساتھ میرے نہین تاب جنگ
دلیری و مردی و جرارت کی
ہوا سنکے شرمندہ افراسیاب
دیرانہ تم گرم پیکار رہو
سنی جب سوارون نے گفتار شاہ
تہمتن نے لیکر وہین گرز و تیغ
ہوا جب نہ میدان مین کچھ کامیاب
کیے کشتہ و خستہ صدہا ہزار

سنا جب یہ بیزن نے تب یون کہا
تو بیزن کو کیونکر کرے گا رہا
تہمتن سے پیغام بیزن کہا
تہمتن نے اُسوقت باندھی کمر
دیا پھینک اُسکو اُٹھا بیدرنگ
نکالا اُسے ڈال کر پھر کمند
لگا کہنے بیزن سے پھر نامور
بسوے شبستان افراسیاب
دلیرانہ ساتھ اپنے اب لیگیا
شتاب شب ہوا خوف سے اسیر
کرون چلکے تورانیان سے نبرد
سو قلعہ با ہفت جنگ آوران
گئے قلعہ مین پھر وہ بیخوف و باک
سو خانۂ شاہ توران دیار
ہوا بند سے آج بارے رہا
مرا نام ہی رستم پہلوان
سر تخت اک گرز مارا وہین
شبستان سے لیکر گیا خوش کمال
ولیکن دم صبح افراسیاب
نبرد آزمایان جنگ آوران
تہمتن نے کھینچا بہت انتظار
مگر کچھ نہین ہی تجھے عار و ننگ
بہت آزمائی سپہ نے تری
سوارون سے بولا یہ کرکے عتاب
کہ یہ بیزن و رستم جنگجو
ہوے حملہ آور سوے رزمگاہ
کیے قتل ترکان بہت بیدریغ
گیا سوے چین وانسے افراسیاب
پھر آیا بفتح و ظفر نامدار

یقین ہی کہ رستم ہی وہ کاروان
کہے تجھسے جو کچھ تو وہ کیجیو
یہ کہکر بفرمان رستم وہان
لیے ہفت گردان جنگ آزما
پڑا سنگ جاکر سو دشت چین
گرفتار زنجیر پایا اُسے
کہ کھینچے بہت تو نے رنج و تعب
کہ تا اُسکو معلوم ہو یہ سخن
وگرنہ کہینگے یہ تورانیان
لگا کہنے یون بیزن نامدار
کیا منع ہر چند رستم نے پر
ز روے دلیری شتابان ہوے
سپہ ساتھ اُنکے ہوئی گرم کین
یہ آواز دی جا کے دہلیز پر
ذرا سوچ دل مین کہ جور اسقدر
یہ آواز سنکر بصد اضطراب
پھر اک نازنین پریچہرہ کو
سوا اُسکے کتنی پریچہرگان
سپہ لیکے آیا پے کارزار
مبارز لگا کرنے رستم طلب
کہا پھر کہ اے شاہ افراسیاب
کئی بار دیکھا ہی تو نے مجھے
زبون سخت ہین مجھسے تیرے سوار
کہ اے نامداران توران نہ مین
نہ جا تبر ہون میدان سے اب نہار
سواران توران ایرانیان
ہوے کشتہ تورانیان سربسر
گیا اُسکے دنبال رستم دلیر
زر و مال و اسباب افراسیاب

رہائی کو میری اب آیا یہان
تغافل کو تو راہ مت دیجیو
رہی وہ پری پیکر دلستان
سر چاہ پر وہ دلا ور گیا
ہلی اُسکے صدمے سے توران زمین
گلے سے شتابی لگایا اُسے
منیژہ کو تو لیکے جا یانسے اب
کہ آگر یہان رستم پیلتن
کہ نامرد تھا یہ ستم پہلوان
نہ جاؤن تجھے چھوڑ کر زینہار
گیا ساتھ رستم کے وہ نامور
مقابل وہان پاسبانان ہوے
ولیکن ہوئی کشتہ یکسر وہین
کہ سن لے تو اے شاہ بیدادگر
روا کون رکھتا ہی داماد پر
گریزان ہوا شاہ افراسیاب
پھرا وان سے لیکر پیل نا مجو
گئین آپ ہمراہ ایرانیان
ہوا سنکے رستم بھی وہین سوار
کہ ہو ہم نبرد آنکے کوئی اب
اگرچہ تری فوج ہی بیحساب
کہ دی مین نے تنہا ہزیمت تجھے
تو آیا عبث یان پے کارزار
یہ ہی رزمگہ جاے عشرت نہین
نہ ایران کا زندہ رہے اک سوار
ہوے گرم پیکار باہم وہان
رہے غالب ایرانیان سربسر
دو فرسنگ مانند شیر ژیان
گیا لیکے پھر سوے ایران شتاب

ہوا منا من ہبات کا پہلوان
تہمتن غرض شل بازارگان
ولیکن ہوا رستم شاد بہر
جو رستم نے دیکھا تو آیا شتاب
لئے پیشکش اور کیا عجز وان
لگا پوچھنے اسے خجستہ جوان
تو کون ہون مین لیے سرور انجمن
وہ بولا کہ تو شہر مین جاکے رہ
ہوے جبکہ آگاہ پیر و جوان
ہوا گرم بازار سوداگری
سو رستم گرد آئی دو دان
خبر بیژن نامور کی کہین
دہی نوجوان گیو کا پور ہے
نہین مجھکو دربار مین شہ کے بار
نہین گیو گودرز سے آگہی
لگی کہنے یون کھینچکر ایک آہ
کہ بیچاری ہون اور ستمدیدہ ہون
سر رحم سے پھر تہمتن د ہین
بیان کرکہ تو کون ہے کیا ہے نام
منیژہ مین ہون دخت افراسیاب
پھرون ہون نہین در در بحال تباہ
وہ اک چاہ تاریک مین قید ہے
تو نہین کے دہن پر ہے سنگ گران
تو پہونچا سکیگی اسے کچھ طعام
کہ بیچا تو یہ مرغ وبریان دنان
وہ خاتم جو رستم کے تھی نام کی
کہ ہر روز و شب کھینچتا تھا تو آہ
منیژہ یہ بولی کہ مین نے کیا
وہ بولا کہ اے گلرخ لالہ فام

ہوا ساتھ رستم کے گرگین روان
جہانکا ارادہ تھا پہونچا وہان
اقامت گزین جا کے بیرون شہر
حضور اسکے کچھ تحفہ لایا شتاب
نہایت ہی پیران ہوا شادمان
تو ہے کون آیا کہان سے یہان
متاع گرانمایہ و دل پسند
مرے پاس اب شوق سے آئیو
کہ ایران سے آیا ہے اک کاروان
ہر اک جنس کے تھے وہان مشتری
دو دیدہ گہربار نالہ کنان
نہ پہونچی مگر سوے ایران زمین
پڑا قید مین سخت مجبور ہے
کسی سے بھی واقف نہین تم نہار
نکر مغز میرا تو ناحق تہی
کہ بیچارگی پر مری کر نگاہ
پریشان و دلریش و رنجیدہ ہون
یہ بولا کہ زیر سپہر برین
ہوا زرد کیون عارض لالہ فام
کیا گردش آسمان نے خراب
لکھا تھا قضا نے یہی سر پہ آہ
ستمدیدہ چرخ پر کینہ ہے
کیا سنکے کل ماجرا سب بیان
وہ پہونچا تی تھی جسطرح سے مدام
رکھی اُس مین اپنی انگوٹھی نہان
یکایک جو ہاتھ اُس جوان کے لگی
سبب کیا جو ہمدم کیا قاہ قاہ
ترے عشق مین مال و جان کو فدا
کہا اسنے تو یہ آج لائی طعام

ولیکن ہوے قید اُسکے پسر
کوئی شہر پیران ویسہ کا تھا
ہوا دل کو جب میل نخچیر کا
وہ اسپ گرانمایہ اک جام زر
ولیکن نہ جانا یہ کچھ زینہار
یہ پیران کو رستم نے پاسخ دیا
ہوا آکے وارد ترے شہر مین
نہین مال کا تجھسے تیمار کچھ
تب آئے حضور شہ نامور
منیژہ نے یہ جبکہ پائی خبر
کہا یون کہ اے مرد عالی گہر
کہا اتبک نہ کوئی ہوا چارہ گر
ہوا پر غضب رستم نامجو
کہ ہم نہین تو اک مرد بازارگان
منیژہ لگی رونے پھر زار زار
نہین چاہیے سردمہری تجھے
یہ آئین ایران سے ہے دور تر
پڑا تجھپہ یکبار گی کیا غضب
منیژہ لگی کہنے کرکے فغان
محبت سے بیژن کی اے نامور
کہون کیا مین جو حال بیژن کا اب
بندھے اسکے زنجیر مین دست و پا
دلاسا بہت دیکے وہ پیلتن
وہ طور اسنے رستم سے ظاہر کیا
منیژہ نے جاکر دیا جب طعام
کیا قہقہہ دیکھ انگشتری
وہ بولا رکھے راز کو گر نہان
دے اب تلک بھی تو ہے کرو بدگمان
کیا یہ منیژہ نے اُس سے بیان

بحکم شہنشہ بجا سے بدر
مقام اُس جگہ پیلتن نے کیا
سو دشت اک روز پیران گیا
کہ اُس جام مین بے بہا تھے گہر
کہ یہ شخص ہے رستم نامدار
کہ بازارگان ہو نہین ایران کا
کہ تو صاحب داد ہے دہر مین
کسی کو نہین تجھسے بیکار کچھ
خریدار دیبا و اسپ و گہر
ہوئی تب شتابان وہ رشک قمر
تجھے کچھ ہے گودرز یل کی خبر
کسینے نہ بیچارے کی لی خبر
کہا او پرو سے مرے دور تر
نہ سردار ہو نہین نہ کچھ پہلوان
ہوئی دیدۂ زار سے اشکبار
نکر دور رنگ روبرو سے مجھے
کہ بیچارگان کی نہ پوچھین خبر
ہوئی جو گرفتار رنج و تعب
کرون حال اپنا مین اب کیا بیان
پڑی افسر و تخت سے دور تر
پڑا ناگہان اُسکے سر پر غضب
فغان اُسسے کھینچے ہے صبح و مسا
لگی کہنے اُس سے کہ اے گلبدن
یہ سنکر تہمتن نے اُس سے کہا
ہوا بیژن پہلوان شاد کام
لگی کہنے دوہین وہ رشک کی
تو آگے ترے مین کہون میر جان
بڑا حیف ہے تجھپہ اے پہلوان
کہ آیا ہے ایران سے اک کاروان

توہی کو دان محض اور بے ہنر
نہ کھو مفت جان عزیز اے پسر

یہ سن کر گیا پیش افراسیاب
سلاح و سلب جاکے لایا شتاب

نہ لیکن ذرا لائق کار تھے
موافق نہ برزو کے زنہار تھے

نئے اور تیار انجام کار
مہیا کیے بعد ازان شہریار

بلا کر سپہ گر جو تھے با ہنر
یہ بولا کہ برزو کو اب زود تر

ہنر پہلوانی کے سکھلاؤ سب
کرو کوشش و جہد ہر روز و شب

اٹھارہ جوانان زور آزما
لگے کرنے تعلیم صبح و مسا

یہ علم و ہنر وہ یگانہ ہوا
سر سروران زمانہ ہوا

بہ نیرو سے سرپنجہ وہ نامجو
زبون روز کرتا تھا استاد کو

غرض برزو سے پہلوان ایک روز
لگا کہنے اے شاہ گیتی فروز

جو استاد ہین میرے ہژدہ یلان
کسے تو نہین باندھ لاؤن یہان

سنی شاہ توران نے یہ بات جب
لگا پوچھنے پہلوانون سے تب

کہ ہے راستی کا کچھ اس مین فروغ
یہ گفتار ہے یا سراپا دروغ

وہ بولے شہا برزوے پیلتن
نہین آدمی ایک ہے اہرمن

درشت و تنومند چست و دلیر
حضور اسکے اک پشہ ہے پیل و شیر

شب و روز برزو کو ہے میل رزم
غرض رزم کو وہ سمجھتا ہے بزم

ہوا شاد یہ سن کے افراسیاب
دیا گنج برزو کو پھر بیحساب

لگا کہنے برزو کہ اے بادشاہ
مرے ساتھ کیجے تعین سپاہ

کہ ہو نہین شتابی یہان سے روان
سو خسرو و رستم پہلوان

نہ خسرو رہے اور نہ رستم بجا
کرون تجکو ایران کا فرمان روا

ہوا شادمان شاہ توران دیار
طلب کرکے پھر تخت گوہر نگار

یہ بولا کہ اے برزوے نیکبخت
تو با صد طرب بیٹھ بالاے تخت

کہا نامداران سے پھر یون کہ اب
کرون اسکی فرمانبری روز و شب

وہ بیٹھا جو بالاے زرین سریر
تو یکسر ہوے گرد فرمان پذیر

ہوا شہ سے رخصت یل شیر مرد
بہت لیکے سامان جنگ و نبرد

یہ بولا سپہدار توران دیار
کہ رہنا شب و روز تو ہوشیار

عقب تیرے مین بھی بصد عز و شان
پہنچتا ہون لیکر سپاہ گران

دو سردار جنگ آور و ذو الکرام
کہ ہومان تھا اور بارمان جنکا نام

گئے ہمرہ برزوے نامدار
سواران جنگی لیے دہ ہزار

شتابان ہوا آپ بھی بعد ازان
سپہدار با لشکر بیکران

گئی سوے ایران یہ جس دم خبر
تو بولا یہ کیخسرو نامور

کہ گردان ایران جو کرتے تھے عزم
نہ ہوتی تھی ترکون کو پھر تاب رزم

تعجب کہ اب وہ بھی تورانیان
براے دغا سوے ایران دوان

فریبرز اور طوس کو پھر شتاب
پے جنگ گردان افراسیاب

کیا شہ نے رخصت بصد عز و شان
روانہ ہوئے ہر دو نام آوران

سواران جنگی و مردان کار
گئے ساتھ انکے وہ بارہ ہزار

عقب انکے شہ بھی بصد کر و فر
جہاندار کیخسرو نامور

فریبرز اور طوس کی فوج جب
گئی سامنے فوج برزو کے تب

ہوئی اک شب و روز جنگ کلان
کہ جسکا نہین ہو سکے کچھ بیان

ہوئی فوج ایران کو آخر شکست
سواران توران ہوئے چیرہ دست

فریبرز اور طوس میدان مین
جو آئے مقابل تو اک آن مین

اٹھا زین سے برزو انھین لے گیا
بہ بند گران انکو بستہ کیا

ہوا شادمان شاہ توران دیار
ہوا غمزدہ خسرو نامدار

طلب رستم نامور کو کیا
یہ احوال خسرو نے اس سے کہا

ہوا پر غضب رستم پہلوان
لگا کہنے اے خسرو خسروان

تو رکھ جمع خاطر کہ جاؤن شتاب
سو پہلوانان افراسیاب

فریبرز اور طوس کو کر رہا
ترے پاس لاؤن بہ فضل خدا

یہ کہہ کر گیا رستم جنگ جو
و لے لے گیا ساتھ گستہم کو

گئی نصف شب تھی کہ پہونچا وہان
اسیران بند بلا تھے جہان

یہ سمجھا کہ برزو کی خرگاہ ہے
جو دیکھا تو بیٹھا وہان شاہ ہے

سر تخت زرین ہے افراسیاب
خوشی سے پیے ہے پیالے شراب

چپ و راست با خاطر شادمان
نشستہ ہین پیران و برزو وہان

فریبرز اور طوس بھی پیش تخت
کھڑے ہین بندھے دست و بازو کو سخت

یہ کہتا ہے انکو وہ کمبخت شاہ
کرون قتل مثل سیاوش بیگناہ

اسیران کو پھر لے گئے مردمان
کہ منظور تھا انکو رکھنا جہان

نگہبان جو غافل ہوا تب یہین
تہمتن نے کھینچا ہے تیغ کین

اٹھا ایک کو اپنی پھر پشت پر
شتابان ہوا رستم نامور

اٹھا دوسرے کو وہ گستہم یل
سر برزو سے دو ہی آگے نکل

سنا جبکہ یہ مژدۂ دل نواز ہوا شاد کیخسرو سرفراز — گئے پیشوا نامداران تمام ہوئے دیکھکر اُسکو سب شادکام
گیا جبکہ نزدیک درگاہ شاہ تو آکر جہاندار گیتی پناہ — تہمتن کو باصد خوشی لے گیا ثنا خوان ہوا رستم گرد کا
دعا و ثنا کی تہمتن نے بھی شہنشہ کی لایا بجا بندگی — منیژہ بھی اور بیژن پہلوان گئے جب حضور شہ خسروان
ہوا شاد کیخسرو پاک دین ہوئے گیو گودرز بھی خوش ازین — ہوا دور خاطر سے اندوہ و غم لگے رہنے مسرور و خرم بہم
ہوئی ختم بیژن کی اب داستان — سنو قصۂ برزو سے پہلوان

جنگ کردن برزو با رستم و رسیدن افراسیاب در ایران و رفتن کیخسرو بمقابلہ او با فوج گران و شکست خوردن افراسیاب و باز رفتن بطرف توران

جو ناکام ہوکر بصد اضطراب سوے چین گیا شاہ افراسیاب — تو آیا نظر راہ مین اک جوان تنومند مانند پیل دمان
ہوا شہ اُسے دیکھکر شادمان لگا اُس سے پھر پوچھنے ای جوان — مجھے نام کا اپنے تو دے پتا یہ سنکر وہ اسطرح گویا ہوا
کہ اے بادشا ہون مین دہقان پسر نہین جانتا لیک نام پدر — سنا ہی یہ ماں سے کہ اک روز ماں کہین اک سوار آگیا ناگہان
ہوا آن کے وہ طلبگار آب پلایا اُسے اُسنے پانی شتاب — ہوئی اُسکے دلمین جو غالب ہوس جوان نے کیا اُسکو ہمخواب بس
روانہ ہوا یان سے پھر وہ سوار بحکم خدا یہ ہوئی باردار — خدا جانے تھا کون وہ پہلوان نہین اُسکا معلوم نام و نشان
جو پیدا ہوا مین تو شاہنشہا مرا نام مادر نے برزو رکھا — جو دیکھا اُسے شاہ نے یلتن روان ساتھ اُسکے کیا یہ سخن
مرا ایک دشمن ہے رستم بنام دلیری و مردی مین مشہور عام — مجھے سخت اُسنے ہی عاجز کیا پراگندہ خاطر ہون صبح و مسا
اگر یہ نہووے تو جرأت نہین کہ ہو گرم کین فوج ایران زمین — گمان ہی یہ مجھکو کہ ہنگام جنگ تہمتن ترے ہاتھ سے ہووے تنگ
سنا جب یہ برزو نے تب یون کہا کہ افسوس صد حیف شاہنشہا — تو اک گرد سے ہی زبون اسقدر ترے ہاے دلمین ہے خوف و خطر
لگا کہنے سالار عالی وقار وہ ملکین ہی مانند یکصد ہزار — توانائی اُس کی بیان کیا کرون بجا ہی اگر کوہ آہن کہون
نہ تیر ہو گر زدستان کارگر نہ ہرگز کرے تیغ و ناوک اثر — یہ سنکر ہوا خندہ زن وہ جوان کیا شاہ سے اُسنے پھر یون بیان
کہ میدان مین جسدم ستیزہ کرون تو صد کوہ آہن کو ریزہ کرون — سپہ تیری اور تو بھی نامرد ہی کہ دل یون تہمتن سے پر درد ہے
نہین ہی اگر رزم کی تجھکو تاب رکھا نام کیون تونے افراسیاب — نہین تجھکو شایان ہی نام شہی نہین تجھکو زیبا کلاہ مہی
یہ سنکر ہوا منفعل بادشاہ ہوا اُس سے خواہان امداد شاہ — کہا یون کہ گر کشتہ ہو ای جوان ترے ہاتھ سے رستم پہلوان
تو دون تجھکو مین دختر مہ جبین کرون تجھکو سالار اقلیم چین — قسم کھاکے برزو نے پھر پیش شاہ کہا یون کہ اے شاہ خورشید جاہ
شہ چین کو اور شاہ ایران کو کرون بند مین ہوکے پیکار جو — لگا دون مین اب آگ ایران مین کرون خون روان زابلستان مین
ہوا شاد یہ سنکے افراسیاب سو خانہ برزو کو لایا شتاب — سراپردۂ خیل و اسپان زین دو صد نازنینان ماچین و چین
زر و افسر و گنج و لشکر دیا سرافراز برزو کو شہ نے کیا — ہوا شاد برزو سے گردنفراز جہان مین ہوا الغرض بے نیاز
وے اُس کی مان دوڑتی آئی یہان کیا آکے برزو سے اُسنے بیان — کہ ہے دولت و جاہ جی کا وبال اُٹھا جاہ و دولت کا جی سے خیال
تہمتن سے عہدہ برآئی نہین تجھے تاب جنگ آزمائی نہین — وہ قاتل ہے دیوان خونخوار کا نکر قصد تو اُس سے پیکار کا
کئی بار دی شہ کو اُسنے شکست کیا نامداران تورانکو پست — تو اُن نامدارون کے ہمسر نہین دلیری مین اُنسے فزون تر نہین
وہ بولا کہ رستم سے ہون زورمند مرے آگے ہے پست پیل بلند — دیا پاسخ اُسنے کہ وہ شیرزاد ہنر پہلوانی کے رکھتا ہی یاد

بہت دیر تک ضرب پر ضرب تھی
کیا زور اتنا پکڑ کر کمر
تہمتن نے جانا پڑا ایک کوہ
گئے از رہ عقل و فہم و ذکا
تہمتن سے برزو یہ کہنے لگا
ترے دست و سر کو نہ رنجہ کیا
یہ برزو نے اندیشہ دل مین کیا
پر اتنے مین آخر ہوا روز شب
بہم جب پذیرا ہوا یہ سخن
جو برزو گیا پیش افراسیاب
مقابل ہوا مجھ سے آج آن کر
نہین اسکو پیکار سے خوف و بیم
یہ گفتار کرتا تھا برزو ادھر
مرے ہاتھ کو آج پہونچی شکست
نہین اور آتا نظر کوئی مرد
تو برزو سے لڑتا بہ تیغ و سنان
روانہ کرون سوے ہندوستان
یہ سن کر نہ کچھ شہ نے پاسخ دیا
جو تابان ہو خورشید وقت پگاہ
نہین مجکو زنہار کچھ خوف جان
ہمارے ہی قالب مین جبتک کہ جان
مقابل ہون با تیغ و گرز و خدنگ
سوا اسکے جتنے ہین گردن فراز
دگرگون ہو رنگ زمانہ اگر
ہوے رستم گرد جنگ آزما
عماری تو اس وقت تیار کر
بلاؤن مین وان جا کے سیمرغ کو
دلیران ایران یہ سن کر خبر
نہ ٹھہرے یہان گر تو اے پہلوان

اٹھی قیامت تھی یا حرب تھی
کہ ٹوٹا دوال کمر سر بسر
ہوا ضرب سے گرز کی بس ستوہ
تہمتن نے کچھ طور ایسا کیا
تعجب ہوا اسے گرد جنگ آزما
یہ سن کر تہمتن نے اس سے کہا
مبادا کہ یہ گرد زور آزما
لگا کہنے برزو سے رستم کہ اب
تو پھر برزو و رستم پیلتن
تو بولا کہ اے شاہ عالی جناب
کہ تھا سنگ و فولاد سے سخت تر
مرا دل ہے اس پہلوان سے دو نیم
کہ جس کا بیان اب ہوا سر بسر
نہ ہرگز رہا زور بازو سے دست
کہ ہو برزو سے گرد کا ہم نبرد
ولیکن وہ ہے سوے ہندوستان
بلاؤن فرامرز کو اب یہان
تہمتن کو پس دہین رخصت کیا
تو برزو سے مین جا کے ہون رزمخواہ
نہ میدان سے موڑون مین ہرگز عنان
سو جنگ کیون شاہ لاوے عنان
کرون غرق خون مین اسے بیدرنگ
دلیرانہ ساتھ اسکے ہون رزم ساز
تو جو دل مین آوے کرے نامور
سراپردہ مین جبکہ اپنے گیا
کہ ہون صبح دم مین شتابان ادھر
شتابی ہون سیمرغ سے چارہ جو
دوان پیش رستم گئے سر بسر
تو قائم رہے پھر نہ کوئی جوان

ہوے گرز پر خم مثال کمان
طرح شیر غرندہ کے کرکے شور
ہوا دست پیکار ٹوٹی سپر
نہ برزو پہ ہرگز ہوا آشکار
کہ لگتا مرا گرز گر کوہ پر
مجھے رنج کیا ہو ترے گرز سے
رہا اب کرے زخم گرز گران
ہوے سب عاجز ہوا وقت جنگ
گئے رزمگہ سے سوے خیمہ گاہ
مگر مجھے زور پیدا نہ تھا
تن سخت پر اسکے ہنگام جنگ
نہین مجکو معلوم یہ زینہار
ادھر پیش خسرو جو رستم گیا
مجھے سخت برزو نے عاجز کیا
فرامرز میرا اولاد و پسر
وہ جیپال ہندی سے ہے گرم جنگ
نہ پہونچے فرامرز یان جب تلک
گیا جبکہ رستم تو آشفتہ ہو
سنان سے کرون سفتہ اسکا جگر
کہا سن کے گودرز نے یہ سخن
مبارک ہو شہ کو شب و روز بزم
کرے جنگ برزو سے گیو دلیر
یقین ہے کہ گردان خواہان کین
کہا غصہ سے گودرز نے اس طرح
زوارہ سے بولا کہ اے بھائی جا
پہونچ جلد وہان زال زر سے ملون
زوارہ نے سب سے کیا یون بیان
لگا کہنے ہر ایک اے پیلتن
زرا یان سے جنبش نہ کر زینہار

ہوا میل کشتی نہین جاودان
پھر اک گرز برزو نے مارا بزور
ہوا پر الم رستم نامور
کہ خستہ ہوا دست جنگی لور
تو بس ریزہ کرتا اسے سر بسر
کہ ہون سخت تر کوہ البرز سے
خطا ہے اگر رہیے غافل یہان
رکھو روز فردا پہ موقوف جنگ
ہوئی جا کے آسودہ یکسر سپاہ
ولے طرفہ اک گرد زور آزما
ہوا کارگر کچھ نہ گرز و خدنگ
ملے خاک مین کون انجام کار
تو باچشم تر شہ سے کہنے لگا
نہین مجکو مقدور پیکار کا
یہان اسکے جاندار ہوتا الگ
یہ دل مین ہے اک گرد کو بیدرنگ
بہم جنگ موقوف ہے تب تلک
لگا کہنے یون خسرو نامجو
ملاؤن تہ خاک و خون سر بسر
کہ اے خسرو خسروان زمین
کہ حاضر ہیں بندے پے جنگ و رزم
ستیزندہ ہیں جو مانند شیر
کرین جاے بر نعرہ بر بر زمین
کہ مین نے کیا اب یہان جس طرح
ارادہ ہے میرا سو سیستان
سر و دست کا اپنے درمان کرون
کہ ہے عزم رستم سو سیستان
تمھارے ہی سبب سے ہے یہ انجمن
یہان رکھ تو اے ثبات و قرار



وہ بندگران زور سے سر بسر
سراپردہ مین شاہ توران کے
کہ وہ گرگ ہوگا تہمتن مگر
کہ لے کر سپہ جا سوے رزمگاہ
سنا جبکہ خسرو نے شور و فغان
نظر کرکے برزو کی ترکیب کو
ترے سر کو توڑ دون ابھی گرز سے
بجا ہے کہ سکھون مین تجھ سے
یہ کہہ کر وہین ہاتھ مین لی کمان
چلانے پہ ہوئی بارش تیر پر

شکستہ کیے یک طرف بیٹھ کر
یہ چرچا ہوا کوئی گرد آن کے
اسیرون کو جو لے گیا آن کر
وہین آن کر برزوئے کینہ خواہ
کہا تب کہ اے رستم پہلوان
قرین تحیر ہوا جنگ جو
سمجھیو نہ کم مجھ کو البرز سے
مرے ساتھ مت تند ہو سقدر
خدنگ ایک ڈالا سوے پہلوان
نہ اک تیر ہرگز ہوا کارگر

غرض بادل خرم و شادمان
دہ بندی جو تھے یان انھین لیگیا
دم صبح کھا کر بہت پیچ و تاب
خروشان ہو میدان مین کہنے لگا
تو برزو سے اب جا کے ہو گرم جنگ
کہا نعرہ زن ہو کے مانند شیر
لگا کہنے برزو کہ اے پہلوان
اگر تو ہے آتش تو مین بھی ہون آب
تہمتن نے اک تیر مارا وہین
بہم پھر ہوے لیکے گرز گران

گئے پیش خسرو وہ نام آوران
سپہدار سن کر یہ کہنے لگا
لگا کہنے برزو سے افراسیاب
کہ لے رستم اب سامنے میرے آ
یہ سن کر گیا پیلتن بے درنگ
کہ جاے تہمتن مین آیا دلیر
تو ہی پیر دیرینہ مین ہون جوان
نہین آب کے آگے آتش کو تاب
ہوے اسطرح دیر تک گرم کین
نبرد آزما ہر دو جنگ آوران

خدا نا جرا سینے اک روز کا — کہ رستم کے گھر جشن شاہانہ تھا
دلیران ایران زمین تھے تمام — مہیا سرود و مے و رود و جام
بہم طوس و گودرز مین تھا عناد — لگے کرنے وان گفتگوے فساد
لیا طوس نے خنجر ازروے کین — رہام دلاور نے اُٹھ کر وہین
رہام دلاور پہ غصہ ہوا — یہ پھر برزدے پہلوان سے کہا
کہا پھر یہ رستم نے گودرز کو — کہ طوس دلاور کو اے نامجو
لگا کہنے گیو یل نام جو — کہ گودرز اور طوس ہین تندخو
مناسب یہ ہی ہے مین بھی جاؤن وہان — کرون نکو سمجھا کے لاؤن یہان
تہمتن سے پھر گستہم نامجو — برادر تھا طوس دلاور کا جو
خطر پھر ہوا رستم گرد کو — مبادا کہ ہون پہلوان کینہ جو
تو ہونے نہ دیجیو بہم کارزار — یہ سن کر گیا وہ یل نامدار
پسندیدہ ہے یہ کہ اب جاؤن مین — ملکزادے کو ساتھ لے آؤن مین
پھر آتا ہون اب سوے آغاز کار — لکھون حال طوس یل نامدار
یہ دیکھا کہ خیمے سے افراختہ — اور اک قلعہ محکم ہے نو خاستہ
کہ خیمہ یہ کس کا ہے تب وہان — لگے کہنے اُس سے کہ اے پہلوان
گذرتا ہے جو کوئی اس راہ سے — تو پیام سکو آیکن دلخواہ سے
اُتر اسپ سے با دل شادمان — گیا دو ہین خرگاہ مین پہلوان
لگا کہنے اُس سے کہ اے دلستان — حقیقت تو اپنی ذرا کر بیان
کہ تھا مرد سوداگر خوش سیر — رہے ہن بھی مین آرام سے اسکے گھر
جہان سے جوان لیگیا رخت جب — یہ چاہا سپہدار توران نے تب
خطر سے مین اُسکے گریزان ہوئی — سو ملک ایران شتابان ہوئی
جوان دلاور نے دل مین کہا — کہ خسرو کے لائق ہے یہ دلربا
غرض بیٹھ کر طوس عالی جناب — لگا ہاتھ سے اُسکے پینے شراب
پکڑ طوس کو قلعہ مین لے گیا — پھر اتنے مین گودرز جنگ آزما
جو آیا وہان بعد ازان گستہم — رکھا اُسنے پھر قید گہ مین قدم
جو پہونچا وہان دوسرے روز زال — ہوا امر وہان سے وہ پرسان حال
تو چلا اب زرہ نشاط و سرور — خداوند مہانسرا کے حضور
پذیرا نہ اُس نے کیا یہ سخن — نہ با ساتھ اُسکے ہرگز گیا پیلتن
پھر اتنے مین پیش یل نامور — کسی نے کہا کان مین آن کر

وہان گیو گودرز جنگی سوار — یل بیژن و طوس عالی وقار
تھی آراستہ محفل دلستان — قرین مسرت تھے پیر و جوان
زبان پر جو اُس وقت گفتار تھی — سو نالائق و سخت و دشوار تھی
کف طوس سے کھینچ خنجر لیا — وہان سے خفا ہو کے طوس اُٹھ گیا
نہین جانتا کیا تو رستم یلان — کہ لازم ہے دلجوئی میہمان
تو اب جا کے لے آشتائی یہان — ہوا سن کے گودرز و پہلوان
مبادا کہ وان کھینچکر تیغ تیز — بہم ہو وین کینہ سے گرم ستیز
یہ کہہ کر گیا گیو رزم آزما — وہ لے ہمراہ گیو بیژن گیا
روانہ ہوا لے اجازت اُدھر — کہ وان طوس تنہا ہے لے نامور
فرامرز سے رستم پہلوان — یہ بولا کہ اب تو بھی جا لے جوان
لگا کہنے یون زال زر بعد ازان — کہ شہزادہ اپنا ہے طوس جوان
سوار اسپ پر ہو کے مانند باد — روانہ ہوا زال فرخ نہاد
روان ہو کے پھر طوس پہونچا وہان — سرا تھی زن ساحرہ کی جہان
پکاتے ہین باورچیان قلعہ مین — لگا پوچھنے وہ یل نیک نام
زن تاجر آئی ہے توران سے ایک — کہ رکھے ہے وہ خصلت خوب و نیک
کھلاتی ہے نقل و شراب و طعام — مہیا ہے یان بادہ و رود و جام
جو دیکھے تو بیٹھی ہے اک نازنین — صنوبر قد و گل رخ و مہ جبین
وہ بولی کہ ہون مین زن نیکخو — مرا ایک عاشق تھا مرد نکو
بہت مال و زر اُس جوان نے دیا — بہت مجکو مسرور و شادان کیا
کہ اپنی پرستار مجھکو کرے — مرا مال لے خوار مجھکو کرے
پے خسرو نام جو آئی یہان — رہون اُسکی خدمت مین تا جاودان
اسے لیچلو پیش شاہ جہان — کہ تا حسن بیجا ہو میرا وہان
ہوا بیخود و مست و بیہوش جب — کمینگاہ سے بیلسم آکے تب
گیا پیش سوسن تو وہ بھی وہان — ہوا قید مانند طوس جوان
ہوے جا کے پھر گیو و بیژن بھی قید — نہ مہانسرا تھا وہان دام کید
گئے لوگ سوسن کے پھر پیش زال — یہ بولے کہ اے مرد فرخ خصال
مے و میوہ و نغمہ و چنگ و نے — جو کچھ ہو وے مطلوب سب جو دے
یہ سمجھا کہ نیرنگ سازی ہے یان — کچھ افسون سے خالی نہین یہ مکان
کہ یہ زن ہے مکارہ اے پہلوان — کیے چار گرد اُسکے غائب یہان

تہمتن یہ بولا کہ میں کیا کرون نہیں مجھ سے ہوتا ہے برزو زبون
ملا کر وہیں زہر بھیجا طعام ہوئے پیش برزو جو پہنچا طعام
تو شہروے اُسکو نہ کھانے دیا نہ زنہار اپنی زبان پر رکھا
زن مطرب خوبرو بدسیر ہوئی کھاکے سوے عدم رہسپر
ہوا خشمگین برزوے نامدار لگا کہنے اے رستم باوقار
ہوا تجھ سے جو کام سرزد یہان نہیں یہ سزاوار نام آوران
سفید اب محاسن ہوے تیرے سب نہیں شرم لیکن تجھے ہی غضب
ہوا شرمگین رستم نامور خجالت سے ہرگز اُٹھایا نہ سر
نہ ہرگز دیا کچھ جواب سخن لگا کہنے برزو کہ اے پیلتن
اگر مرد تو ہے تو اُٹھ کر نبرد یہ سن کر اُٹھا رستم شیر مرد
دلیرانہ دونوں یل سرفراز ہوے لیکے گرز گران رزمساز
پیاپے ہوے گرز باہم روان ہوے سست بازو ہوے جنگ آوران
بہت جہد گرچہ کیا وقت کار نہ لیکن گرا زین سے کوئی سوار
ہوا میل کشتی انھیں پھر وہان فرود آئے گھوڑے سے وہ پہلوان
دوال لجام سمندان وہین کمر سے کیا بستہ از روے کین
لگے زور کرنے بجوش و خروش بہنگام کشتی ہوے سخت کوش
ہوے پھر وہ اسپان ہم رزمساز مثال دلیران گردن فراز
تہمتن کے توسن نے وقت ستیز روان جب کیا زخم دندان تیز
تو برزو کا بھاگا وہین بادپا وہ برزو کو بھی کھینچکر لے چلا
یہ تھی خواہش برزوے رزمسا کہ چھوڑے ذرا رستم سرفراز
گرین تا کہ رام اسپ کو زود تر ولیکن نہ رستم نے چھوڑی کمر
زمین پر گرا برزو انجام کار نشانی سے پھر رستم نامدار
چڑھا اُسکے سینے پہ تا بیدریغ کرے اُسکے سر کو جدا کھینچ تیغ
وہین مادر برزوے پہلوان لگی کہنے رستم سے کر کے فغان
کہ سہراب کا یہ جوان ہے پسر نبیرہ یہ تیرا ہے اے نامور
تو برزو کو مت قتل کر زینہار ذرا دل میں کر خوف پروردگار
وہ بولا کہ باطل ہے تیرا سخن یہ بولی کہ اے رستم پیلتن
گرانمایہ خاتم زرناب کی نشانی میں رکھتی ہون سہراب کی
یہ کہہ کر نکالی وہ انگشتری نگین فروزندہ چون مشتری
ہوا دیکھ کر شاد وہ نامجو بغل میں لیا برزوے گرد کو
گرا پاؤن پر از سر انکسار بفرط خوشی برزوے نامدار
پھر آئے ہم بادل شادمان روان ہوکے وانسے سوے سیستان
کیا ایک برپا تہمتن نے تخت کہ بیٹھا وہان برزوے نیکبخت
ملایا اُسے زال سے بعد ازان ہوا دیکھ کر زال زر شادمان
بصد شادمانی ہوا ہم کنار کیا سر پہ اُسکے بہت زر نثار
مہیا کیا جشن عیش و طرب نشاط و خوشی تھی وہان روز و شب

رسیدن سوسن خنیاگر در ایران کہ بجادوگری طاق بود و بہر ملک آمدن فراسیاب و شکست یافتن

گیا شاہ توران جو کھا کر شکست دلیران ایران ہوے چیرہ دست
ہوا تھا جو میدان میں برزو اسیر تو بس غم سے افراسیاب دلیر
شب و روز چون غنچہ دلگیر تھا تحیر میں تمثال تصویر تھا
زن گلبدن ایک سوسن بنام کہ رامشگری میں تھی مشہور عام
یہ بولی کہ میں اے شہ نامجو نہیں صرف رامشگر و نغمہ گو
مجھے علم جادوگری بھی ہے یاد زمانہ میں اس فن کی ہوں اوستاد
تہمتن کے آگے کہ ہے شیر مست نہیں پیش جاتا اگر زور دست
تو دیکھ اب تماشا مرے سحر کا کرون تن سے رستم کے سر کو جدا
ملاؤن فرامرز کو خاک میں دلیرون کا لاؤن میں دم ناک میں
پذیرا نہ کرتا تھا افراسیاب ولیکن زن ساحرہ نے شتاب
فسونسازی اپنی دکھائی اُسے طرف اُس ارادے کے لائی اُسے
زر و مال و اسباب جو کچھ کہا سپہدار توران نے اُسکو دیا
وہ ہر شہ سے رخصت شتابان ہوئی روانہ سوے ملک ایران ہوئی
یل جنگی اک اُسکے ہمرہ گیا کہ تھا پیلسم نام اُس گرد کا
وہ جب ملک میں پہونچی ایران کے تو رستے میں پھر زابلستان کے
بنائی سرا اک اور قلعہ ایک پسندیدہ و خوب و دلچسپ و نیک
مسافر جو آتا تھا ہر صبح و شام تو سوسن کھلاتی اُس کو طعام
مراتب مسافر نوازی کے سب ادا کرتی تھی وہ زراہ طرب
مہیا مے و میوہ و چنگ و رود شراب و کباب و رباب و سرود
مسافر نوازی نہ ہرگز تھی وان کہ نیرنگسازی تھی وان بیگمان

پکڑ کر عنان یون گذارش کیا — کہ اے شاہ شاہان کشور کشا
نہین مصلحت یہ جو میدان مین تو — سپہدار توران سے ہو جنگجو

پھر اتنے مین پہونچا تہمتن وہان — تہمتن سے شہ نے کیا یون بیان
کہ لیتا ہون اب جا کے خون پدر — یہ سنکر لگا کہنے وہ نامور

کہ ہے وہ تنومند و چالاک و چست — فنون ہنر مین نہایت درست
کئی بار کی مین نے ساتھ اسکے جنگ — مقابل ہوا لیکے گرز و خدنگ

بہت جہد و کوشش سے روز وغا — رہا غالب اسپر بہ فضل خدا
دیے کر سکا مین نہ اے بادشاہ — اسے وا اسے پابند میدان گاہ

بعیاری آخر وہ زور آزما — رہا میرے پنجے سے ہو کر گیا
اگر اب وہ رکھتا ہے دھر عزم جنگ — تو میدان مین جاتا ہون بے درنگ

سوا اسکے موڑین نہ منھ زینہار — فرامرز و برزو سے جنگی سوار
یہ جنگی سواران ہین یان مبتلا — مناسب نہین شاہ کو تب تلک

کہ باندھے کمر سب یہ پیکار و کین — ہوا اسکے فسرد بہت خشمگین
یہ بولا سیاوش کا ہون مین پسر — دلیر و جوانمرد صاحب ہنر

نہ جانبر ہون ترکان جنگ آزما — تہمتن شہ پنجے سے میرے رہا
اگر کوہ آہن ہو افراسیاب — کرون تیغ بران سے دریائے آب

یہ سنکر کیا شاہ نے دو ہین عزم — کہ توسن کو کیجے روان سوے رزم
تہمتن نے مضبوط پکڑی عنان — کیا عرض پھر ہو کے گریہ کنان

کہ پہلے مجھے قتل یان کیجیے — و وان اسپ کو بعد ازان کیجیے
ہوا تند رستم پہ شاہ جہان — یہ اتنے مین برزو بھی آیا وہان

پھر اپنا رکھا شاہ کے پانون پر — لگا کہنے خنجر وہین کھینچکر
کہ سر کو کرون اپنے تن سے جدا — مرا خون ہو گردن پہ تیری شہا

دلیران جنگی ہین یان جس قدر — دکھاتا ہے دہ ہر ایک اپنا ہنر
ذرا اب تماشا مرا دیکھ تو — کرون شاہ توران سے مین جنگجو

ہے تن مین ہر ایک کے جان زار — کرے عزم پیکار تو ... شہا
جو میدان مین ہو کام یہ تمام — تو مختار ہے اے شہ ذو الکرام

کیا عجز برزو نے جب اس قدر — ہوا رزم ... تب خسرو نامور
لگا کہنے تب خسرو پاکدین — کہ اے نامداران ایران زمین

نہایت ہی شیرین زبان یہ جوان — سخنگوے خوش ... و خوش بیان
مری آتش خشم کی اسنے سرد — نبیرہ ہے رستم کا بیشک یہ مرد

لگا کہنے برزو سے پھر بادشاہ — کہ سالار توران سے ہے رزمخواہ
بفرمان شاہنشہ نامدار — وہین ہوکے آہن پہ برزو سوار

شتابان ہوا سوے افراسیاب — خروشندہ ... دریا سے آب
جو برزو کو دیکھا کہ ہے کینہ خواہ — تو سالار توران نے کھینچی اک آہ

لگا کہنے برزو سے اے بدنہاد — نہین ہے مگر تجھکو یہ بات یاد
کیا پرورش مین نے کیونکر تجھے — کیا نامداران سے برتر تجھے

دکھائے ہنر پہلوانی کے سب — نہین شرم آتی تجھے ہے غضب
کہ اب یون دلیرانہ میدان مین تو — ہوا آنکر مجھ سے پیکار جو

کہان اب گیا خسرو نامدار — کہ آیا نہ ہمدم بنے کارزار
مگر شیر مردون سے وہ ڈر گیا — ہوا غالب اسکو خطر جان کا

تجھے ہے تری جنگ سے عار و ننگ — تو پھر جا یہان سے نکر عزم جنگ
کہ تا خسرو اب آکے ہو گرم رزم — زبون خسروان یعنے جویائے بزم

یہ برزو نے اسوقت پاسخ دیا — کہ ہون گرچہ پروردہ تیرا شہا
ولیکن ہے تو شاہ بیداد گر — ستمگار و پیمان شکن بد سیر

سیاوش وہان نے گیا تھا پناہ — اسے قتل تونے کیا بے گناہ
روا قتل ہے تجھسے بدعہد کا — کہ پیمان شکن ہے عدو خدا

نمک خوار تیرا رہا جب تلک — ادا حق نمک کا کیا تب تلک
اور اب ہون نمکخوار اس شاہ کا — کہ ہے منفعت کشور کا فرمانروا

ترے ساتھ کچھ مکر نہ ہون رزمخواہ — تو ہے دشمن خسرو دین پناہ
یہ کہکر ہوا وہ دلاور روان — اٹھا گرز مانند پیل دمان

سپہدار افراسیاب دلیر — خروشندہ ہو مثل غرندہ شیر
لگا کہنے جون پیل مستی کمر — مرے آگے تو بیشہ ... نکار

کہ اک زخم سے میرے اب بیتہا — رہیگا نہ میدان مین تو پایدار
نہ آوینگے تجھسے اگر پہلوان — کہ ... اک دم مین سبکو یہان

کمان لیکے پھر شاہ نے بیدرنگ — روان سوے برزو کیا اک خدنگ
گذر کر گیا اسکے جوشن سے تیر — ہوا خستہ پہلوے مرد دلیر

ادھر سے وہین پہونچا وہ جنگی جوان — کرے تارہا ضرب گرز گران
سپہدار توران ہنرمند تھا — ہر ضرب وہ ضرب بچانے لگا

رکھے قلعے مین اُنکے پانچون سمند ۔ یہ سن کرو ہین وہ یل ارجمند
لگا کہنے اس قلعہ مین جلد جا ۔ خبر اُنکی دریافت کرکے تو لا
پھر زال زر نے ارادہ کیا ۔ کہ دیجے زن ساحرہ کو سزا
گیا گرز لے کر یل کینہ جو ۔ وہان جا کے توڑا در قلعہ کو
بوقت دغا سوے زابلستان ۔ کسی کو کیا زال زر نے روان
پیلبے فرامرز سے بعد ازان ۔ کہ دروازہ پر قلعہ کے آئے جوان
کہا زال سے تو کنارے جو ہو ۔ تو مین پیلسم سے ہون پرخاش جو
سر شام تک وان رہی کارزار ۔ ہوئی جنگ موقوف انجام کار
تہمتن نے بھیجا فرامرز کو ۔ شتابی سو خسرو نام جو
در قلعہ پر آن کر بعد ازان ۔ ہوا نعرہ زن رستم پہلوان
ہوئی بارش تیر وان حد گر ۔ نہ اک تیر ہرگز ہوا کارگر
ہوے کھینچکر تیغ پھر رزمساز ۔ غرض شام تک ہر دو گردن فراز
گیا جب سوے کوہ مہر منیر ۔ ہوے تب یلان جا کے آرام گیر
ہوئی دور سے ایک گرد آشکار ۔ ہوا یہ پدیدار انجام کار
کہ مین پیلسم سے کرون کارزار ۔ تو جا سوے سالار توران دیار
ہوے گرم کین رستم و پیلسم ۔ بسان ہزبران جنگی بہم
ہوے رستم و زال پھر بعد ازان ۔ سو لشکر شاہ توران روان
دیے برزو و رستم و زال زر ۔ جدھر حملہ کرتے تھے جون شیر نر
یہ ہنگام فرصت جو آیا نظر ۔ تو پھر قلعہ سے وہ زن حیلہ گر
پھر اتنے مین کیخسرو نامور ۔ سپہ لیکے پہونچا بصد کر و فر
سواران ایران نے وان آن کر ۔ لیے گھیر ترکان دہان سر بسر
ہوا بیدل اسوقت افراسیاب ۔ کہ ترکون کو پیکار کی تھی نہ تاب
کئی بار کھائی ہی تونے شکست ۔ نہین پیش جاتا ہی کچھ زور دست
سرایندہ زن نے تجھے جو کہا ۔ وہ افسوس تو نے پذیرا کیا
سپہدار نے سن کے پاسخ دیا ۔ کہ ہونا تھا جو کچھ ہوا چارہ کیا
لگا کہنے پیران سے یون شہریار ۔ کہ اے مرد دانشور و ہوشیار
یہ کہہ کر روان کر کے گھوڑا شتاب ۔ ہوا نعرہ زن شاہ افراسیاب
مناسب ہے میدان مین آوے اگر ۔ سپہدار کیخسرو و نامور
یہ سن کر وہ شاہنشہ نامدار ۔ اتر فیل سے اسپ پر ہو سوار

ہوا پر غضب اور اک شخص کو ۔ کہ تھا جا کر زال فرخندہ خو
گیا اور گھوڑون کو پہچان کر ۔ حقیقت کہی اُسنے جب آن کر
گریزان ہوئی وانسے وہ حیلہ گر ۔ گئی قلعہ مین بادل پر خطر
مقابل ہوا زال کے پیلسم ۔ لگے چلنے گرز گران دم بدم
کہ پہونچا دے رستم کو جلدی خبر ۔ وہین پھر فرامرز پہونچا اُدھر
دلیرانہ دو گرد وہین ہم نبرد ۔ یہ سن کر گیا وہین وہ شیر مرد
لگے کرنے پھر دو وہین باہم نبرد ۔ فرامرز اور پیلسم ہر دو مرد
سحر برزو و رستم پہلوان ۔ شتابان ہو زابل سے پہونچے وہان
شتابان ہوا وہ یل نامور ۔ کہ پہونچا دے جا کر یہ سبکو خبر
کہ اے پیلسم آکے ہو گرم جنگ ۔ وہ پہونچا وہین لیکے گرز و خدنگ
ہوئی نیزہ بازی بہم بعد ازان ۔ لگی چلنے پھر ضرب گرز گران
رہے گرم پیکار مانند شیر ۔ نہ آیا ولے اسپ سے کوئی زیر
سحر پیلسم سے ہوا ہم نبرد ۔ دلیر و جوان برزو شیر مرد
کہ آیا سپہ لے کے افراسیاب ۔ تہمتن یہ برزو سے بولا شتاب
پے جنگ برزو گیا پھر شتاب ۔ سو لشکر شاہ افراسیاب
تہمتن کے بس ہاتھ سے بیدرنگ ۔ ہوا پیلسم کشتہ ہنگام جنگ
تو اگر دانکے سواران ترک ۔ لگے ڈالنے تیر گردان ترک
تو ملتے تھے صد ہا تہ خون و خاک ۔ بہت ترک ہوتے تھے اُسدم ہلاک
گریزان ہو لشکر مین داخل ہوئی ۔ رہائی اُسے غم سے حاصل ہوئی
جب آیا جہاندار فرخ نہاد ۔ ہوے برزو و رستم و زال شاد
برسنے لگے ہر طرف سے خدنگ ۔ سواران ترکان ہوے سخت تنگ
درشتی سے پیران ویسہ وہین ۔ یہ بولا کہ اے شاہ توران زمین
ترا ملک برباد یکسر ہوا ۔ نہ میرا سخن کچھ موثر ہوا
کیا جان کو اپنی برباد ہاے ۔ ہوئی عقل برگشتہ کم دست و پاے
وہ بولا نہین ہم کو تاب ستیز ۔ مگر کیجیے ان سے جنگ گریز
کہانتک مین جنگ گریزان کرون ۔ یہ بہتر ہی میدان مین جان اپنی دون
کہ ضائع ہو کس واسطے اب سپاہ ۔ کرین خلق کو کس لیے ہم تباہ
مرے ساتھ ہو آن کے رزم خواہ ۔ خدا فتح دے جسکو ہو بادشاہ
شتابان ہوا سوے افراسیاب ۔ دیے نامداران نے آکر شتاب

کہ مجھسے کرو یا کہ شیدا سے رزم
جو مین اُسکو رخصت نکرتا ...
دلیران یہ بولے کہ افراسیاب
لکھا نامہ مکر تا بیدار ...
کہ اک نامور نامدارون سے گر
تبہ ہووین یکدست ایرانیان
کہا پھر یہ رستم نے لے تاجور
کہا شہ نے شیدکو ... دگر
وہ بولا کہ ہی دل مین یہ آرزو
یہ گفتار سنکر ہوا شاد کام
لکھا یون کہ اب اے شہ کینہ جو
جہان آفرین گر مرا یار ہی
تو ہی مثل ... شیر ... گردن
تیرے شیدا نے ... ہی
ہوا پاسخ نامہ طیار جب
ولیکن یہ شیدا سے کہنا ...
وہین قارن گرد آیا وہان
کہا سنکے شیدا نے اے ہوشیار
مرے ساتھ اگر تو کیجیو نبرد
سحرگاہ شیدا اولا ور سوار
لگا کہنے یون شیدۂ نامدار
کیا زور ہر چند شیدا نے بہت
کیا چاک خنجر سے اُسکا جگر
کرو پاک تم لیکے مشک و گلاب
جہاندار کا نامہ اُسکو دیا
سپہدار نے جب سنی یہ خبر
نہ ہرگز لکھا نامے کا کچھ جواب
سو شاہ ایران پھر افراسیاب
بہت جلد ... نے کیا

نہ لیکن ... کو ... عزم
تو کرتا روان مجھپہ ...
ضروری ہے اب شاہ گردون جناب
تو غیرت سے شیدا سے ہو گرم جنگ
ہوا کم تو یہ گز نہیں کچھ خطر
قیامت ہو پھر ایک ... وہان
سحرگاہ شیدا اور رخصت تو کر
کہ ... رخصت لیا تجھکو ... نامور
کہا اے شاہ تو مجھ سے ...
کیا شیدہ ... جہان ... مقام
... نہیں درجہ گفتگو
اور اقبال و دولت مددگار ...
تو ... ہو ... تیر ...
نہیں مین ... امر ...
کہا شاہ نے گرد قارن سے تب
کہ اب باپ نے تیرے لے ... شعور
کہا تھا جو شہ نے کیا وہ بیان
تو کل جائیو دیکھکر کارزار
مددکو نہ پہونچے کوئی اور مرد
جو میدان مین آیا پئے کارزار
مجھے میل کشتی ہی اے شہریار
نہ ہرگز ہلا خسرو نامور
ہوا غرق خون شیدۂ نامور
مرتب کرو مقبرہ بھی شتاب
زبانی یہ احوال ظاہر کیا
کہ کشتہ ہوا شیدۂ نامور
کیا گرد قارن کو رخصت شتاب
روانہ ہوا لیکے لشکر شتاب
کہ دارا ... اکیت شیدا کا تھا

غرض سرخ شیدا کی تھین تیرہ چشم
یہ خسرو نے کہا ارادہ کیا
نہین مکر سے خالی اُسکا سخن
اگر شیدا امید ... بلاک
مبادا جو خسرو کو پہونچے گزند
نہ ز نہار تو مثل آتش ہو تیز
عقب اُسکے نامے کا لکھکر جواب
کہا تو نے جو کچھ سو اُسکا جواب
کہا ... نے اچھا تو رہ آج یان
سپہدار توران کے پیغام کا
تو دیتا ہی جو گنج توران دیار
تو اورنگ و دیہیم و اقلیم زر
خدا کی قسم مین تجھے بیدرنگ
... مین ہون اور تیغ
کہ شیدا سے ... کسی شخص کو
نہ بھیجا تجھے یان برائے پیام
سحر دیکھنا تو تماشا ذرا
یہ پہونچا تو خسرو کو میرا پیام
لگا کہنے قارن کہ ہنگام جنگ
تو کیخسرو نامور بھی وہان
اُتر اسپ سے پھر وہ دونون دلیر
جہاندار نے اُسکو از روئے کین
کیا حکم خسرو نے یہ بعد ازان
روان ہوکے پھر قارن نامدار
گئے دو وہین شیدا کے ہمراہیان
جہان سے ہوا ایک عالم ناامید
کیا دل مین ہرگز نہ صبر و قرار
ستیزندہ لشکر سے لشکر ہوا
... ترک خونخوار ...

نمایان تھا چہرے سے آثار خشم
کہ ہو ساتھ شیدا کے جنگ آزما
جفا پیشہ ہی مثل چرخ کہن
تو اُسکی بلا سے نہیں اُسکو باک
خرابی ہو پھر زیر چرخ بلند
مگر ساتھ شیدا کے ہرگز ستیز
دوان پیچھے ہوئے افراسیاب
عقب تیرے لاتا ہی قارن شتاب
کرون تجھسے پیکار کل ای جوان
شہنشہ نے پاسخ مہیا کیا
نہین چاہیے کچھ مجھے زینہار
جو رکھتا ہی تو میرا ہی سر بسر
کرون کشتہ میدان مین ہنگام جنگ
کرون ساتھ اُسکے مین تنہا ستیز
سو شاہ توران شتابان تو ہو
یہ چاہا کہ ہو کام تیرا تمام
کہ تن ہو کہین اور کہین سر ترا
کہ وقت سحر اے شہ ذوالکرام
کمک سے شہنشہ کو ہی عار و ننگ
گیا سامنے مثل شیر ژیان
بہم گرم کشتی ہوے مثل شیر
... گردن ...
کہ شیدا کا سب تن ...
گیا پیش سالار توران دیار
کیا ماجرا جنگ کا سب بیان
سعادت نظر سے ہوئی ناپدید
کمر چست باندھی پئے کارزار
نمایان وہان روز محشر ہوا
نہ ہرگز کہا ... کچھ خطر

کیا شاہ توران نے پھر عزم جزم
کہ خسرو سے کیجیے دلیرانہ رزم

بہت گنج رکھتا تھا افراسیاب
فراہم کیا لشکر بیحساب

جوانمرد شیدا کہ تھا پور شاہ
اسے شاہ توران نے دی کر سپاہ

روانہ کیا سوے خسرو شتاب
عقب اسکے پھر آپ افراسیاب

شتابان ہوا لے کے یکصد ہزار
سواران شائستۂ کارزار

شہنشاہ نے جب سنی یہ خبر
سپاہ گران تب روان کی ادھر

خردمند شہزادہ لہراسپ تھا
اسے شہ نے سالار لشکر کیا

شتابان ہوا آپ بھی بعد ازان
لیے جنگ سالار تورانیان

تہمتن بھی زابل سے پہونچا وہین
ہوا شادمان خسرو پاک دین

لگا کہنے گرد فرخ خصال
سپہدار لہراسپ ہے خردسال

اتالیق ہو جا کے اسکا تو اب
خبردار رہ اس سے ہر روز و شب

دو لشکر مین جب فاصلہ کم رہا
تو یہ شاہ توران نے نامہ لکھا

اگر تھی تو میری طرف سے خطا
ہوے قتل پیران کو ناحق کیا

نہ یہ جور تھا اسپہ ہرگز روا
کہ پیران تھا دایہ ترا خسروا

کیا پرورش اسنے تجھکو بجاے
نہ آیا تجھے رحم زنہار واے

خبردار تجھکو نہین کچھ ہراس
کہ ہے لشکر بیکران میرے پاس

دلیران مرے شیر غرندہ ہین
پلنگان و شیران کے درندہ ہین

ولیکن نہین چاہتا مین یہان
کہ ناحق ہو خونریزی مردمان

یہ بہتر ہے اب آشتی ہو بہم
کہ تا خلق آسودہ ہو یک قلم

جو باہم ہو قول و قسم استوار
کہ پیمان شکستہ نہو زینہار

تو اقلیم توران سے جو سرزمین
جو چاہے تجھے دون مین بے رنج و کین

زر و گنج و دیہیم و اورنگ و زر
ترے واسطے بھیجون اپنے [illegible]

دلیران و گردان توران دیار
کرین چاکری تیری لیل و نہار

سوا اس کے دائم مرا ایک پور
رہے تیری خدمت مین با صد سرور

رہے میرے قالب مین جان جبتلک
نہین عہد سے میں پھرونگا تبتلک

اگر صلح تجھکو نہ منظور ہو
تو ہو مجھ سے تنہا تو پیکار جو

کرے کشتہ میدان مین تو گر مجھے
تو اقلیم توران مبارک تجھے

مرے پور رہوان تیرے محکوم سب
وغا ہی اگر ہے تری ہر روز و شب

جو روز وغا مین نے مارا تجھے
تو جان آفرین کی قسم ہے تجھے

کہ لہراسپ کو شاہ ایران کرون
[illegible]

مری جنگ سے گر تجھے ہو حذر
کہ رکھتا ہون مین تخت و زر [illegible]

تو میرے پسر سے کہ شیدا ہے نام
ستیزندہ ہووے شہ ذو الکرام

اگر شیدا کشتہ ہو ہنگام جنگ
تو گوشہ نشین ہو نہین پھر درنگ

در زر و گوہر و تخت و تاج و کلاہ
[illegible] گنج و ملک و سپاہ

یہ ہے جس قدر تجھکو بکدست دین
نہ پھر مین سر دکار ہرگز رکھون

ہوا نامہ شاہ تیار جب
کہا شاہ توران نے شیدا سے تب

کہ لیجا تو اب پیش خسرو شتاب
دلیرانہ کیجو سوال و جواب

یہ کی عرض شیدا نے اے نامدار
[illegible] ہو نہین تجھپر نثار

جو قابو ملا کچھ یہ نیرو سے بخت
تو خسرو کو [illegible] مین بالاے تخت

کرون قتل مین کھینچکر تیغ کین
کرین کشتہ گو مجھکو مردم وہین

یہ سنکر ہوا شاد افراسیاب
دیا نامہ شیدا کو اسنے شتاب

وہ لیکر روانہ ہوا اس ادھر
شہ نامور کو یہ پہونچی خبر

ہوا خندہ زن خسرو نامدار
بجا لاکے پھر شکر پروردگار

یہ بولا سپہدار افراسیاب
نہ لایا ستیزی کی زنہار تاب

ہوا صلح جو ہو کے عاجز کمال
ولیکن ہے مکار و بدخصال

وغا سکے سینے مین لب پہ چین
مرے دل مین ہے دردہاے کہن

کرون جبتلک مین نہ اسکو ہلاک
نہ کین سیاوش ہو سینہ سے پاک

غرض پور سالار توران دیا
جب آیا حضور شہ نامدار

تو لایا بجا داب رسم دیار
بٹھایا اسے شہ نے با اعتبار

دلیرانہ شیدا نے کھولی زبان
پیام پدر روان کیا سب بیان

سنی جبکہ گفتار شیدا تمام
لگا کہنے تب خسرو ذو الکرام

کہ مین آخر روز دونگا جواب
یہ کہکر کیا اسکو رخصت شتاب

مکان اک بتایا براے فرود
گیا شیدا پھر سوے جاے فرود

کیا نامداران کو شہ نے طلب
لگا کہنے انسے یہ خسرو کہ اب

ہوا مہربان مجھ پہ دشمن مرا
زر و مال و گوہر کرے ہے عطا

وے انکی اس مہربانی پہ خاک
کہ ہرگز نہین سینہ کینے سے پاک

وہ بے رحم مطلق ہے خونخوار ہے
ستمگار ہے مردم آزار ہے

اسے خواہش صلح تنہا نہین
یہ بھیجا پیام اسنے از روے کین

رہا آ کے بالائے کوہ بلند
رہے کچھ نہ تیرا نشان دہر مین
ذرا کر حقیقت تو اپنی بیان
شتابان ہوا ہوم فرخندہ خو
پذیرا نہ اُس نے کیا یہ سخن
سر افراسیاب جفا پیشہ کا
کیا کشتۂ خنجر آبدار
جو تسخیر سب ملک توران کیا
عمل اپنا کر شوکت و شان سے
جہاندار کاؤس کشور کشا
کہا یون بامداد لطف کریم

کہ تا مجھکو پہونچے نہ تجھسے گزند
کہ تا جلد کے آباد ہون شہر مین
کہ کیونکر بتہ ہو کے آیا یہان
سو تا جور لے کے بدخواہ کو
کشان لیگیا پیش شاہ زمن
کیا تیغ بران سے سر جدا
ادا پھر کیا شکر پروردگار
تو خسرو نے پھر قصد ایران کیا
جو اندیش ہوا یہ دور توران سے
زر و سے مسرت گیا پیشوا
میسر ہوئی ہمکو فتح عظیم

دعائین مین کرتا تھا ہر مسجدم
جو چاہا تھا مجھکو خدا نے دیا
بیان ماجرا اُسنے یکسر کیا
وہ بولا کہ تو مجھکو یان قتل کر
ہوا شاد کیخسرو دارجمند
ستمگار کر شیوۂ کینہ ور
کہ تیری عنایت سے اے ذوالکرام
ہوا حکم یون رستم گرد کو
لفتح و ظفر پھر شہ پاک دین
خوشی سے بغلگیر باہم ہوے
مخالف سے خون سیاوش لیا

کہ برباد ہو تیرا جاہ و حشم
تجھے اب گرفتار میرا کیا
نشان خسرو نامور کا دیا
نہ لیجا حضور شہ نامور
کیا لطف سے ہوم کو سربلند
کہ تھا قید مین اُسکو بھی زود تر
لیا بدلہ گالو نے اب انتقام
کہ توران مین تو اے یل نامور
ہوا رونق افزا سے توران زمین
برنگ گل تازہ خرم ہوے
ہوئی جمع خاطر بفضل خدا

رحلت نمودن کیکاؤس از جہان فانی بملک جاودانی و بر تخت نشستن کیخسرو

جہان مین بجز ذات پروردگار
جہاندار کاؤس انجم حشم
سر تخت شاہنشہی بعد ازان
ہوا ہفت اقلیم پر حکمران
ندی ہاتھ سے شاہ نے زینہار
پس از مرگ کاؤس تا ہفت سال
امور خلافت سے رکھا نہ کام
بزرگان ایران گئے پیش شاہ
کرو حق پرستی مین شب کو بسر
یہ ہے آرزو میری شام و سحر
دلیران و گردان و ایران زمین
یہ سنکر وہ ایران مین آئے عیان
خدا جانے خسرو کو اب کیا ہوا
نہین اُس مکان مین نہین بار کو
شتابان تھے سے شاہ جہان
یہ پوچھا کہ کس طرح آئے یہان

نہین ہے کسی کو بقا زینہار
شتابان ہوا سوے ملک عدم
ہوا مثل خورشید جلوہ کنان
ہوا اُسکی بخشش سے خرم جہان
رکھا عدل سے کام لیل و نہار
رہا حکمران شاہ فرخندہ سال
کیا اہل کاروان کو مالک تمام
یہ بولے کہ اے خسرو دین پناہ
کرو کار دنیا بوقت سحر
کہ دار فنا سے کرون مین سفر
ہوے سنکے دلگیر ماندہ حزین
گئے پیشوا جملہ نام آوران
کہ اورنگ شاہی سے تنہا ہوا
نہین اُس کو ہمسے سروکار ہے
کیا آ کے بیرون پردہ فغان
وہ بولے کہ اے خسرو شاہ جہان

اگر ہووے یا بادشاہ و وزیر
چہل روز کیخسرو نامدار
کیا تازہ اورنگ پر جب جلوس
رعیت نوازی جہان پروری
میسر ہوئی خلق کو ایمنی
عبادت پہ مصروف پھر دل ہوا
ہوا جبکہ تنہا شہ نامدار
نہ یکبار ہو تخت شاہی سے دور
لگا کہنے خسرو ہوا اب مین سیر
کرون سلطنت کا مین کیا کاروبار
طلب رستم و زال و زر کو کیا
بیان نامدارون نے پھر یون کیا
مقرر کیا ہے جدا اک مکان
رہے ہے حقیقت سے آگاہ جب
شہنشہ نے آواز سنکر شتاب
تری سنکے غفلت ہوا ہمکو غم

کسی کو نہین ہے قضا سے گریز
رہا غم سے کاؤس کے سوگوار
تو حاصل کیا ملک نے با نجور
حقائق شناسی کرم گستری
ہوے شہ کی دولت سے مردم غنی
سو سے حق پرستی وہ مائل ہوا
عبادت مین مشغول لیل و نہار
کیا چاہیے سلطنت کے امور
نہین کچھ تعلق سے تاج و سریر
کہ مائل نہین دل برنگ ہما
مفصل یہ احوال اُنکو لکھا
کہ اے پہلوانان کشور کشا
شب و روز رہتا ہے خسرو دوبار
ہوا رستم و زال کو رنج تب
کیا اُس مکان مین نہفتن بابا
وہان آ کے ہم یا دل پُرالم

ہوا بحر خون عرصۂ رزمگاہ ۔ ہوا لشکر ترک آخر تباہ
نہ میدان مین اک گرد توران بچا ۔ جریدہ سپہدار توران رہا
یہ چاہا کہ دیکھے دلیرا نہ جان ۔ بزور اسکی مردم نے موئی طغان
گیا آخر کار افراسیاب ۔ سو ریگ آمو بحال خراب
مظفر ہوا خسرو نامجو ۔ لکھا مژدۂ فتح کاؤس کو

گرفتار آوردن شہزادہ ہوم افراسیاب را بپیش کیخسرو و کشتہ شدن افراسیاب و مراجعت کیخسرو از توران با ایران +

گیا ریگ آمو سے افراسیاب ۔ گریزان سو کشور چین شتاب
وہان یہ بھی خسرو تعاقب کنان ۔ شتابی سے پہونچا بفوج گران
بصد عجز خاقان نے بھیجا وہین ۔ زر و گوہر و گنج و تاج و نگین
فرستادہ یہ پیشکش لے کے جب ۔ گیا پیش خسرو بفرط طرب
کہا تب یہ خسرو نے خاقان اگر ۔ کرے شاہ تورانکو چین سے بدر
تو بہتر ہے ورنہ وہ ہوگا تباہ ۔ رہیگا نہ ملک و سریر و کلاہ
فرستادہ پھر پیش خاقان گیا ۔ پیام شہنشہ مفصل کہا
یہ گفتار سنکر ہوا پر خطر ۔ کیا شاہ توران کو وہین بدر
گیا چین سے پھر سوے مکران زمین ۔ عقب اُسکے پہونچا شہ پاکدین
وہانسے بھی لی راہ دست فرار ۔ کہ تاب اقامت نہ تھی زینہار
جہان جاے تھا شاہ افراسیاب ۔ پہونچتا تھا وان خسرو کامیاب
پناہ کہین اُسنے جاے قرار ۔ کہ تھا اسکو خوف شہ نامدار
تلف فوج ترکان ہوئی سر بسر ۔ گرفتار آئے بہت نامور
نہ ملکین رہا شاہ تورانکے پاس ۔ نہ ہمدم تھا کوئی بجز بیم و یاس
لگا پھرنے تنہا بصد اضطراب ۔ پریشان و تنہا و بیخور و خواب
سو شہر بردع کوئی غار تھا ۔ کہ تاریک مثل شب تار تھا
رہا جا کے وان شاہ برگشتہ بخت ۔ نہ لشکر نہ کشور نہ افسر نہ تخت
ستم سے زمانے کے ناشاد تھا ۔ شب و روز سرگرم فریاد تھا
فریدون کی تھا نسل سے اک عزیز ۔ ملک زادہ ہوم صاحب تمیز
سر دامن کوہ نزدیک غار ۔ اقامت گزین تھا وہ لیل و نہار
سنی شکو آواز افراسیاب ۔ اُتر کوہ سے ہوم آیا شتاب
[illegible] سے کرآتی تھی ہر دم صدا ۔ اُدھر کو دیے کان سُننے لگا
سنا یہ کہ گوئی ہے ترکی زبان ۔ یہ کہتا ہے با چشم تر ہر زمان
کہ اے شاہ توران [illegible] ۔ کہان ہے ترا تخت و تاج و نگین
کہان وہ دلیری وہ جاہ و حشم ۔ فلک نے کیا تجھپہ جور و ستم
کہ تنہا بیابان مین آیا تو آہ ۔ سو غار تاریک لایا پناہ
یقین اُسنے جانا کہ افراسیاب ۔ کرے ہے فغان با دو چشم پر آب
یہ تھا اُسکی بیداد سے دردمند ۔ کہ پہونچا تھا کچھ اُسکو اُس سے گزند
پے انتقام اُسنے باندھی کمر ۔ کیا صبر تا صبح ہو جلوہ گر
ہوئی صبح تابندہ جب آشکار ۔ تو آیا وہین ہوم نزدیک غار
پکارا کہ اے شاہ افراسیاب ۔ دعا تیری یکسر ہوئی مستجاب
خدا نے ترے پاس بھیجا مجھے ۔ کہ بر لاؤن مقصد کرون خوش تجھے
تو آ غار تاریک سے باہر اب ۔ یہ سنکر وہ نکلا بفرط طرب
اُسے ہوم نے خوب پہچان کر ۔ لگایا بزور ایک مشت آنکر
ہوا وہ سراسیمہ و پر الم ۔ لگی ہونے کشتی وہان پھر بہم
کیا شاہ توران نے گو تدرخت ۔ وسلے تھا گرفتار تیرہ بخت
نہ ہرگز گیا پیش کچھ زور دست ۔ کیا چرخ پر زور نے ہاے پست
اُٹھا ہوم نے اُسکو پٹکا وہین ۔ کیا پھر گرفتار از روے کین
زمانے کا ہرگز نہین اعتبار ۔ کسی کا نہین چرخ گردندہ یار
کرے نامدارونکو دم مین تباہ ۔ کرے سربلندونکو یون پست آ[illegible]
تضرع کنان ہوکے بولا وہ یون ۔ مرے دست و بازو کیے بستہ یون
بھلا مجھسے کیا تجھکو پہونچا ضرر ۔ کہا ہوم نے تو ہے بیداد [illegible]
جہاندار نوذر بہشت نامدار ۔ سیاوش سپہدار عالی وقار
جوانمرد اغریرث پہلوان ۔ سوا اُسکے تھے اور شہزادگا[illegible]
مرے سب بزرگان فرخ نہاد ۔ کہ تھے نامدار و فریدون نہاد
اُنھین قتل تونے کیا بیگناہ ۔ نہ آیا تجھے رحم زنہار آ[illegible]
ترے جور سے مین گریزان ہوا ۔ سو کوہ و صحرا شتابان ہوا
وگرنہ مجھے بھی تو کرتا ہلاک ۔ کہ ہرگز خدا کا نہ تھا تجھکو با[illegible]

ہوا جبکہ گشتاسپ سالار فوج / ہوے تابع حکم سردار فوج
نہ محکوم تنہا تھی اُسکی سپاہ / شہِ روم سمجھے تھا پشت پناہ
لکھا پھر یہ نامہ شہِ خزر کو / کہ اب خزر سے دست بردار ہو
مہیا تو کر ورنہ سامان جنگ / جو منظور خاطر ہو کر بیدرنگ
شہِ کشور خزر الیاس شاہ / کہ رکھتا تھا ساتھ اپنے جنگی سپاہ
حقیقت یہ سنکے ہوا خشمگین / کیا قصد پیکار از رہِ کین
سپہ لیکے آیا سوے ملک روم / سپہ وہ کہ فولاد ہو جس سے موم
ادھر سے بھی گشتاسپ لیکر سپاہ / بفرمان قیصر ہوا کینہ خواہ
سوے لشکر خزر آیا دوان / ہوے گرم پیکار جنگ آوران
سر و پہلو و سینہ تھا وقت جنگ / نثار عمود و سنان و خدنگ
ہوا گشت و خون دشمنین بقدر / کہ صحرا ہوا بحر خون سر بسر
سپہدار گشتاسپ مرد دلیر / دوان کرکے گھوڑیکو مانند شیر
پکارا یہ میدان مین آنکر / کہ الیاس رکھتا ہی ہمت اگر
تو ہو ساتھ میرے یہان گرم جنگ / نہ ہرگز کرے جنگ مین کچھ درنگ
دلیرانہ الیاس آیا وہین / ہوا ساتھ گشتاسپ کے گرم کین
جو گشتاسپ نے نیزکو زور سے / کمر مین کیا بند الیاس کے
تو الیاس ہرگز نہ قائم رہا / زمین پر گرا زین سے ہوکر جدا
گرفتار کرکے وہ جنگی جوان / اُسے لیگیا پیش قیصر کشان
ہوا قید میدان مین الیاس جب / گریزان ہوا لشکر خزر تب
گیا خزر تک پھر تعاقب کنان / شہِ روم با شوکت و فر و شان
غرض ملک تسخیر یکسر کیا / بہت گنج قیصر نے وانسے لیا
پھرا خزر سے پھر بفتح و ظفر / سوے روم آیا بصد کر و فر
وہان آکے از رہِ لطف و عطا / زیادہ کیا رتبہ گشتاسپ کا
کیا ملک مختار یکسر امور / جوانمرد کو با نشاط و سرور
سپہدار گشتاسپ نے ایک روز / کہا شاہ سے اے شہِ نیک روز
تک و تاز اب سوے ایران کرو / نبرد آزما شاہ ایران سے ہو
یہ سنکر دیے مین پیش سلطان روم / لگے کہنے یون نامداران روم
کہ لہراسپ ہے بادشاہ عظیم / وہ رکھتا ہی گنج و سپاہ عظیم
نہین خوب لہراسپ کے ساتھ رزم / مناسب نہین ملک ایران کا عزم
جوانِ دلاور ہوا خشمگین / شہِ روم سے پھر یہ بولا وہین
کہ ہی شاہ لہراسپ میرا پدر / عیان اُسکا احوال ہی سر بسر
مرے جنگ کی تاب اُسکو نہین / کہان ہی یہ طاقت جو ہو گرم کین
دلیران ایران کو یارا کہان / کہ ہون ساتھ میرے ستیزہ کنان
ہراسان ہین گر روم کے نامدار / تو ارشاد ہو مجھکو اے شہریار
کہ تسخیر ایران مین جاکر کرون / تجھے صاحبِ تخت و افسر کرون
کہا جبکہ گشتاسپ نے یہ سخن / تو شادان ہوا سرور انجمن
سوے شاہ لہراسپ نامہ لکھا / یہ مضمون رقم اُسمین شہ نے کیا
کہ ہی ساتھ تیرے مجھے عزم جنگ / نہین جنگجوئی مین ہرگز درنگ
اگر نصف ایران و تاج و کلاہ / مجھے دے تو ہو صلح اے بادشاہ
کرون ورنہ ایران کو یکسر خراب / تو ہووے گرفتار رنج و عذاب
ہوا لیکے قابوس نامہ روان / گیا جبکہ وہ پیش شاہ جہان
بجالاکے آداب نامہ دیا / ہنسا پڑھکے لہراسپ کشور کشا
یہ کہنے لگا پھر شہِ نامجو / کہ تسخیر کرکے فقط خزر کو
ہوا قیصر روم مست و غرور / ہوا فہم و دانش سے یکبار دور
کہا یون فرستادہ سے بعد ازان / حقیقت ذرا جنگ کی کر بیان
کہ الیاس کا ملک کیونکر لیا / اُسے قید قیصر نے کیونکر کیا
یہ سنکر کیا نامہ بر نے بیان / کہ قیصر کا داماد ہی اک جوان
دلیر و تنومند گشتاسپ نام / بنا ہاتھ سے اُسکے پہلے یہ کام
کہ بیشے مین اک گرگ خونخوار تھا / اور اک کوہ پر تھا وہان اژدہا
دلیرانہ دونون کو بیخوف و باک / کیا اُس دلاور نے جاکر ہلاک
پھر الیاس خزری کو ہنگام جنگ / اُٹھا زین سے لایا جوان بیدرنگ
یہ پوچھا جہاندار نے پھر کہ ہان / یہ بیٹھے ہین جتنے یلان جوان
تماشا یہ ہی کہ کے وہ جنگ آزما / کہ جسنے یہ کار نمایان کیا
نظر کر گئے اُسنے بسوے زریر / کہا اُسکے ہمشکل ہی وہ دلیر
یہ جاتا جہاندار لہراسپ نے / کہ برپا کیا فتنہ گشتاسپ نے
شہِ روم کو نامے کا پھر جواب / لکھا یون کہ اے شاہ [illegible]
ہو کر اتنا اک پہلوان پر غرور / کہ یہ بات ہی عقل و دانش سے دور
ہزارون ہین یان گرد شمشیر زن / نبرد آزمایان لشکر شکن



کہ تھی شرط جو کچھ ہوئی وہ ادا
غرض ہمرہ اہرن تا مجو
کہ ہی قاتل گرگ و مار سیاہ
کہ گشتاسپ داماد تیرا کلان
غرض اُس دلاور نے بیخوف و باک
یہ سنکر شہ روم کہنے لگا
نہون جسکے جنگل سے گا ہے رہا
سپہدار سالار لشکر کیا

شتابی سے کر تو بھی وعدہ وفا
کیا کتخدا دختر خسرو کو
ملکزادہ گشتاسپ با عز و جاہ
شجاع و دلاور بہادر جوان
کیا گرگ اور اژدہے کو ہلاک
مجھے روز اول یہ معلوم تھا
پلنگان و شیران و گرگ اژدہا

بیان کی یہ گفتار اہرن نے جب
کتابون کی اُستاد تھی ایک زن
گئی وہ کتابون کی مان کے حضور
جو موبن واہرن کا یا ور ہوا
کتابونکی مان نے یہ قصہ تمام
کہ زیر سپہر برین جز کیان
کیا شہ نے گشتاسپ کو پھر طلب

ہوا قیصر روم ناچار تب
یہ اُس سے لگی کہنے وہ سیمتن
لگی کہنے یون با فراوان سرور
تو پھر مدعا اُنکا یکسر ہوا
کیا عرض پیش شہ ذوالکرام
نہین کوئی ہرگز دلاور جوان
بصد جاہ و شوکت زر و طرب
فزون مرتبہ پایۂ برتر کیا

جنگ کردن گشتاسپ با الیاس

والی خرز و گرفتار کردہ آوردن الیاس را از میدان پیش قیصر روم

بٹھایا پھر اسفندیار اُس مین لا ۔ کہ جس سے وہ ردئین بہن ہو گیا ۔ دہی گرد ردئین تن اسفندیار ۔ ہین پور شاہنشہ نامدار

بہت زورمند و جوانمرد تھا ۔ جہان مین بہ مردانگی فرد تھا ۔ یہ لکھتا ہے فردوسی نامدار ۔ کہے مین نے اشعار اسّی ہزار

ہوا ختم رستم کا احوال رزم ۔ بس اب دل کو ہے رزم دیگر کا عزم ۔ لکھون جنگ اسفندیار جوان ۔ کردن کارنامہ جوان کا بیان



